# حال احوال

تاریخ وار ملکی اور غیر ملکی زرعی خبریں، جنوری تا اپریل 2015

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی

روٹس فار ایکوٹی

2015

# حال احوال

تاریخ وار ملکی اور غیر ملکی زرعی خبریں، جنوری تا اپریل 2015

تحریر و ترتیب
صبیحہ حسن

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی

2015

# فہرست مضامین


| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مخففات | viii |
| ابتدائیہ | xii |
| الف۔ملکی زرعی خبریں | 1-119 |
| I۔ زرعی مواد | 1-34 |
| زمین | 1 |
| پانی | 14 |
| بیج | 28 |
| کسان مزدور | 31 |
| II۔ زرعی مداخل | 35-43 |
| قدرتی اور صنعتی زراعت | 35 |
| کھاد | 36 |
| زرعی مشینری | 38 |
| زرتلافی | 38 |
| زرعی قرضے | 39 |
| زرعی تحقیق | 41 |
| زرعی ٹیکس | 43 |
| III۔ غربت اور غذائی تحفظ | 44-49 |
| غربت | 44 |
| غذائی تحفظ | 47 |
| IV۔ غذائی اور نقدآور فصلیں | 49-63 |

| | |
|---|---|
| غذائی فصلیں | 50 |
| نقدآور فصلیں | 61 |
| V۔ تجارت | 64-78 |
| برآمدات | 64 |
| درآمدات | 72 |
| VI۔ کارپوریٹ شعبہ | 78-83 |
| غذائی کمپنیاں | 78 |
| کھاد کمپنیاں | 81 |
| VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور مرغبانی | 83-86 |
| مال مویشی | 83 |
| ماہی گیری | 85 |
| مرغبانی | 86 |
| VIII۔ ماحول | 87-97 |
| زمین | 87 |
| پانی | 93 |
| فضا | 96 |
| IX۔ موسمی تبدیلی | 97-98 |
| عالمی حدت | 97 |
| X۔ قدرتی بحران | 98-101 |
| سیلاب | 98 |
| خشک سالی | 99 |
| طوفان | 101 |
| زلزلہ | 101 |

| | |
|---|---|
| XI۔ مزاحمت | 101-109 |
| بیج ترمیمی بل | 101 |
| زمین | 102 |
| XII۔ بیرونی امداد | 109-119 |
| اقوام متحدہ | 109 |
| عالمی بینک | 110 |
| ایشیائی ترقیاتی بینک | 114 |
| امریکی امداد | 114 |
| یورپی یونین | 117 |
| جرمن امداد | 117 |
| اطالوی امداد | 117 |
| جاپانی امداد | 118 |
| چینی امداد | 118 |
| اسٹریا کی امداد | 118 |
| کویتی امداد | 119 |
| ب۔ عالمی زرعی خبریں | 120-145 |
| I۔ زرعی مواد | 120-122 |
| زمین | 120 |
| پانی | 121 |
| II۔ زرعی مداخل | 122-124 |
| قدرتی اور صنعتی طریقہ زراعت | 122 |
| زرعی ادویات | 123 |
| III۔ غربت اور غذائی تحفظ | 124-128 |

| | |
|---|---|
| غربت | 124 |
| غذائی تحفظ | 127 |
| IV۔ غذائی اور نقد آور فصلیں | 128-129 |
| غذائی فصلیں | 128 |
| V۔ تجارت | 129-130 |
| برآمدات | 129 |
| درآمدات | 130 |
| ایگری بزنس | 130 |
| VI۔ کارپوریٹ شعبہ | 130-134 |
| غذائی کمپنیاں | 130 |
| VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور مرغبانی | 134-135 |
| مال مویشی | 134 |
| ماہی گیری | 134 |
| مرغبانی | 135 |
| VIII۔ ماحول | 136-140 |
| زمین | 136 |
| پانی | 137 |
| فضا | 139 |
| IX۔ موسمی تبدیلی | 140-141 |
| عالمی حدت | 140 |
| سبز معیشت | 140 |
| X۔ قدرتی بحران | 141-143 |
| زلزلہ | 141 |

| | |
|---|---|
| خشک سالی | 142 |
| برف باری | 142 |
| طوفان | 143 |
| جنگلی آگ | 143 |
| XI۔ مزاحمت | 144 |
| زمین | 144 |
| پانی پرٹیکس | 144 |
| XII۔ بیرونی امداد | 145 |
| عالمی بینک | 145 |
| یو کے ایڈ | 145 |

| | |
|---|---|
| ACAC | Agricultural Credit Advisory Committee |
| ADB | Asian Development Bank |
| AIIB | Asian Infrastructure Investment Bank |
| AKRSP | Aga Khan Rural Support Programme |
| AMP | Anjuman-e-Muzareen Punjab |
| BISA | Borlaug Institute for South Asia |
| BISP | Benazir Income Support Programme |
| BJP | Bharatiya Janata Party |
| BNP | Balochistan National Party |
| BoR | Board of Revenue |
| CAA | Civil Aviation Authority |
| CAS-FSA | Center for Advanced Studies in Food Security-Agriculture |
| CCECC | China Civil Engineering Construction Corporation |
| CCF | Chief Conservator Forests |
| CDA | Capital Development Authority |
| CDWP | Central Development Working Party |
| CITES | Convention on International Trade in Endangered Species |
| CPP | Communist Party of Pakistan |
| CSSP | Civil Society Support Programme |
| DAP | Diammonium Phosphate |
| DFID | Department for International Development |
| DHA | Defence Housing Authority |
| DPO | District Police Officer |
| DPP | Department of Plant Protection |
| EIA | Environmental Investigation Agency |
| EPA | Environmental Protection Agency |
| EPD | Environmental Protection Department |
| ERRA | Earthquake Reconstruction and Rehabilitation Authority |
| ESF | Economic Support Fund |
| EWS | Emirates Wild Life Society |
| FAO | Food and Agriculture Organization |
| FBR | Federal Board of Revenue |
| FDA | Food and Drug Agency |
| FIEDMC | Faisalabad Industrial Estate Development and Management Company |
| FMF | Foreign Military Financing |
| FPCCI | Federation of Pakistan Chambers of Commerce & Industry |

| | |
|---|---|
| FTA | Free Trade Agreement |
| GGP | Grant Assistance for Grassroots Human Security Project |
| GPA | Gwadar Port Authority |
| GRDO | Green Rural Development Organization |
| GST | General Sales Tax |
| HDA | Hyderabad Development Authority |
| HEC | Higher Education Commission |
| HRC | Halal Research Council |
| HRCP | Human Rights Commission of Pakistan |
| IARC | International Agency for Research on Cancer |
| IBA | Institute of Business Administration |
| ICAC | International Cotton Advisory Committee |
| IFC | International Finance Corporation |
| ILO | International Labour Organization |
| IRSA | Indus River System Authority |
| IUCN | International Union for Conservation of Nature |
| JPC | Justice and Peace Commission |
| KBP | Kisan Board Pakistan |
| KCA | Karachi Cotton Association |
| KCCI | Karachi Chamber of Commerce & Industry |
| KEPCO | Korea Electric Power Corporation |
| KPT | Karachi Port Trust |
| KWSB | Karachi Water and Sewerage Board |
| LBOD | Left Bank Outfall Drain |
| LCCI | Lahore Chamber of Commerce & Industry |
| LNG | Liquefied natural gas |
| LoC | Line of Control |
| MDA | Malir Development Authority |
| MMRI | Maize and Millets Research Institute |
| MNVD | Main Nara Valley Drain |
| NARC | National Agricultural Research Centre |
| NFDC | National Fertilizer Development Centre |
| NHA | National Highway Authority |
| NHK | Nestle Healthy Kids |
| NISP | National Income Support Programme |
| NTDC | National Transmission & Dispatch Company |

| | |
|---|---|
| OP | Open Pollinated |
| OPIC | Overseas Private Investment Corporation |
| PARC | Pakistan Agricultural Research Council |
| PASSCO | Pakistan Agricultural Storage and Services Corporation |
| PCGA | Pakistan Cotton Ginner's Association |
| PCSI | Pakistan Cotton Standards Institute |
| PCSIR | Pakistan Council of Scientific and Industrial Research |
| PDWP | Provincial Development Working Party |
| PEACE | Programme for Economic Advancement and Community Empowerment |
| PEEP | Punjab Enabling Environment Project |
| PFF | Pakistan Fisherfolk Forum |
| PFVA | All Pakistan Fruit and Vegetable Exporters, Importers & Merchants Association |
| PHDA | Punjab Halal Development Agency |
| PHDEC | Pakistan Horticulture Development and Export Company |
| PKI | Pakistan Kissan Ittehad |
| PLDDB | Punjab Livestock and Dairy Development Board |
| PMN | Pakistan Microfinance Network |
| PMU | Project Management Unit |
| PMYP | Prime Minister's Youth Programme |
| PPA | Pakistan Poultry Association |
| PPAF | Pakistan Poverty Alleviation Fund |
| PPAP | Pakistan Poverty Alleviation Programme |
| PQA | Port Qasim Authority |
| PSDP | Public Sector Development Programme |
| PSMA | Pakistan Sugar Mills Association |
| PSSP | Pakistan Strategy Support Program |
| PTB | Pakistan Tobacco Board |
| PTI | Pakistan Tehreek-e-Insaf |
| PVMA | Pakistan Vanaspati Manufacturers Association |
| QESCO | Quetta Electric Supply Company |
| RDF | Research and Development Foundation |
| REAP | Rice Exporters Association of Pakistan |
| R-O | Reverse Osmosis |
| RUTF | Ready-to-Use Therapeutic Foods |
| SACEP | South Asia Co-operative Environment Programme |

| | |
|---|---|
| OP | Open Pollinated |
| OPIC | Overseas Private Investment Corporation |
| PARC | Pakistan Agricultural Research Council |
| PASSCO | Pakistan Agricultural Storage and Services Corporation |
| PCGA | Pakistan Cotton Ginner’s Association |
| PCSI | Pakistan Cotton Standards Institute |
| PCSIR | Pakistan Council of Scientific and Industrial Research |
| PDWP | Provincial Development Working Party |
| PEACE | Programme for Economic Advancement and Community Empowerment |
| PEEP | Punjab Enabling Environment Project |
| PFF | Pakistan Fisherfolk Forum |
| PFVA | All Pakistan Fruit and Vegetable Exporters, Importers & Merchants Association |
| PHDA | Punjab Halal Development Agency |
| PHDEC | Pakistan Horticulture Development and Export Company |
| PKI | Pakistan Kissan Ittehad |
| PLDDB | Punjab Livestock and Dairy Development Board |
| PMN | Pakistan Microfinance Network |
| PMU | Project Management Unit |
| PMYP | Prime Minister's Youth Programme |
| PPA | Pakistan Poultry Association |
| PPAF | Pakistan Poverty Alleviation Fund |
| PPAP | Pakistan Poverty Alleviation Programme |
| PQA | Port Qasim Authority |
| PSDP | Public Sector Development Programme |
| PSMA | Pakistan Sugar Mills Association |
| PSSP | Pakistan Strategy Support Program |
| PTB | Pakistan Tobacco Board |
| PTI | Pakistan Tehreek-e-Insaf |
| PVMA | Pakistan Vanaspati Manufacturers Association |
| QESCO | Quetta Electric Supply Company |
| RDF | Research and Development Foundation |
| REAP | Rice Exporters Association of Pakistan |
| R-O | Reverse Osmosis |
| RUTF | Ready-to-Use Therapeutic Foods |
| SACEP | South Asia Co-operative Environment Programme |

# ابتدائیہ

سال 2015 کے ابتدائی چار مہینوں کی خبروں کا جائزہ لیں تو 20 اپریل کو چینی صدر جن پنگ کے دو روزہ دورہ پاکستان کے موقع پر پاکستان چین اقتصادی راہداری کے حوالے سے 51 معاہدوں اور مفاہمت کی دستاویزات پر دستخط اور آٹھ منصوبوں کا افتتاح ملک کی تاریخ کا ایک اہم ترین واقعہ بن کر سامنے آتا ہے۔ پاکستان چین اقتصادی راہداری کے کل منصوبوں کا تخمینہ تقریباً 45 بلین ڈالرز ہے، پہلے مکمل ہونے والے منصوبوں کے لیے 26 بلین ڈالرز کی رقم مختص ہوچکی ہے جبکہ 17 بلین ڈالرز کے مزید منصوبے آئندہ طے ہوں گے۔ دوسرے اہم ترین فیصلوں کی طرح اس فیصلے میں بھی نہ پہلے سے صوبوں کو اعتماد میں لیا گیا اور نہ عوامی رائے کو شامل کرنے کی کوشش کی گئی۔ حال احوال میں راہداری کے حوالے سے شامل خبریں ان باتوں کی عکاسی کرتی ہیں۔ مخالفت کی ایک سمت راہداری کے راستے کے حوالے سے ہے جس کا ذکر عوامی نیشنل پارٹی کے سینیٹر الیاس بلور نے بلوچستان اور خیبر پختون خواہ کے سینیٹروں کی طرف سے یوں کیا:

> ''چین نے جس راستے کی نشاندہی کی تھی وہ ڈیرہ اسماعیل خان، ژوب اور کوئٹہ سے گزر کر گوادر پہنچتا ہے۔ پرانے راستے میں بلوچ اور پختون علاقے شامل ہیں۔ نیا راستہ حسن ابدال سے لاہور، ملتان، سکھر، حیدرآباد اور رتو ڈیرو سے گزرتا ہے''۔

مخالفت کی دوسری سمت کی نشان دہی کرتے ہوئے بلوچستان نیشنل پارٹی کے صدر سردار اختر مینگل کہتے ہیں کہ ''کوئی بڑا منصوبہ انہیں قابل قبول نہیں جب تک اس علاقے کے لوگوں سے اجازت نہ لی جائے''۔ پاکستان چین اقتصادی راہداری کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ:

''مشرف نے بلوچستان میں فوجی آپریشن اس لیے شروع کیا تا کہ گوادر بندرگاہ پر کام شروع کیا جاسکے۔ اس منصوبے میں گوادر کے لوگوں کی رائے کو نظر انداز کیا گیا ہے اور ہم ایسے کسی منصوبے کا ساتھ نہیں دے سکتے جس میں مقامی لوگوں کے حقوق کی خلاف ورزی کی جائے''۔

مخالفت کی ایک اور شکل بھی واضح ہورہی ہے اور وہ ان لوگوں کی طرف سے ہے جن کی زمینیں اقتصادی راہداری کے منصوبوں کی زد میں آرہی ہیں۔ راہداری کے مشرقی راستے میں پاکستان کی زرخیز زمینیں آتی ہیں، خیبر پختون خواہ، پنجاب اور سندھ میں زرعی شعبے سے تعلق رکھنے والوں کو بھی راہداری کے حوالے سے اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اس منصوبے کی وجہ سے اپنی زمینوں سے بے دخل کیا جارہا ہے یا کیا جاسکتا ہے۔ یہ اس منصوبے کی صرف ابتدا ہے، آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا؟

زمینی قبضے کا سلسلہ ملک میں مشرف دور کے کارپوریٹ فارمنگ آرڈیننس کے بعد سے جاری ہے۔ اس وقت زمینی قبضہ سب سے زیادہ سندھ میں نظر آرہا ہے۔ ملک کے پہلے زرعی اکنامک زون، خیرپور اکنامک زون جس میں گیارہ مختلف سرمایہ کاروں کو زمین الاٹ کی گئی، کا 23 فروری کو افتتاح کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے سرمایہ کاروں کو ''بجلی، پانی اور تحفظ'' کا یقین دلایا۔ سندھ میں زمینی قبضے کے موضوع پر روشنی ڈالتے ہوئے حیدرآباد میں اپنی کتاب ''سندھ جو سوال'' کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر عبداللہ حسین ہارون نے کہا کہ ''زمین کے بڑے ٹکڑوں کو تعمیری کاموں اور کارپوریٹ فارمنگ کے لیے بیچنا سب سے بڑا مسئلہ ہے جو سندھ اور اس کے عوام کو مستقبل قریب میں درپیش ہوگا''۔

زمین کے بعد زراعت کی دوسری بنیادی ضرورت پانی ہے۔ خبروں میں پانی کی شدید قلت کے پیش نظر پانی کی نجکاری کا رجحان نمایاں نظر آرہا ہے۔ مضمون نگار یہ تجویز دے رہے ہیں کہ ''پانی کو نجی ملکیت بنا کر اس کی قیمت مقرر کرنے سے پانی کا بے جا استعمال رک سکتا ہے''۔ یعنی ہر کسان کو مداخل کی بڑھتی قیمتوں کے ساتھ پانی کی قیمت بھی پوری ادا کرنی ہوگی۔ سوال یہ ہے کہ اگر حکومت پانی پر زرتلافی واپس لے تو کیا کسان مہنگے پانی سے زراعت کر پائیں گے؟ دوسری طرف ترقی یافتہ ممالک

آبپاشی میں کم سے کم پانی استعمال کرنے کی ٹیکنالوجی ہمارے کسانوں کو متعارف کرانے کے لیے بے تاب دکھائی دے رہے ہیں اورحکومت بھی اس کے لیے زرتلافی دینے کو تیار ہے جیسے 1960 کی دہائی میں سبز انقلاب کے زیادہ پیداواری بیجوں کے فروغ کے لیے مصنوعی کھاد، کیمیائی ادویات اور ٹیوب ویلوں کے استعمال پر پہلے بھی دیتی آئی ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ حکومت پنجاب نے اب ٹیوب ویلوں کے لیے بجلی پر زرتلافی کا خاتمہ کردیا ہے۔ پنجاب حکومت کے ترجمان نے اسلام آباد میں کسانوں کو یقین دلایا کہ ''جو مسائل اس حوالے سے پیدا ہورہے ہیں حکومت انہیں دور کرے گی اور زرعی شعبے کی ترقی کے لیے سہولتیں بھی فراہم کرے گی''۔

''ترقی'' کے نام کا جتنا غلط استعمال زراعت میں ہوا ہے شاید ہی کسی دوسرے شعبے میں ہوا ہو۔ زراعت میں ترقی کے نام پر سبز انقلاب کے زمانے سے کیا کیا ہوچکا ہے اور کیا کچھ ہورہا ہے اور اس کے کتنے بھیانک اثرات سامنے آچکے ہیں اس کی فہرست بہت طویل ہے۔ جنوری تا اپریل 2015 کے چارمہینوں میں ترقی کے باب میں ایک اور بھیانک اضافہ کیا گیا ہے۔ 16 مارچ کو قومی اسمبلی نے خاموشی سے بیج ترمیمی بل 2014 پاس کردیا، اب اس بل کو سینٹ اور صدر پاکستان کی منظوری کے مرحلوں سے گزرنا ہے۔ اگر یہ بل ان مراحل کو طے کرلیتا ہے تو قانونی طور سے جینیاتی بیجوں کے لیے راستہ کھل جائے گا اور بیج کے شعبے میں کمپنیوں کو ذہنی ملکیت کے حقوق مل جائیں گے جس کے تحت کمپنیاں اپنے جینیاتی بیجوں کے ''تحفظ'' کے لیے کسانوں کو لمبی سزائیں اور بھاری جرمانے دلوا سکتی ہیں۔ تقریباً 50 کسان تنظیموں نے واضح کیا ہے کہ ''یہ بل کسانوں کے حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہوئے امریکی ملٹی نیشنل کمپنیوں کے دباؤ پر منظور کیا گیا ہے''۔ یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ جس مہینے یہ بل پاس ہوا اسی مہینے انٹرنیشنل ایجنسی فار ریسرچ ان کینسر (IARC) نے یہ اعلان کیا کہ گلائی فوسیٹ (glyphosate) جسے جڑی بوٹیاں تلف کرنے والی ادویات ہربیسائیڈ راؤنڈ اپ (Herbicide Roundup) میں استعمال کیا جاتا ہے، سے انسانوں میں کینسر کا مرض پیدا ہوسکتا ہے۔ عالمی ادارہ صحت نے بھی کہا ہے کہ دو کیڑے مار ادویات، میلاتھیوں اور ڈائزینوں، سے بھی کینسر ہوسکتا ہے۔ زرعی کمپنی مونسانٹو راؤنڈ اپ ریڈی بناتی ہے جو جینیاتی فصلوں، خاص کر سویابین اور مکئی کے لیے ضروری سمجھی جاتی ہے۔ یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ

مونسانٹو اس وقت پاکستان میں اپنے بی ٹی مکئی کے بیجوں کا ہی فروغ چاہتی ہے۔

زرعی دنیا میں اس وقت ایک واضح رجحان نظر آتا ہے، ہائبرڈ اور جینیاتی بیجوں کے استعمال سے زیادہ پیداوار حاصل کرنا اور اس وافر پیداوار کو برآمد کرکے زرمبادلہ کمانا۔ 1995 سے غالب یہ رجحان آج اجناس کی گرتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے مسائل کا شکار ہے۔ حکومتیں بھاری زرتلافی دے کر اپنے اجناس کو عالمی منڈی میں بیچنے کی کوشش میں ہیں۔ مثلاً بھارت جو برازیل کے بعد دنیا کا سب سے بڑا چینی برآمد کرنے والا ملک ہے چینی کی برآمد پر 3,300 روپے فی ٹن زرتلافی دیتا ہے اب یہ زرتلافی 4,000 بھارتی روپے فی ٹن کردی گئی ہے تاکہ چینی کے مقامی ذخائر کو کم کیا جاسکے۔ پاکستان میں دسمبر 2014 میں چینی کی برآمد پر 100 ڈالرز فی ٹن کے حساب سے زرتلافی دی گئی جبکہ گندم کے وافر ذخیروں کو برآمد کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک نے 44 ڈالرز فی ٹن زرتلافی دینے کا اعلان 5 مارچ کو کیا۔ زرتلافی مل مالکان اور تاجروں کو تو دی جارہی ہے لیکن زرعی پیداواری شعبہ اس سے محروم ہورہا ہے۔ کاشتکار مہنگے ہائبرڈ اور جینیاتی بیجوں سے مداخل کی مہنگی قیمتوں کے ساتھ شاندار فصل پیدا کرکے آخر کیا کرے جب خریدنے والے اسے مناسب قیمت دینے کو تیار نہیں۔ گنے کے کاشتکاروں کے حوالے سے ایک خبر میں اس صورت حال کو یوں بیان کیا گیا ہے:

''۔۔۔ گنے کی کرشنگ کا موسم ختم ہونے کو ہے لیکن شوگر ملیں اڑی ہوئی ہیں کہ وہ گنے کی قیمت 182 روپے فی من ادا نہیں کریں گی۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ وہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ 155 روپے فی من قیمت کس طرح منصفانہ ہوگئی جبکہ مل مالکان 14-2013 میں انہیں 172 روپے فی من قیمت دے چکے ہیں''

چاول کے کاشتکاروں کے حالات بھی کچھ زیادہ مختلف نہیں۔ ایک مضمون کے مطابق:

''باسمتی چاول اس وقت تقریباً 3,000 روپے فی من فروخت ہورہا ہے جو پچھلے سال 4,500

روپے فی من تھا۔ مقامی منڈی میں چاول بھاری مقدار میں موجود ہے۔ کسان خوف کا شکار ہیں کیونکہ پیداوار وہی ہے اور برآمدات پچھلے چار سالوں سے بتدریج کم ہورہی ہے''۔

گندم کی فصل بھی ایسی ہی صورت حال سے دو چار ہے۔ کسان سراپا احتجاج نظر آتے ہیں۔ مزاحمت کی خبریں اس بات کی گواہی دے رہی ہیں کہ 1995 میں عالمی ادارہ تجارت کے قیام کے بعد سے آزاد تجارت کے فروغ نے کسانوں کو پوری طرح بدحالی کی طرف سے دھکیل دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عالمی سطح پر کسانوں میں خودکشی کا رجحان دیگر آبادیوں کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ مثلاً بھارت میں کسانوں میں کی خودکشی عام لوگوں کے مقابلے میں 47 فیصد زیادہ ہے۔ 1995 سے اب تک بھارت میں 270,940 کسانوں نے خودکشی کی۔ امریکہ مس بھی دیگر آبادیوں کے مقابلے کسانوں میں خودکشی کا رجحان دوگنا ہے۔ چین میں شہروں کو آباد کرنے کے لیے زرعی زمین ہتھیانے کی حکومتی پالیسی کے خلاف کسان ہر روز خودسوزی کرتے ہیں جبکہ آسٹریلیا میں بھی ہر چوتھے روز ایک کسان خودکشی کرتا ہے۔ کسانوں کو خاص کر تیسری دنیا کے کسانوں کو ان حالات میں مبتلا کرنے میں عالمی امدادی اداروں کا کتنا اہم کردار ہے اس کے لیے ہم ایک مضمون کے اقتباس کا سہارا لیتے ہیں:

''افریقہ میں نیوالائنس فار فوڈ سیکورٹی اور نیوٹریشن کے ذریعے یو کے ایڈ (UK Aid) 600 ملین پاؤنڈز کی امداد سے بڑی تجارتی کمپنیوں کو ان کے منافع میں اضافے کا موقع فراہم کررہی ہے۔ اس امداد کے بدلے افریقی ممالک کو اپنے قوانین بدلنے کو کہا جارہا ہے تاکہ ان کمپنیوں کو زرعی زمین کے حصول، بیج کی ترسیل پر اختیار اور زرعی پیداوار برآمد کرنے میں آسانی ہو۔ یقیناً افریقہ کے کسانوں کو بہت طاقت ور گروہ کا سامنا ہے جس میں بل گیٹس فاؤنڈیشن کے مفادات مونسانٹو کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں اور مونسانٹو کو امریکی اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کی پشت پناہی اور یونائیٹڈ اسٹیٹس ایجنسی فار انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ (USAID) کی مدد حاصل ہے''۔

جب عالمی نظام طاقتور کو مزید طاقتور بنانے پر مرکوز ہو تو عدم مساوات فساد کو جنم دیتا ہے جو فساد بنیادی پیداواری قوتوں کے استحصال سے جنم لیتا ہے۔ سیاسی اعتبار سے بڑھتی ہوئی غربت کے ساتھ دہشت گردی کے نام پر جاری جنگوں میں یہ سب کچھ بہت واضح نظر آ رہا ہے۔ تصویر کا ایک دوسرا خوش آئند پہلو جس کا تعلق بھی زراعت سے ہی ہے، نے اب اپنا رنگ جمانا شروع کر دیا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں لوگ اب صاف ستھری غذا طلب کر رہے ہیں، ان کے اس مطالبے نے کارپوریٹ طاقت کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ حال احوال کے اس شمارے میں ایسی بہت سی خبریں شامل کی گئی ہیں۔ قدرتی ماحول کے ساتھ جو کھیل کارپوریٹ طاقت نے کھیلا ہے اس کا جواب موسمی تبدیلی اور قدرتی بحرانوں کی شکل میں قدرت خود دے رہی ہے۔ زراعت سے وابستہ مقامی آبادیاں اگرچہ موسمی تبدیلی اور قدرتی بحرانوں سے سب سے زیادہ متاثر نظر آتی ہیں، لیکن انہوں نے بھی وسائل پر اختیار اور فیصلہ سازی کے اختیار کے ساتھ غذائی خود مختاری کا علم بلند کر دیا ہے جو کارپوریٹ طاقت کی کارگزاریوں کا بھرپور جواب ہے۔

# الف۔ملکی زرعی خبریں

## ا۔ زرعی مواد

### زمین

- پاکستان چین اقتصادی راہداری

29 مارچ: ایک خبر کے مطابق پاکستان چین اقتصادی راہداری منصوبوں پر کام کرنے والے چینیوں کی حفاظت کے لیے پاکستان نے خصوصی دستہ بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پاکستانی فوج کے 12,000 افسران کو اس مقصد کے لیے تربیت دی جائے گی۔ اس وقت 8,000 سکیورٹی افسران تقریباً 210 منصوبوں پر کام کرنے والے 8,112 چینیوں کی حفاظت پر مامور ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 مارچ، صفحہ 12)

17 اپریل: چینی صدر کے دورہ پاکستان سے پہلے تمام بڑی سیاسی جماعتوں نے وفاقی حکومت سے کہا ہے کہ وہ پاکستان چین اقتصادی راہداری کے راستے کے حوالے سے صوبوں کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرے۔ (دی نیوز، 18 اپریل، صفحہ 5)

20 اپریل: چینی صدر کے دو روزہ دورہ پاکستان کے موقع پر پاکستان، چائنہ اقتصادی راہداری کے پہلے مرحلے میں شروع ہونے والے منصوبوں کے لیے 28 بلین ڈالرز کے اقتصادی معاہدوں (financing agreements) پر دستخط ہوئے۔ منصوبہ بندی کمیشن کے بیان کے مطابق 17 بلین ڈالرز کی مالیت کے معاہدے بعد میں طے کیے جائیں گے۔ (ڈان، 21 اپریل، صفحہ 1)

21 اپریل: چینی صدر جن پنگ کے دورہ پاکستان کے بعد اعلان کیا گیا ہے کہ پاکستان چین اقتصادی راہداری پر کام کرنے والے چینیوں کی حفاظت کے لیے 10,000 افراد پر مشتمل دستہ تعینات ہوگا۔ (ڈان،

22 اپریل،صفحہ 1)

25 اپریل: ایک مضمون کے مطابق منصوبہ بندی کمیشن نے اپنی سرکاری ویب سائٹ پر یہ واضح کیا ہے کہ پاکستان چین اقتصادی راہداری سے تمام صوبوں کو فائدہ پہنچے گا۔ راہداری منصوبہ 2030 تک مکمل ہوگا۔ اس منصوبے سے 2025 تک ملک میں توانائی کی پیداوار دگنی ہو جائے گی۔ (انصار عباسی، دی نیوز، 25 اپریل،صفحہ 1)

گلگت بلتستان:

9 جنوری: پاکستان مسلم لیگ ق گلگت بلتستان کے صدر مرزا حسین، جو گلگت بلتستان اسمبلی کے سابق رکن بھی ہیں، نے ایک خط میں چینی حکومت کو لکھا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام کو پاکستان چین اقتصادی راہداری منصوبے پر اعتماد میں نہیں لیا گیا ہے حالانکہ وہ براہ راست اس منصوبے کے زیر اثر آتے ہیں۔ (ڈان، 10 جنوری،صفحہ 7)

خیبر پختون خواہ:

3 فروری: ایک خبر کے مطابق چھوٹے صوبوں سے تعلق رکھنے والے سینٹ ارکان نے کہا ہے کہ پاکستان چین اقتصادی راہداری کے راستے میں کسی بھی تبدیلی کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے سینیٹر الیاس بلور نے بلوچستان اور خیبر پختون خواہ کے سینیٹروں کی طرف سے کہا کہ چین نے جس راستے کی نشاندہی کی تھی وہ ڈیرہ اسماعیل خان، ژوب اور کوئٹہ سے گزر کر گوادر پہنچتا ہے۔ تبدیل کیے گئے راستے میں بلوچ اور پختون علاقے شامل نہیں ہیں۔ نیا راستہ حسن ابدال سے لاہور، ملتان، سکھر، حیدرآباد اور رتو ڈیرو سے گزرتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 فروری،صفحہ 1)

6 فروری: سینٹ کی خارجہ امور کی کمیٹی نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کے چیئرمین شاہد اشرف تارڑ

کی پاکستان چین راہداری کے نئے راستے پر دیے گئے بیان پر کہا کہ یہ فیصلہ سیاست دانوں کے کرنے کا ہے نا کہ افسروں کا۔ NHA (این ایچ اے) کے چیئرمین نے کمیٹی کو بتایا تھا کہ یہ راستہ مختصر مدت کے لیے ہے۔موجودہ آمد و رفت کے ذرائع کو استعمال کر کے گوادر پورٹ کو جلد استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔ اصل راستے پر بعد میں عمل ہوگا جس میں خنجراب سے گوادر تک باراستہ میاں والی، ڈیرہ اسماعیل خان، ڈیرہ غازی خان، خضدار اور تربت سڑک بنائی جائے گی۔ (ڈان، 7 فروری، صفحہ 5)

6 فروری: خیبر پختون خواہ اسمبلی نے ایک متفقہ قرارداد کے ذریعے پاکستان چین اقتصادی راہداری کے راستے میں کسی بھی تبدیلی کی مخالفت کردی۔ (ڈان، 7 فروری، صفحہ 7)

17 فروری: اسلام آباد میں عوامی نیشنل پارٹی کی طرف سے بلوچستان اور خیبر پختون خواہ کی مختلف سیاسی جماعتوں کی کانفرنس میں مقررین نے کہا ہے کہ اگر پاکستان مسلم لیگ نے چھوٹے صوبوں کے غیر ترقیاتی یافتہ حصوں کے بجائے پاکستان چین اقتصادی راہداری کے لیے کوئی اور راستہ اپنایا تو حکومت کو سنگین نتائج بھگتنے ہوں گے۔ (ڈان، 18 فروری، صفحہ 3)

26 اپریل: عوامی نیشنل پارٹی کے صدر اسفند یار ولی نے پشاور میں کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے گوادر ۔ کاشغر اقتصادی راہداری کا 70 فیصد حصہ پنجاب کو اور 30 فیصد دیگر تین صوبوں کو دیا ہے۔منصوبے پر اصل حیثیت میں عمل درآمد کے لیے انہوں نے کل جماعتی کانفرنس بلوچستان میں بلائی ہے تاکہ تمام صوبوں کو اس منصوبے سے برابر فائدہ حاصل ہوسکے۔ (ڈان، 27 اپریل، صفحہ 7)

29 اپریل: پارٹی کی کور کمیٹی کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف (PTI) کے سربراہ عمران خان نے حکومت سے کہا کہ وہ پاکستان چین اقتصادی راہداری کے حوالے سے واضع موقف سامنے لائے۔ انھوں نے کہا کہ یہ ملک کے لیے بہت اچھا موقع ہے جسے مبہم

پالیسی کی وجہ سے ضائع نہیں ہونا چاہئے۔ حکومت چینی سرمایہ کاروں کے ذریعے ملک کے کم ترقی یافتہ علاقوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچائے جس کے لیے صوبائی حکومتوں کو ساتھ لے کر چلنے کی ضرورت ہے۔ (ڈان، 30 اپریل، صفحہ 3)

بلوچستان:

6 جنوری: ایک خبر کے مطابق گوادر فری ٹریڈ زون کے لیے حکومت بلوچستان چائنہ اورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی کو دو ہزار ایکڑ زرعی زمین دینے سے گریز کررہی ہے۔ مئی 2013 میں کمپنی کے ساتھ کیے گئے معاہدے کے تحت گوادر پورٹ اتھارٹی (GPA) کو 2,282 ایکڑ زمین فری ٹریڈ زون کے لیے فراہم کرنی ہے۔ GPA (جی پی اے) کے ایک افسر نے بتایا کہ گزشتہ سال ستمبر تک اتھارٹی کو ٹریڈ زون کے لیے زمین کا قبضہ ملنا تھا۔ وفاقی حکومت نے 6.2 بلین روپے صوبائی حکومت کو 1,627 ایکڑ نجی زمین حاصل کرنے کے لیے ادا کردیے ہیں۔ (دی نیوز، 7 جنوری، صفحہ 15)

25 جنوری: ایک خبر کے مطابق حکومت نے 586 ایکڑ زمین پاکستان نیوی، پاکستان کوسٹ گارڈز اور دیگر مقامی لوگوں سے پاکستان چین اقتصادی راہداری منصوبے کے تحت گوادر فری ٹریڈ زون کے لیے خریدی ہے جبکہ گوادر ایئر پورٹ کے لیے زمین الگ سے خریدی جائے گی۔ (مہتاب حیدر، دی نیوز، 25 جنوری، صفحہ 4)

2 فروری: ایک مضمون کے مطابق گوادر میں فری ٹریڈ زون بنانے کے لیے 2,281 ایکڑ زمین چائنہ اورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی کو لیز پر دیے جانے کا معاہدہ محکمہ قانون کے پاس زیرغور ہے۔ اس معاہدے کی باقائدہ منظوری کے بعد یہ زمین 40 سال کے لیے چینی کمپنی کو مل جائے گی۔ وزارت جہاز رانی و بندرگاہ نے یہ زمین 69 بلین روپے میں ڈپٹی کمشنر گوادر کے ذریعے حاصل کرنے کے لیے ادا کردیے ہیں۔ (امین احمد، ڈان، 2 فروری، صفحہ 3، بزنس اینڈ فنانس)

24 فروری: بلوچستان نیشنل پارٹی (BNP) کے صدر سردار اختر مینگل نے کوئٹہ میں اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بڑا ترقیاتی منصوبہ انہیں قابل قبول نہیں جب تک اس علاقے کے لوگوں سے اجازت نہ لی جائے۔ انہوں نے چین کے ساتھ اقتصادی راہداری منصوبے کے حوالے سے کہا کہ مشرف نے بلوچستان میں فوجی آپریشن اسی لیے شروع کیا تاکہ گوادر بندرگاہ پر کام شروع کیا جاسکے۔ اس منصوبے میں گوادر کے لوگوں کی رائے کو نظر انداز کیا گیا ہے اور ہم ایسے کسی منصوبے کا ساتھ نہیں دے سکتے جس میں مقامی لوگوں کے حقوق کی خلاف ورزی کی جائے۔ (ڈان، 25 فروری، صفحہ 5)

28 فروری: بلوچستان اسمبلی میں گوادر - کاشغر راہداری پر بحث کو سمیٹتے ہوئے بلوچستان کے وزیر اعلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان اپنی تاریخ کے نہایت نازک دور سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے واضع کیا کہ صوبے کے سمندری علاقوں اور وسائل کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وفاقی حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ گوادر پورٹ صوبے کے حوالے کیا جائے گا لیکن یہ وعدہ ابھی تک پورا نہیں ہوا۔ (دی نیوز، 1 مارچ، صفحہ 10)

28 فروری: بلوچستان اسمبلی نے متفقہ طور پر ایک قرارداد منظور کی ہے جس میں صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ مرکزی حکومت کو قائل کرے کے کاشغر گوادر راہداری خضدار، مستونگ، ژوب اور ڈیرہ اسماعیل خان سے گزرے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 مارچ، صفحہ 9)

1 مارچ: ایک چینی افسر کے مطابق پاکستان چین اقتصادی راہداری کا راستہ تبدیل نہیں ہوا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان صرف ایک ہی راستے پر اتفاق ہوا ہے۔ راہداری آباد اور اہم علاقوں کا احاطہ کرے گی۔ اس منصوبے میں توانائی، آمد و رفت، بنیادی ڈھانچے کے قیام اور اکنامک زون کی تعمیر شامل ہوگی جس کا مقصد پاکستان کے تمام عوام کو فائدہ پہنچانا ہے جس میں خیبر پختون خواہ اور بلوچستان بھی شامل ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 مارچ، صفحہ 3)

26 مارچ: گوادر میں سرمایہ کاری کے موضوع پر دبئی میں ایک روزہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اعلیٰ حکومتی افسران اور صنعتی ماہرین نے کہا ہے کہ علاقے کو گوادر بندرگاہ کی ضرورت ہے کیونکہ اس بندرگاہ سے نقل وحمل کا دورانیہ اور اخراجات بہت کم ہو جائینگے۔ گوادر بندرگاہ کی تعمیر کا پہلا مرحلہ چینی کمپنی نے 2005 کے آخر میں مکمل کرلیا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 مارچ، صفحہ 11)

9 اپریل: اقتصادی رابطہ کمیٹی نے گوادر بندرگاہ اور گوادر فری ٹریڈ زون کے لیے 23 سالوں تک محصولات میں چھوٹ کا اعلان کیا ہے۔ یہ رعایت چائنا اوورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی کی درخواست پر دی گئی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 اپریل، صفحہ 11)

26 اپریل: گوادر سے قومی اسمبلی کے رکن اور بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے رہنماؤں کو گوادر بندرگاہ کے کسی معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ نہیں کیا گیا۔ اس حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ریفارم پالیسی یونٹ کے سربراہ ڈاکٹر قیصر بنگالی نے کہا ہے کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد صوبائی حکومتیں اپنی ترقی کی ذمہ داری ہیں، لیکن بلوچستان کی حکمران جماعتیں بھی پاکستان چین اقتصادی راہداری کی تفصیلات سے واقف نہیں ہیں اور ''ہمیں بندرگاہ کی لیز کی مدت کا بھی علم نہیں''۔ انھوں نے مزید کہا کہ کوئٹہ کو گوادر سے ملانے کے لیے کوئی مناسب سڑک تک نہیں ہے۔ (عون ساہی، دی نیوز، 26 اپریل، صفحہ 26)

پنجاب:

11 مارچ: لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (LCCI) نے حکومت سے درخواست کی ہے کہ وہ پاکستان چین اقتصادی راہداری کا راستہ تبدیل نہ کرے۔ اس منصوبے سے پاکستان کی تقدیر تبدیل ہوسکتی ہے۔ (ڈان، 12 مارچ، صفحہ 10)

- زمینی قبضہ

خیبر پختون خواہ:

16 فروری: وفاقی حکومت نے خیبر پختون خواہ کی حکومت سے کہا ہے کہ وہ داسو ڈیم کے لیے 10,000 ایکڑ زمین کا حصول جلد یقینی بنائے۔ یہ زمین 4,320 میگاواٹ کے پن بجلی منصوبے کے لیے کوہستان کے علاقے میں حاصل کی جائے گی۔ (ڈان، 17 فروری، صفحہ 16)

2 مارچ: کوکی خیل قبائل نے کہا ہے کہ ان کی زمین پر غیر قانونی قبضہ کیا گیا ہے جس پر PTI (پی ٹی آئی) کی حکومت ترقیاتی کام اور تجارتی پلازہ تعمیر کررہی ہے۔ صوبائی حکومت اس مسئلے کے حل میں دلچسپی نہیں لے رہی ہے۔ قبیلے نے جرگے میں فیصلہ کیا ہے کہ اگر حکومت نے جلد از جلد مسئلہ حل نہیں کیا تو کوکی خیل کے قبائلی بنی گالا میں عمران خان کے گھر کے باہر دھرنا دیں گے۔ (دی نیوز، 3 مارچ، صفحہ 5)

سندھ:

21 جنوری: ورلڈ وائڈ فنڈ پاکستان (WWF) نے سندھ کے چیف کنزرویٹر آف فارسٹ (CCF) کو پولیس کی جانب سے زیرحراست میں لیے جانے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ریاض احمد وگن اگرچہ رہا کردیے گئے ہیں لیکن بحیثیت چیف کنزرویٹر اپنے دو سالہ دور میں انہیں بااثر افراد نے سخت دباؤ میں رکھا جو چاہتے ہیں کہ سندھ ہائی کورٹ کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جنگلات کی زمین ان کے نام منتقل کردی جائے۔ اس ایماندار افسر نے پچھلے چھ مہینوں میں 15,000 ایکڑ جنگلات کی زمین قبضہ مافیہ سے واپس لی ہے۔ ریاض احمد وگن کی حراست پر سندھ بھر میں مظاہرے بھی ہوئے۔ (ڈان، 22 جنوری، صفحہ 19)

21 جنوری: دریائے سندھ کے بائیں جانب چھ گاؤں پر مشتمل گنج دیہات کو پولیس اور سی آئی اے نے گھیر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق علاقے میں رہنے والے سینکڑوں گھرانے ''ناجائز'' طور سے جنگلات کی

زمین پر قبضہ کیے ہوئے ہیں جبکہ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ جنگلات کی زمین انہیں ورثے میں ملی ہے اور اس کی لیز انہیں کافی عرصے پہلے مل چکی ہے۔ کچھ علاقہ مکینوں نے عدالت سے بے دخلی کے خلاف حکم امتناعی بھی لے لیا ہے۔ پولیس نے اس سے پہلے بھی لوگوں سے زمین خالی کروانے کی کوشش کی تھی جس پر لوگوں نے، خاص طور سے عورتوں نے، سخت مزاحمت کی تھی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی سید ایاز علی شاہ اور ٹھٹھہ کے سابق ضلعی ناظم سید شفقت حسین شاہ شیرازی نے ایک مشترکہ بیان میں پولیس کارروائی کی مزمت کی اور گاؤں والوں کے بیان کی تصدیق کی۔ (ڈان، 22 جنوری، صفحہ 19)

26 جنوری: ایک خبر کے مطابق سندھ حکومت نے ضلع ٹھٹھہ میں 1,408 ایکڑ زمین 49.5 میگاواٹ ہوا سے توانائی حاصل کرنے کے لیے الاٹ کردی ہے۔ اس مقصد کے لیے 130 ملین ڈالرز کی اندرونی اور بیرونی سرمایہ کاری کا بندوبست بھی ہوچکا ہے۔ منصوبے میں امریکی اوورسیز پرائیویٹ انوسٹمنٹ کارپوریشن (OPIC) سب سے بڑا حصہ دار ہے۔ منصوبے پر جولائی 2016 سے کام شروع ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 جنوری، صفحہ 11)

2 فروری: ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل نے قومی احتساب بیورو کو لکھے گئے ایک خط میں درخواست کی ہے کہ سندھ میں کارروائی کرکے سرکاری زمینوں پر قبضہ روکا جائے۔ کراچی میں مختلف اداروں کی زمین کے علاوہ حیدرآباد ڈیولپمنٹ اتھارٹی (HDA) کی 20,800 ایکڑ زمین کو غیر قانونی طور سے الاٹ کرکے اربوں روپے کی بدعنوانی کی گئی ہے۔ ادارے نے اپنی شکایت سپریم کورٹ کو بھی ارسال کی ہے جس پر 10 فروری کو سماعت ہوگی۔ (عثمان منظور، دی نیوز، 2 فروری، صفحہ 3)

23 فروری: قومی اسمبلی کی کمیٹی برائے جہاز رانی و بندرگاہ کے اجلاس میں رکن کمیٹی اور سابق وزیر نبیل احمد گبول نے کہا ہے کہ پورٹ قاسم اتھارٹی (PQA) کی 2,400 ایکڑ زمین سیاسی اثر و رسوخ رکھنے والے افراد کو پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ کے تحت جعلی دستاویز پر انتہائی کم قیمت پر گودام بنانے کے لیے

فروخت کی گئی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 24 فروری، صفحہ 3)

23 فروری: وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے خیرپور اسپیشل اکنامک زون کا افتتاح کردیا۔ یہ زون ملک کا پہلا زرعی زون ہے جس میں گیارہ مختلف سرمایہ کاروں کو زمین الاٹ کی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے زون میں سرمایہ کاروں کو بجلی، پانی اور تحفظ کا یقین دلاتے ہوئے کہا ہے کہ خام مال اور تربیت یافتہ نوجوان کسی بھی قیمتی یونٹ کو چلانے کے لیے یہاں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ برف خانے اور کھجوروں کو خشک کرنے کے پلانٹ بھی زون میں قائم کیے جائیں گے۔ کھجوروں کی پیداوار بڑھانے کے لیے ٹشو کلچر شروع کیا گیا ہے۔ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ایسے زون ہر ضلع میں قائم کیے جائیں گے۔ (دی نیوز، 24 فروری، صفحہ 17)

25 فروری: ڈپٹی کمشنر کراچی نے سرکاری زمین پر قبضے کے حوالے سے ایک اجلاس میں بتایا کہ قبضہ مافیا سے کراچی کے مختلف اضلاع میں 950 ایکڑ زمین واپس لے لی گئی ہے۔ (ڈان، 26 فروری، صفحہ 18)

28 فروری: سپریم کورٹ نے زمین کے حوالے سے دائر ایک درخواست پر سندھ حکومت سے 43 دیہات پر مشتمل زمین سے متعلق بیان داخل کرنے کو کہا ہے۔ بورڈ آف ریونیو (BoR) کی ہدایت پر ملیر ڈیولپمنٹ اتھارٹی (MDA) ان دیہات کی دوبارہ حد بندی کررہی ہے جس کا مقصد بحریہ ٹاؤن انتظامیہ کو فائدہ پہنچانا ہے۔ (دی نیوز 1 مارچ، صفحہ 14)

15 مارچ: ایک مضمون میں ضلع ٹھٹھہ میں ہوائی توانائی کے منصوبوں کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ زمینی معاہدے کوہستانی علاقے کے دستور کے مطابق زبانی طور پر طے کیے گئے۔ مقامی لوگوں کے پاس اپنی زمینی دستاویز بھی نہیں تھی جس کی وجہ سے ان زمینوں کو بہ آسانی غصب کیا گیا۔ علاقے کے بزرگ ادیب رسول بخش درس کے مطابق مقامی لوگ ترقی کے نہیں اس کے طریقہ کار کے خلاف ہیں۔ (سحر بلوچ، ڈان،

15 مارچ،صفحہ 16)

5 اپریل: حیدرآباد میں اپنی کتاب ''سندھ جو سوال'' کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر عبداللہ حسین ہارون نے کہا ہے کہ زمین کے بڑے ٹکڑوں کو تعمیری کاموں اور کارپوریٹ فارمنگ کے لیے بیچنا سب سے بڑا مسئلہ ہے جو سندھ اور اس کے عوام کو مستقبل قریب میں درپیش ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 اپریل،صفحہ 15)

7 اپریل: ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی (DHA) کو 1,616 ایکڑ زمین غیر قانونی طور پر لیز پر دینے اور اس کے نتیجے خزانے کو پہنچنے والے اربوں روپے کے نقصان پر سندھ حکومت نے دو سب رجسٹرار کے خلاف مقدمہ دائر کردیا ہے۔ یہ زمین DHA (ڈی ایچ اے) کو 2003 سے 2007 کے درمیان کراچی پورٹ ٹرسٹ (KPT) اور PQA (پی کیو اے) کی طرف سے لیز پر دی گئی تھی۔ سندھ حکومت کی یہ زمین بغیر قانونی دستاویز اور الاٹمنٹ لیٹر کے لیز پر دی گئی تھی۔ (دی نیوز، 8 اپریل،صفحہ 1)

15 اپریل: سابق وزیراعلی سندھ لیاقت جتوئی نے فوج اور رینجرز سے کہا کہ وہ صوبے بھر میں کارروائی کرکے غیر قانونی طور پر ہتھیائی گئی جنگلات اور دیگر سرکاری زمین واگزار کروائے۔ (دی نیوز، 16 اپریل، صفحہ 19)

پنجاب:

21 جنوری: ایک مضمون کے مطابق راوی ریور فرنٹ اربن ڈیولپمنٹ منصوبہ اب پنجاب حکومت کی ترجیح نہیں رہا ہے۔ اس منصوبے میں زرعی زمین کا بڑا حصہ زمینداروں سے حاصل کرکے کمرشل زون اور رہائشی منصوبے کے لیے استعمال کیا جانا تھا۔ اس منصوبے کے لیے صرف زمین حاصل کرنے کے لیے 400 بلین روپے درکار تھے جبکہ سول سوسائٹی اور زمینداروں کی طرف سے منصوبہ تنقید کا نشانہ بن چکا تھا۔

ماحولیاتی تباہی کے علاوہ دریا کی زمین حاصل کرنے سے زراعت بری طرح متاثر ہورہی تھی اور زمینداروں کوحکومت کی طرف سے دی جانے والی زمین کی قیمت بھی قبول نہیں تھی۔ (خالد حسنین، ڈان، 21 جنوری، صفحہ 3)

29 جنوری: گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے اپنے عہدے سے استعفیٰ پیش کرتے ہوئے کہا کہ ''زمینی قبضہ مافیہ کا اثر و رسوخ گورنر پنجاب سے زیادہ ہے''۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ سمجھتے ہیں کہ گورنر ہاؤس سے باہر رہ کر وہ ہزاروں کسانوں اور حقوق سے محروم لوگوں کی جنگ بہتر طریقے سے لڑ سکتے ہیں۔ (ڈان، 30 جنوری، صفحہ 1)

30 مارچ: پنجاب حکومت نے قائداعظم سولر پارک کی 4,500 ایکڑ زمین چینی کمپنی زوانرجی (Zoenergy) کو لیز پر دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ زمین لینڈ لیز پالیسی کے تحت دی گئی ہے جس کا BoR (بی او آر) نے مئی 2014 میں رسمی اعلان کیا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 31 مارچ، صفحہ 11)

7 اپریل: وزیر اعلی پنجاب شہباز شریف نے لاہور میں محکمہ جنگلات سے کہا ہے کہ وہ ایک بڑی کارروائی کرکے جنگلات کی زمین واگزار کرائے۔ دیگر محکموں کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے محکمے کی ایک ایک انچ ہتھیائی گئی زمین قبضہ مافیا سے واپس لیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 اپریل، صفحہ 5)

19 اپریل: این ایچ اے کے ڈائریکٹر جنرل محمد کاشف نواز نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رحیم یار خان طارق محمود بخاری کو بتایا کہ لاہور تا کراچی موٹروے کے لیے 4,250 ایکڑ زمین حاصل کرلی گئی ہے۔ اس مقصد کے لیے حکومت نے 5 بلین روپے کی رقم فراہم کی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 اپریل، صفحہ 4)

- زمینی اصلاحات

9 مارچ: ایک مضمون جس میں گزشتہ حکومتوں کی زمینی اصلاحات اور زمین کی تقسیم کا جائزہ لیا گیا ہے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں زراعت سے جڑی 45 فیصد آبادی کے پاس اپنی زمین نہیں۔ ایک زرعی معاشرے میں زرعی زمین کی ملکیت غریب کسانوں کو بااختیار بنانے میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ (محمد حسین خان، ڈان، 9 مارچ، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

12 مارچ: ہومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (HRCP) کے سیکرٹری جنرل آئی اے رحمٰن نے اپنے ایک مضمون میں آئینی اصلاحات کو زرعی شعبے کا بنیادی مسئلہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی، صوبائی حکومتیں اور زرعی حکام پیداوار بڑھانے اور بہتر مداخل کے استعمال پر زور دیتے نظر آتے ہیں لیکن کسانوں کی زمین سے محرومی کا کوئی ذکر نہیں ہوتا۔ عابد حسن منٹو کی اس حوالے سے درخواست 2011 سے سپریم کورٹ کے فیصلے کی منتظر ہے۔ (آئی اے رحمٰن، ڈان، 12 مارچ، صفحہ 8)

1 اپریل: سندھ لینڈ ریفارمز مومنٹ (SLRM) نے حیدرآباد میں زمینی اصلاحات کے لیے دستخطی مہم کا آغاز کرتے ہوئے سندھ حکومت سے کہا کہ وہ 18 ویں ترمیم کے تحت زمینی اصلاحات نافذ کرے۔ (دی نیوز، 2 اپریل، صفحہ 17)

- زمینی تقسیم

25 جنوری: ایک مضمون کے مطابق بے زمین کسانوں کے حالات پر SLRM (ایس ایل آر ایم) کی طرف سے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ حکومت بے زمین کسان عورتوں کو زمین کی تقسیم کا تیسرا مرحلہ شروع کرے اور ایسا کرنے سے پہلے دوسرے مرحلے کا دوبارہ جائزہ لیا جائے تاکہ اس مرحلے کی غلطیاں تیسرے مرحلے میں نہ دہرائی جائیں۔ (جان خاصخیلی، دی نیوز، 25 جنوری، صفحہ 17)

- لینڈ کمپیوٹرائزیشن

15 جنوری: پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کی صدارت میں سندھ حکومت کے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں وزیر اعلیٰ سید قائم علی شاہ نے کہا ہے کہ زمینی ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن کا منصوبہ آصف زرداری کی ہدایت پر صوبے بھر میں ستمبر 2011 میں شروع کیا گیا تھا۔ یہ منصوبہ 4,997 ملین روپے کی لاگت سے اس سال جون کے آخر تک مکمل ہوگا۔ سندھ میں 6,000 دیہات ہیں، 2,224 دیہات کے اعداد و شمار مکمل ہوچکے ہیں جبکہ 1,237 دیہات کا بھی 55 فیصد کام مکمل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ میں 30 ملین ایکڑ زمین ہے جس میں سے 12,539 ملین ایکڑ نجی ملکیت ہے۔ (دی نیوز، 16 جنوری، صفحہ 13)

23 جنوری: ایک خبر کے مطابق سندھ میں شہید فاضل راہو تعلقہ کے 95 دیہات میں سے 80 کا ریونیو ریکارڈ 2007 میں بے نظیر بھٹو کی شہادت کے موقع پر ہنگاموں میں جل کر تباہ ہوگیا تھا جسے ابھی تک کسی طور دوبارہ حاصل نہیں کیا جاسکا ہے۔ (ڈان، 24 جنوری، صفحہ 19)

27 فروری: سپریم کورٹ کے ایک بینچ نے جسٹس آمر ہانی مسلم کی سربراہی میں بی او آر کو حکم دیا ہے کہ صوبے کے تمام زمینی ریکارڈ کو جلد از جلد کمپیوٹرائز کیا جائے۔ (دی نیوز، 28 فروری، صفحہ 20)

28 مارچ: چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے مردان میں کہا ہے کہ ان کی حکومت خیبر پختون خواہ میں تمام زمینی ریکارڈز کو تین سالوں میں کمپیوٹرائز کرنے کا کام مکمل کرے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 29 مارچ، صفحہ 7)

19 اپریل: خیبر پختون خواہ حکومت نے مردان ڈویژن میں زمینی ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن کا پہلا مرحلہ کامیابی سے مکمل کرلیا ہے۔ صوبے کے 25 اضلاع میں کمپیوٹرائزیشن کا کام جاری ہے۔ (ارشد یوسف زئی،

دی نیوز، 19 اپریل، صفحہ IV، پولیٹیکل اکانومی)

- زرعی ٹیکس

9 فروری: ایک مضمون کے مطابق خیبر پختون خواہ میں حکومتی اصلاحی اقدامات کی وجہ سے زرعی زمین اور زرعی آمدنی پر محصولات کی وصولی میں 44 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ دونوں محصولات سے مالی سال 14-2013 میں 31.552 ملین روپے حاصل ہوئے جبکہ گزشتہ سال یہ رقم 21.956 ملین روپے تھی۔ صرف زمینی محصولات سے حاصل رقم 223.23 ملین روپے ہونی چاہیے لیکن حکومت نے صرف 31 ملین روپے کا ہدف رکھا جس میں دو ملین زرعی آمدنی سے حاصل محصول بھی شامل ہے۔ (مبارک زیب خان، ڈان، 9 فروری، صفحہ 3، بزنس اینڈ فنانس)

21 فروری: بی او آر نے وزیر اعلیٰ کو تجویز پیش کی ہے کہ زرعی زمین کی فروخت اور انتقال پر اسٹامپ ڈیوٹی کی وصولی کے لیے زمین کی مالیت کا پیمائشی یونٹ (پروڈیوس انڈیکس یونٹ) 300 روپے سے بڑھا کر 800 روپے کردیا جائے۔ اسٹامپ ایکٹ 1899 کے سیکشن 27 بی کے تحت دسمبر، 2000 میں پی آئی یو کی قدر 300 روپے رکھی گئی تھی جبکہ اسٹامپ ڈیوٹی کو 2010 میں تین فیصد سے دو فیصد کردیا گیا تھا۔ اس حوالے سے سندھ حکومت کو رجسٹریشن فیس، کیپٹل ویلیو ٹیکس وغیرہ کی مد میں بھاری نقصان ہورہا ہے۔ (ڈان، 22 فروری، صفحہ 10)

# پانی

- پانی کی قلت

8 جنوری: سپریم کورٹ نے کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ (KWSB) کی رپورٹوں کی روشنی میں پانی کی قلت کے ذمہ دار غیر قانونی ہائیڈرنٹ کے خلاف از خود نوٹس کی سماعت میں آئی جی سندھ کو طلب کیا جو مصروفیات کی وجہ سے حاضر نہ ہوسکے۔ سماعت کے دوران چیف انجینئر KWSB (کے ڈبلیو ایس بی) نے

بتایا کہ 100 سے زیادہ غیر قانونی ہائیڈرنٹ سے کراچی بھر میں پانی حاصل کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18 تھانوں میں 204 مقدمے درج کیے گئے ہیں اور کے ڈبلیو ایس بی ایکٹ 1996 میں ترامیم تجویز کی گئی ہیں تا کہ پانی کا حکومتی ادارہ خود ان لوگوں کے خلاف کاروائی کر سکے جو پانی کے نظام میں خلل ڈال رہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 جنوری، صفحہ 13)

26 جنوری: قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کراچی میں پانی مافیا کے ٹھکانوں پر کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ اس مہم کے سربراہ آصف قادری نے بتایا کہ کارروائی کے دوران کئی زیر زمین سرنگیں بند کر دی گئیں اور موٹر پمپ ضبط کر لیے گئے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 جنوری، صفحہ 13)

14 فروری: پاکستان میں پانی کی کمی کے موضوع پر ایک مضمون میں وزیر پانی و بجلی خواجہ آصف کے ایک حالیہ انٹرویو کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آئندہ سات سالوں میں پاکستان پانی کی سخت کمی کا شکار ملک بن سکتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ پگھلتے گلیشئرز، بارشوں میں کمی، مستقل بنیادوں پر بدانتظامی نے پانی کی ترسیل کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ 2013 میں ایشین ڈیولپمنٹ بینک (ADB) کی پانی پر ایک رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ پاکستان پانی کی شدید کمی کا شکار ملک بن گیا ہے۔ پانی کی دستیابی فی کس 1,000 مربع میٹر ہوگئی ہے جو خشک سالی میں مبتلا ایتھوپیا کے برابر ہے۔ (سلمان مسعود، انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 14 فروری، صفحہ 3)

17 فروری: ضلع بدین میں پانی کی چوری نے تقریباً 15,000 ایکڑ زرعی زمین کو بنجر بنا دیا ہے۔ کسانوں نے کراچی میں ایک کانفرنس میں کہا کہ آبپاشی کے افسروں اور بڑے زمینداروں کے گھٹ جوڑ سے یہ چوری ہو رہی ہے۔ اکرم کنال کے پانی کو چھ غیر قانونی نالیوں کے ذریعہ چوری کیا جارہا ہے۔ (دی نیوز، 18 فروری، صفحہ 17)

18 فروری: کراچی میں پانی کے موضوع پر ایک کانفرنس میں پانی کے عالمی ماہر ڈاکٹر شاہد الحمد نے کہا ہے کہ اکیسویں صدی کی زراعت کو 19 ویں صدیں کے آبپاشی نظام کے ساتھ تصور کرنا مشکل ہے۔ صوبائی سطح پر پانی کے حوالے سے پالیسی کی ضرورت ہے تاکہ زراعت اور پینے کے پانی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ پانی کے استعمال میں بدانتظامی اور بدعنوانی کو روکا جاسکے۔ (دی نیوز، 19 فروری، صفحہ 17)

9 مارچ: ایک مضمون کے مطابق امریکہ میں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت فی کس 6,150 مربع میٹر، آسٹریلیا میں 5,000 جبکہ پاکستان میں یہ صلاحیت صرف 1,038 مربع میٹر ہے اس کے باوجود پاکستانی دنیا کے اوسط سے 10 گناہ زیادہ پانی استعمال کرتے ہیں۔ مضمون میں یہ تجویز دی گئی ہے کہ پانی کو نجی ملکیت بنا کر اس کی قیمت مقرر کرنے سے پانی کا بے جا استعمال رک سکتا ہے۔ ہر کسان کو مداخل کی طرح پانی کی قیمت بھی دینی چاہیئے۔ (علی سلمان، دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 مارچ، صفحہ 10)

22 مارچ: پانی کے عالمی دن کی مناسبت سے اخباری اداریے میں اقوام متحدہ کی 20 مارچ کو پانی پر جاری ہونے والی سالانہ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ پاکستان میں، جہاں دستیاب فی کس پانی میں تیزی سے کمی ہو رہی ہے، بڑے ڈیم بنانے کے بجائے دستیاب پانی کے نظام کو بہتر بنانے اور منصفانہ طور سے استعمال کرنے کی زیادہ ضرورت ہے۔ (ڈان، 22 مارچ، صفحہ 28)

22 مارچ: ایک مضمون میں واٹر رسک انڈکس کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ پانی کے عدم تحفظ کے شکار 10 ممالک میں پاکستان کا نمبر ساتواں ہے اور یہاں دستیاب پانی کا 97 فیصد آبپاشی اور زراعت کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ (اطہر نقوی، دی نیوز، 22 مارچ، صفحہ 28)

24 مارچ: کے ڈبلیو ایس بی کے چیف انجینئر جاوید شمیم نے کراچی میں این ای ڈی یونیورسٹی کے ایک

سیمنارر سے خطاب کرتے ہوئے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ بڑے رہائشی منصوبوں اور کئی منزلہ عمارتوں کی تعمیر سے کراچی میں پانی کا بحران اتنا بڑھ جائے گا کہ K-4 (کے-4) منصوبہ بھی شہر کی ضرورتوں کے لیے نا کافی ہوگا۔ شہر کو اس وقت 500 ملین گیلن یومیہ پانی کی کمی کا سامنا ہے۔ 2020 میں کے-4 منصوبے کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے بعد 260 ملین گیلن یومیہ مزید پانی کراچی شہر کو دستیاب ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 مارچ، صفحہ 14)

24 مارچ: پانی کے عالمی دن کے موقع پر زرعی یونیورسٹی ٹنڈو جام میں ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ فاؤنڈیشن (RDF) کے تعاون سے ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر مجیب الدین نے اس موقعے پر پانی کے با کفایت استعمال پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں 21 ملین ہیکٹر زمین پر کاشت کی جاتی ہے جس میں سے 18 ملین ہیکٹر کو آبپاشی کا پانی میسر ہے۔ (ڈان، 25 مارچ، صفحہ 19)

10 اپریل: ورلڈ واٹر ڈیولپمنٹ رپورٹ (WWDR) 2015 کے مطابق دنیا میں دستیاب پانی سے 2030 تک صرف 60 فیصد ضرورت پوری ہوسکے گی۔ چین، بھارت، بنگلہ دیش، نیپال اور پاکستان مل کر دنیا میں دستیاب تازہ زیر زمین پانی کی آدھی مقدار استعمال کرتے ہیں۔ (خیر محمد علی، دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 اپریل، صفحہ 7)

- آبپاشی

13 جنوری: آبپاشی کے نظام میں اصلاحات کے موضوع پر اسلام آباد میں انڈس کنسورشیم نے آکسفیم نویب کے تعاون سے ایک ورک شاپ منعقد کی۔ ماہرین نے اس موقع پر کہا کہ وژن کی کمی اور آبپاشی افسران اور کسانوں کے درمیان جاری جھگڑوں کی وجہ سے اصلاحات کا کام آبپاشی انتظامیہ نے تقریباً ختم کردیا ہے۔ رنگ پور کے چھوٹے کسانوں کی تنظیم کے صدر منظور حسین نے کہا کہ آخری سرے کے کسانوں کو سرکاری وارا بندی کا علم نہیں، نہ انہیں پانی کے حق کے بارے میں کچھ علم ہے اور نہ ہی انہیں

پانی ناپنے کے پیمانے (gauge) سے اپنے حصے کا تعین کرنا آتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 جنوری، صفحہ 5)

14 جنوری: وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے کینجھر جھیل سے کراچی تک 43 کلومیٹر لمبی کے بی فیڈر کنال کو پکا کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ اس کام پر 20 بلین روپے خرچ ہوں گے لیکن پانی کے رسنے کا عمل ختم ہونے سے جو پانی بچے گا وہ کراچی کے کے-4 منصوبے اور جنوبی سندھ میں آبپاشی کے کام آئے گا۔ ترکی اور جرمنی کی کمپنیوں کے اشتراک سے اس منصوبے پر عمل درآمد ہوگا جس کے لیے 50 فیصد تک بیرونی امداد حاصل ہوگی۔ (دی نیوز، 15 جنوری، صفحہ 17)

8 فروری: پنجاب کے آبپاشی کے وزیر میاں یاور زمان نے کہا ہے کہ دریائے ستلج پر سلیمانکی ہیڈورک کو بہتر بنایا جائے گا۔ چینی کمپنی کے تعاون سے دو سال میں یہ کام مکمل ہوگا جس پر 800 ملین روپے لاگت آئے گی۔ اس منصوبے سے اوکاڑہ، پاک پتن وہاڑی اور بھاول نگر میں آبپاشی کے لیے اضافی پانی مل سکے گا۔ (دی نیوز، 9 فروری، صفحہ 3)

23 فروری: ایک مضمون میں انڈس کنسورشیم رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے واضح کیا گیا ہے کہ آبپاشی نظام کا فائدہ دریائے سندھ کے بالائی علاقوں کو ملتا ہے جبکہ دریا کے پانی کو استعمال کرنے والے زیریں علاقے خاص کر انڈس ڈیلٹا انسانی ماحولیاتی اور معاشرتی تباہی کی تصویر پیش کرتا ہے۔ لیفٹ بینک آؤٹ فال ڈرین (LBOD) منصوبے نے سیلاب اور سمندری مداخلت کے حوالے سے ساحلی پٹی اور سندھ ڈیلٹا کو مزید خطرات سے دوچار کردیا ہے۔ (شاہد شاہ، دی نیوز، 23 فروری، صفحہ III)

2 مارچ: محکمہ آبپاشی سندھ کے مطابق روہڑی کنال کو 10 کلومیٹر تک پختہ کرنے کا کام وقت پر مکمل ہوگیا ہے جس پر 3.1 بلین روپے لاگت آئی ہے۔ (محمد حسین خان، ڈان، 2 مارچ، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

23 مارچ: ایک مضمون کے مطابق LBOD (ایل بی او ڈی) منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کی وجہ حکومت کی طرف سے منصوبے کے لیے مختص رقم جاری کرنے میں تاخیر ہے جس کی وجہ سے منصوبے کی لاگت تیزی سے بڑھتی جارہی ہے۔ اطلاعات کے مطابق ایل بی او ڈی I، II اور III کی لاگت 70 بلین روپے تک پہنچ گئی ہے۔ ایل بی او ڈی کے ذریعے سندھ اور بلوچستان کے نکاسی آب کو ٹھٹھہ میں گھارو کریک کے ذریعے بحیرہ عرب تک پہنچایا جائے گا۔ (محمد حسین خان، ڈان، 23 مارچ، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

3 اپریل: حکومتی اعداد و شمار کے مطابق ملک کے بڑے ڈیموں میں پانی کی سطح 38 فیصد بڑھ گئی ہے۔ 31 مارچ تک 2.75 ملین ایکڑ فٹ پانی موجود تھا جو پچھلے 10 سالوں کی اوسط سے چار گناہ زیادہ ہے۔ پچھلے سال اس دوران ڈیموں میں پانی کی سطح 1.986 ملین ایکڑ فٹ تھی۔ (دی نیوز، 4 اپریل، صفحہ 15)

3 اپریل: انڈس ریور سسٹم اتھارٹی (IRSA) کی مشاورتی کمیٹی کے تخمینے کے مطابق اس سال پانی کی دستیابی گزشتہ دس سالوں میں سب سے بہتر ہے جس کی وجہ سے بجلی کی پیداوار میں اضافہ ہوسکے گا، فصل اچھی ہوگی اور وافر پانی سمندر تک بہہ کر جاسکے گا۔ (ڈان، 4 اپریل، صفحہ 3)

5 اپریل: وفاقی وزیر برائے موسمی تبدیلی سینیٹر مشاہداللہ خان نے وفاقی اور صوبائی اداروں سے کہا ہے کہ وہ پانی کے حوالے سے درپیش مسائل پر اپنا کردار ادا کریں۔ انھوں نے کہا کہ ''پانی کے استعمال اور انتظام میں کارگر اور باکفایت طریقوں کا فروغ پائیدار ترقی کے معاشرتی اور معاشی اہداف کے لیے ضروری ہے''۔ (ڈان، 6 اپریل، صفحہ 5)

5 اپریل: بھاولپور صوبے کی بحالی کی تحریک کے سربراہ محمد علی درانی نے ایک اخبار نویس سے گفتگو میں کہا ہے کہ 6.4 ملین ایکڑ پر پھیلی بھاولپور کی زمین جو کبھی کثیر علاقے کو خوراک مہیا کرتی تھی خشک ہوکر گرد کا ڈھیر بن گئی ہے۔ سندھ تاس معاہدے کے بعد دریائے ستلج کے پانی کا حق بھارت کو مل گیا تھا جس کے

بعد علاقے کو سیراب کرنے کے لیے چناب سے تریموسلیمانکی لنک کنال نکالی جانی تھی جو اب تک نہیں بن پائی ہے۔ (دی نیوز 6 اپریل،صفحہ 2)

17 اپریل: سندھ اسمبلی نے متفقہ قرارداد کے ذریعے IRSA (ارسا) کی طرف سے چشمہ جہلم لنک کنال میں پانی چھوڑے جانے کو صوبوں کے مابین معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ (ڈان، 18 اپریل، صفحہ 17)

23 اپریل: ایک اعلی سطح کے اجلاس میں چیف ایگزیکٹو ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) ایس ایم منیر نے فیصلہ کیا ہے کہ کے ڈبلیو ایس بی کی لائنوں سے پانی چوری کے مسئلے پر صنعتکاروں کا ایک وفد کور کمانڈر کراچی، ڈی جی رینجرز اور وزیر اعلی سندھ سے جلد ملاقات کرے گا۔صنعتی علاقوں کو پانی کی ترسیل بہت کم ہو چکی ہے جس کی وجہ سے ان علاقوں سے برآمدات چھ فیصد کم ہو چکی ہیں۔ (دی نیوز، 24 اپریل،صفحہ 17)

23 اپریل: زرعی یونیورسٹی ٹنڈو جام اور RDF (آر ڈی ایف) کی جانب سے بارشوں اور سیلاب سے جمع شدہ پانی کے زرعی استعمال (اسپیٹ {spate} اریگیشن ٹیکنالوجی) پر ہوئے ایک ورکشاپ میں مقررین نے سندھ کے خشک علاقوں میں تیل والے بیجوں، دالوں اور گندم کی پیداوار میں اضافے کے لیے اس طریقہ آبپاشی کے استعمال کا مشورہ دیا ہے۔ (دی نیوز، 24 اپریل،صفحہ 17)

- پن بجلی ڈیم

5 جنوری: پیپلز پارٹی کے شریک چیئرپرسن آصف علی زرداری نے روہڑی کنال اور نارا کنال پر پن بجلی منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ منصوبے سکھر بیراج کے بائیں حصے سے نکلنے والی کنال پر بنائے جائیں گے جو 20 ماہ میں مکمل ہوں گے۔ دونوں منصوبوں پر پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ کے تحت بل ترتیب 36.4

ملین اور 47 ملین ڈالرز خرچ ہوں گے۔ (دی ایکسپریس ٹربیون، 6 جنوری، صفحہ 1)

15 جنوری: خیبر پختون خواہ حکومت کا پہلا چھوٹا پن بجلی منصوبہ مقامی آبادی کی مدد سے ضلع بٹگرام میں شروع کیا گیا ہے۔ ایسے 356 منصوبے صوبے کے 12 شمالی اضلاع میں شروع کیے جائیں گے۔ (دی نیوز، 16 جنوری، صفحہ 5)

6 مارچ: چیئرمین ارسا راقب خان نے سیکرٹری پانی و بجلی کو ایک خط میں لکھا ہے کہ موسمی تبدیلی اور پانی کے بحران کے پیش نظر حکومت تمام ترقیاتی کاموں کو پانچ سالوں کے لیے منجمد کرکے رقم بڑے ڈیموں کی تعمیر کے لیے استعمال کرے۔ یہ کام ہنگامی بنیاد پر اولین ترجیح کے طور پر کیا جانا چاہیے۔ اس وقت کم از کم 22 ملین ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ (ڈان، 7 مارچ، صفحہ 1)

12 مارچ: ایک مضمون کے مطابق پاکستان چین اقتصادی راہداری منصوبے کے تحت مکمل کیے جانے والے منصوبوں میں حکومتی ترجیح اب پن بجلی کے بجائے مہنگے تیل اور گیس سے توانائی حاصل کرنے والے منصوبوں پر ہے۔ یوں لگتا ہے کہ بجلی کے منصوبے 2018 میں آنے والی حکومت مکمل کرے گی۔ (ظفر بھٹا، دی ایکسپریس ٹربیون، 12 مارچ، صفحہ 10)

13 مارچ: لاہور میں چیئرمین واٹر اینڈ پاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (WAPDA) ظفر محمود کی زیرصدارت فیصلہ کیا گیا ہے کہ WAPDA (واپڈا) اپنے کچھ قیمتی اثاثے جن کی مالیت کئی بلین روپے ہے، عوام میں فروخت کرے گی تاکہ ڈیموں کی تعمیر اور پن بجلی منصوبوں کے لیے سرمایہ اکھٹا کیا جاسکے۔ پاکستان کے پاس صرف 14 فیصد پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت ہے جب کہ عالمی اوسط اس حوالے سے 40 فیصد ہے۔ (دی ایکسپریس ٹربیون، 14 مارچ، صفحہ 10)

18 اپریل: بلوچستان ہائی کورٹ کے ڈویژن بنچ نے منگی ڈیم پر کام بند ہوجانے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ عدالت نے وزیر اعلی اور چیف سیکریٹری کو کام جلد مکمل کرانے کا حکم دیا ہے۔ منگی ڈیم کوئٹہ کو پانی فراہم کرنے کا بڑا ذریعہ ہے جہاں پانی کے حوالے سے صورت پہلے ہی تشویش ناک ہے۔ (ڈان، 19 اپریل، صفحہ 3)

25 اپریل: زیر زمین پانی کی سطح میں تیزی سے کمی کے پیش نظر وزیر اعلی بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے عالمی بینک اور ADB (اے ڈی بی) سے صوبے مین ڈیموں کی تعمیر کے لیے امداد طلب کی ہے۔ (ڈان، 26 اپریل، صفحہ 5)

26 مارچ: ارسا کے ڈائریکٹر آپریشنز خالد رعنا نے کہا ہے اس سال خریف کے موسم میں پانی کی کمی نہیں ہوگی۔ صوبوں کو 100 ملین ایکڑ فٹ پانی دستیاب ہوگا۔ یکم اگست کو ارسا اپنی مشاورتی کمیٹی میں پانی کی تقسیم اور اس کی فراہمی کے لیے حکمت عملی طے کرے گی۔ (ڈان، 27 مارچ، صفحہ 10)

22 مارچ: ایک مضمون میں چیئرمین ارسا راغب خان کے حالیہ بیان کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ یہ درست ہے کہ پاکستان کے بڑے ڈیموں میں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت 27 فیصد کم ہوگئی ہے اور اسکا فوری تدراک ضروری ہے لیکن اس کے لیے بے تکے مشورے مرض کو بڑھا سکتے ہیں۔ ارسا کو ملک کی سیاسی نزاکتوں اور تکنیکی حقیقتوں کو دیکھنے کی ضرورت ہے۔ (نصیر میمن، دی نیوز، 22 مارچ، صفحہ II)

کاروٹ پن بجلی منصوبہ:

1 مارچ: محکمہ تحفظ ماحولیات پنجاب نے 720 میگاواٹ کے کاروٹ (Karot) پن بجلی منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ منصوبہ 1.4 بلین ڈالرز کی لاگت سے دریائے جہلم پر کہوٹہ کے مقام پر تعمیر ہوگا۔ ایک چینی کمپنی نجی طور پر بجلی گھر تعمیر کرکے تیس سال تک چلانے کے بعد حکومت کے حوالے کردے گی۔ (ڈان،

12 مارچ،صفحہ 4)

دیامر بھاشاڈیم:

2 مارچ: وفاقی حکومت نے کئی ماہ کی تاخیر کے بعد دیامر بھاشاڈیم کے لیے 101 ملین روپے کی منظوری دے دی۔ اس رقم سے ڈیم کے لیے زمین کی خریداری اور بے دخل لوگوں کی آبادکاری کی جائے گی۔ اس حکومتی اقدام سے ڈیم کی تعمیر میں حائل ایک بڑی رکاوٹ دور ہوگئی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 مارچ، صفحہ 1)

نیلم جہلم:

13 جنوری: نیلم جہلم منصوبے کے ڈائریکٹر لیفٹننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد زبیر نے امور کشمیر و گلگت بلتستان پر سینٹ کی قائمہ کمیٹی کو بتایا کہ نیلم جہلم منصوبہ اس سال مکمل نہیں ہو پائے گا۔ افسران وسائل کی کمی کی وجہ سے 2016 کو منصوبے کی تکمیل کا سال تصور کررہے ہیں۔ منصوبہ 2008 میں شروع کیا گیا تھا اور ابھی صرف 69 فیصد کام مکمل ہو پایا ہے۔ منصوبے کی لاگت کا تخمینہ 274.88 بلین روپے ہوگیا ہے جس میں سے 166.3 بلین روپے خرچ ہو چکے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 جنوری،صفحہ 9)

تربیلا:

19 فروری: ایک خبر کے مطابق وزیراعظم کے اگلے الیکشن سے پہلے 1,410 میگاواٹ بجلی کو قومی گرڈ میں شامل کرنے کے منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے فیصلہ کیا گیا ہے کہ 51 ملین ڈالرز کے چوتھے تربیلا توسیعی منصوبے کو سات مہینے پہلے مکمل کیا جائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 فروری،صفحہ 10)

6 مارچ: چیئرمین واپڈا ظفر محمود کے مطابق واپڈا، سائنو ہائیڈرو اور وائتھ ہائیڈرو پر مشتمل کنسورشیم نے ایک رسمی معاہدے پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت تربیلا کے چوتھے توسیعی منصوبے (T4) پر کام کی رفتار کو

تیز کیا جائے گا جس سے منصوبہ آٹھ مہینے پہلے 2017 میں مکمل ہو جائے گا۔ توسیعی منصوبے کی تکمیل کے بعد تربیلا ڈیم کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت 3.488 میگاواٹ سے بڑھ کر 4,888 میگاواٹ ہو جائے گی۔ تربیلا کا پانچواں توسیعی منصوبہ بھی شروع کیا جائے گا جو جون 2018 میں مکمل ہوگا جس کے بعد تربیلا سے 6,200 میگاواٹ بجلی پیدا ہوسکے گی۔ (ڈان، 7 مارچ، صفحہ 10)

12 اپریل: واپڈا نے تربیلا ڈیم کے چوتھے توسیعی منصوبے پر پچھلے دو سالوں سے جاری کام کے معیار اور رفتار پر تنقید کرتے ہوئے ذمہ دار کمپنی کو خط بھیجا تھا جس میں کام میں تاخیر کا ذکر کیا گیا تھا۔ اب چھ ہفتے بعد واپڈا اسی کمپنی کے ٹھیکدار کو 15 ملین ڈالرز ادا کرنے پر رضامند ہوگئی ہے۔ اس منصوبے کے ماہرین بھی اعلان کر چکے ہیں کہ ٹھیکیدار کی طرف سے جمع کروایا گیا نقشہ تکنیکی اور حقیقی طور سے صیح نہیں جو ڈیم پر دباؤ بڑھا کر اسے نقصان پہنچا سکتا ہے۔ (ڈان، 13 اپریل، صفحہ 3)

داسو ڈیم:

16 مارچ: واپڈا نے 2,160 میگاواٹ بجلی کی پیداواری صلاحیت کے حامل داسو پن بجلی منصوبے کے پہلے مرحلے کا آغاز دو سڑکوں کی تعمیر کے لیے معاہدوں سے کردیا۔ معاہدہ واپڈا اور چائنا سول انجینئرنگ کنسٹرکشن کارپوریشن (CCECC) کے درمیان لاہور میں ہوا۔ پہلے معاہدے کے تحت14.538 بلین روپے سے 564 دنوں میں 25 کلومیٹر سڑک شاہرا قراقرم سے نکالی جائے گی۔ دوسرے معاہدے کے تحت دریائے سندھ کے دائیں کنارے سے 12 کلومیٹر طویل سڑک کے ذریعے ڈیم کے تعمیری مقام کو کومیلا سے ملایا جائے گا جس پر 2.713 بلین روپے خرچ ہونگے اور یہ کام ایک سال میں مکمل ہوگا۔ (دی، نیوز، 17 مارچ، صفحہ 15)

آکھوری ڈیم:

22 مارچ: ڈیموں کی تعمیر پر زور دیتے ہوئے سابق سیکریٹری آبپاشی پنجاب جاوید مجید نے اپنے ایک

مضمون میں کہا ہے کہ تربیلا میں مٹی کی تہہ جم جانے سے پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کم ہوگئی ہے، کالاباغ ڈیم پر قومی اتفاق رائے نہیں ہوسکا اور دیامر بھاشا ڈیم کا مقام زلزلوں کی وجہ سے نہایت خطرناک ہے۔ اگر 2015 میں اس ڈیم پر کام شروع ہو بھی گیا تو 2027 سے پہلے مکمل نہیں ہو پائے گا اس لیے دریائے سندھ پر ایک بڑا ڈیم بنانا ضروری ہے۔ اس حوالے سے حسن ابدال کے قریب چھ ملین ایکڑ فٹ استعداد کا آکھوری ڈیم کا منصوبہ زیرِغور ہے۔ (جاوید مجید، دی نیوز، 22 مارچ، صفحہ II)

کالا باغ ڈیم:

22 اپریل: چارسدہ سے آل پاکستان مسلم لیگ کے رہنماء نادر خان نے پشاور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی ہے جس میں عدالت سے کہا گیا ہے کہ وہ کالا باغ ڈیم کی تعمیر کا حکم صادر کرے کیونکہ یہ منصوبہ پانی اور بجلی کی کمی دور کرنے کے لیے ضروری ہے۔ (ڈان، 23 اپریل، صفحہ 7)

چنیوٹ ڈیم:

6 اپریل: منصوبہ بندی کمیشن کی سینٹرل ڈیولپمنٹ ورکنگ پارٹی (CDWP) نے حال ہی میں چنیوٹ ڈیم کی قابل عمل ہونے کی رپورٹ کی منظوری دی تھی۔ واپڈا رپورٹ کی تیاری کے لیے اپنے ذرائع سے 86.7 ملین روپے کا بندوبست کرے گی جبکہ 50 ملین روپے وفاقی حکومت فراہم کرے گی۔ ڈیم کی تعمیر کے لیے ابتدائی رپورٹ کی تیاری پر لاگت کا تخمینہ 136.724 ملین روپے ہے۔ چنیوٹ میں لوہے، تانبے اور سونے کے ذخائر کی دریافت کے بعد مستقبل میں صنعتوں کی ضروریات کے پیش نظر ڈیم کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ (دی نیوز، 7 اپریل، صفحہ 15)

چھوٹے ڈیم:

13 مارچ: وزیرآبپاشی خیبر پختون خواہ محمود خان نے پشاور میں اخباری نمائندوں کو بتایا کہ بنجر زمینوں کو قابل کاشت بنانے کے لیے خیبر پختون خواہ حکومت نے چھوٹے ڈیموں کے منصوبے جلد مکمل کرنے اور

پانی کے نئے ذخائر بنانے کی منصوبہ بندی مکمل کرلی ہے۔ نو ڈیموں پر کام مکمل ہوچکا ہے، چھ پر جاری ہے۔ 11 کے نقشے کی تفصیلات مکمل ہیں اور 10 چھوٹے ڈیموں کے نقشے بنائے جارہے ہیں جبکہ 16 مزید آبی ذخائر کی تعمیر کے لیے قابل عمل ہونے کی رپورٹ تیار کی جارہی ہے۔ (ڈان، 14 مارچ، صفحہ 7)

17 مارچ: مظفرآباد میں آزاد کشمیر حکومت اور جنوبی کوریا کی ایک کمپنی نے گل پور پن بجلی منصوبے کی تعمیر کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ 102 میگاواٹ کا یہ بجلی گھر دریائے پونچھ پر بنایا جائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 مارچ، صفحہ 4)

26 مارچ: ضلع چترال اپنی توانائی کی ضروریات کے لیے چھوٹے منصوبوں پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ چترال میں اگلے دو سالوں میں چھوٹے پن بجلی یونٹ قائم کیے جائیں گے۔ اس مقصد کے لیے سرحد رورل سپورٹ پروگرام (SRSP) اور آغا خان رورل سپورٹ پروگرام (AKRSP) کے ساتھ یورپی یونین، پاکستان پاورٹی ایلی ویشن پروگرام (PPAP) اور حکومت خیبر پختون خواہ مل کر کام کررہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 مارچ، صفحہ 2)

- ٹیوب ویل

7 فروری: وزارت پانی و بجلی کے ایک بیان کے مطابق وزارت نے کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (QESCO) کو کہا ہے کہ وہ ایک ماہ پہلے زرعی استعمال میں ٹیوب ویلوں کی عدم ادائیگی کی وجہ سے منقطع کی گئی بجلی فوری بحال کرے۔ اس بجلی پر حکومت 44,000 روپے ماہانہ زرتلافی دیتی ہے جس کا 40 فیصد وفاقی حکومت اور 60 فیصد صوبائی حکومت برداشت کرتی ہے۔ بلوچستان میں 15,660 ٹیوب ویلوں پر زرتلافی دی جاتی ہے اور ہر ٹیوب ویل سے مختص رقم 6,000 روپے ماہانہ وصول کی جاتی ہے۔ QESCO (کیسکو) کو 10 بلین روپے کے بقایاجات ٹیوب ویل پر زرتلافی کی مد میں وفاقی اور صوبائی حکومت سے لینے ہیں جبکہ زرعی صارفین کو 119 بلین روپے کیسکو کو ادا کرنے ہیں۔ وفاقی اور صوبائی سطح پر بقایاجات

کی ادائیگی پر بات چیت جلد متوقع ہے۔ (ڈان، 8 فروری، صفحہ 1)

- فلٹریشن پلانٹ

16 فروری: پاکستان ایگری کلچرل ریسرچ کونسل (PARC) نے شمسی توانائی سے چلنے والے گھریلو پانی صاف کرنے والے پلانٹ بنائے ہیں جو ضلع عمرکوٹ میں نصب کیے جائیں گے۔ یہ پلانٹ 40,000 سے 45,000 لٹر یومیہ پانی صاف کریں گے اور اس پلانٹ پر 65,000 سے 70,000 روپے لاگت آئے گی۔ (محمد حسین خان، ڈان، 16 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

1 مارچ: سول جج مٹھی میاں فیاض ربانی، جو سندھ ہائی کورٹ کے حکم پر تھرپارکر میں بحالی کے کاموں کی نگرانی پر مامور کیے گئے ہیں، نے ڈپٹی کمشنر مٹھی کو بتایا ہے کہ کچھ عرصے پہلے ہی افتتاح کیے گئے ایشیا کے سب سے بڑے ریورس آسموسس (R-O) آر او پلانٹ میں پانی ذخیرہ کرنے کی مطلوبہ گنجائش نہیں ہے۔ سول جج نے پلانٹ کی دیکھ بھال کرنے والی تھرکول اتھارٹی (TCA) سے کہا ہے کہ وہ پلانٹ میں دو ملین گیلن یومیہ کے حساب سے سات دنوں کا پانی ذخیرہ کرنے کی سہولت کو یقینی بنائے۔ سول جج پہلے بھی نشاندہی کرچکے ہیں کہ پانی کے معیار کو جانچنے کے لیے یہاں کوئی لیبارٹری موجود نہیں ہے۔ (ڈان، 2 مارچ، صفحہ 17)

8 مارچ: ایک مضمون کے مطابق تھرپارکر کی تاریخ میں پہلی بار لوگوں کو پینے کا صاف پانی مفت مل رہا ہے۔ حکومت سندھ نے پہلے مرحلے میں 300 گاؤں کا سروے کرنے کے بعد R-O (آر او) پلانٹ لگانے کے لیے انتخاب کیا اور مقامی انتظامیہ کی مدد سے چار مہینے کی قلیل مدت میں تمام 300 شمسی توانائی سے چلنے والے پانی صاف کرنے کے پلانٹ لگائے۔ اب مزید 435 مقامات کا سروے جاری ہے امید کی جا رہی ہے کہ اگلے چار سے پانچ مہینوں میں 450 گاؤں میں پانی کی فراہمی کا کام مکمل ہو جائے گا۔ اس طرح 750 گاؤں کا ہمیشہ کے لیے پانی کا مسئلہ حل ہو سکے گا۔ (سید منہاج الرب، دی نیوز، 8 مارچ،

صفحہ 10)

14 مارچ: وزیر اعلی شہباز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب کے زیادہ تر شہروں میں 2017 تک صاف پانی دستیاب ہوگا۔ اس مقصد کے لیے پہلے مرحلے میں 300 پانی صاف کرنے والے پلانٹ چار شہروں میں لگائے جائیں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 مارچ، صفحہ 5)

## بیج

16 مارچ: ایک مضمون میں تیل والے بیجوں کو کاشت کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ نہ حکومت اور نہ ہی کاشتکار اس طرف توجہ دے رہے ہیں۔ سورج مکھی، سرسوں، کنولا اور رائی کے بیج جن صوبوں میں پیدا ہوتے ہیں وہاں ان پر سرمایہ کاری کی فضا مناسب نہیں ہے۔ خوردنی تیل کی برآمدات پر بھاری اخراجات کو کم کرنے کے لیے گندم کی امدادی قیمت کی طرح تیل والے بیجوں کی کاشت کے لیے بھی امدای قیمت کا سلسلہ شروع کیا جانا چاہیئے۔ وفاقی حکومت کے اعداد وشمار کے مطابق سورج مکھی کی کاشت 2013 میں 383,000 ایکڑ زمین پر کی گئی جب کہ 11-2010 تک سندھ میں 1.1 ملین ایکڑ پر سورج مکھی کاشت ہوتی تھی۔ (محمد حسین خان، ڈان، 16 مارچ، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

- ہائیبرڈ بیج

23 فروری: لاہور میں وزیر زراعت پنجاب فرخ جاوید نے مکئی کے بیج (YH-1898) کو متعارف کرانے کے لیے منعقد کی گئی تقریب میں کہا ہے کہ زیادہ پیداوار دینے والا مکئی کا یہ بیج میز اینڈ ملٹ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (MMRI) ساہیوال نے تیار کیا ہے جو زرعی شعبہ میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا اور اس سے ملٹی نیشنل کمپنیوں کی اجارہ داری کو محدود بھی کیا جاسکے گا۔ انہوں نے کہا مقامی ہائبرڈ کی قیمت برآمدی بیج سے کم از کم تین گنا کم ہوگی جس سے کسانوں کی پیداواری لاگت میں خاصی کمی آئے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 24 فروری، صفحہ 10)

13 اپریل: ایک مضمون کے مطابق زیادہ پیداوار حاصل کرنے اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے زرعی ماہرین ہائبرڈ بیجوں پر تجربات کررہے ہیں جن میں سے مکئی، گندم اور سورج مکھی کے ہائبرڈ بیج کافی عرصے سے استعمال ہورہے ہیں۔ اس حوالے سے پنجاب سیڈ کارپوریشن اور MMRI (ایم ایم آر آئی) کا تیار کردہ مکئی کا ہائبرڈ بیج 100 من فی ایکڑ پیداوار دینے کی صلاحیت رکھتا ہے جب کہ اس وقت ملک میں اوسط پیداوار 62 من فی ایکڑ ہے۔ یہ بیج خزاں اور سردی دونوں موسموں میں لگایا جاسکتا ہے۔ سندھ اور بلوچستان میں چاول کا بیج GNY50 اور GNY53 متعارف کرایا گیا ہے۔ پنجاب میں گندم کی نئی اقسام بیجنگ۔ 6 اور بیجنگ۔ 7 کے استعمال سے اس سال فی ایکڑ پیداوار زیادہ حاصل ہوئی ہے۔ بلوچستان کے تین اضلاع میں سورج مکھی کی کئی اقسام کا تجربہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ہائبرڈ چارے کے بیج نیشنل ایگری کلچرل ریسرچ سینٹر (NARC) نے تیار کیے ہیں جب کہ کنولہ اور سورج مکھی کا ہائبرڈ بیج PARC (پارک) نے تیار کیا ہے۔ (محی الدین اعظم، ڈان، 13 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

17 اپریل: نیشنل سیڈ کونسل کے مشورے پر پارک نے چاول کی 11 نئی اقسام کی منظوری دی ہے۔ ان میں سات ہائبرڈ اور چار اوپن پولینیٹڈ (OP) بیج کی اقسام ہیں۔ (ڈان، 18 اپریل، صفحہ 10)

- جینیاتی بیج

5 جنوری: ٹیکسٹائل کے وفاقی وزیر عباس خان آفریدی نے رکن قومی اسمبلی عمران ظفر کے ایک سوال پر اپنے تحریری جواب میں کہا ہے کہ پاکستان بی ٹی کپاس کا بیج استعمال کرنے والا چوتھا بڑا ملک ہے جہاں کپاس کی پیداوار کا 83 فیصد بی ٹی بیج سے اگایا جارہا ہے۔ پاکستان میں استعمال ہونے والی کپاس کی جینیاتی اقسام MON531 اور Cry1AC ہیں جن کے پیٹینٹ (patent) کی معیاد ختم ہوچکی ہے لہذا اسے آزادی سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ وزارت کے مطابق سندھ سیڈ کونسل نے صوبے میں نومبر 2014 میں بی ٹی کپاس کی دو اقسام MNH-886 اور FH-142 جاری کی ہیں اور ستمبر 2014 میں بیج کے تصدیق پر ماہرین کی تربیت کا ایک پروگرام بھی ہوچکا ہے۔ (ڈان، 6 جنوری، صفحہ 10)

• بیج ترمیمی بل 2014

19 مارچ: ایک خبر کے مطابق قومی اسمبلی نے بیج ترمیمی بل 2014، 16 مارچ کو پاس کردیا ہے جسے اب سینٹ اور صدر پاکستان کی منظوری کے مرحلوں سے گزرنا ہے۔ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات بوسن نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ یہ بل اگلے تین مہینوں میں منظور کرے گی جس کے بعد غیر ملکی کمپنیوں کو بیج کے شعبے میں سرمایہ کاری کی اجازت مل جائے گی۔ پاکستان سیڈ کارپوریشن کے ایک سابق افسر محمد بوٹہ سرور نے حیدر آباد میں کہا ہے کہ یہ بل ملٹی نیشنل کمپنیوں کی خواہشوں کو پورا کرنے کے لیے پاس ہوا ہے۔ اس قانون سے پاکستانی منڈی میں ہائبرڈ اور جینیاتی بیج کی درآمد میں غیر ملکی کمپنیوں کی اجارہ داری قائم ہوجائے گی اور وہ کسان جو غیر رسمی طریقے سے بیج کا تبادلہ کرتے ہیں ان کے ساتھ ناانصافی ہوگی کیونکہ بل پاس ہونے کی صورت میں کسانوں کو صرف لائسنس یافتہ فروخت کنندہ یا کمپنی سے ہی بیج خریدنا پڑے گا۔ سندھ چیمبر آف ایگری کلچر (SCA) کے جنرل سیکریٹری نبی بخش سہتو نے کہا ہے کہ اس قانون پر عمل درآمد اٹھارویں ترمیم کی خلاف ورزی ہوگی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 مارچ، صفحہ 11)

29 مارچ: ایک مضمون میں 16 مارچ کو پاس ہونے والے بیج ترمیمی ایکٹ 2014 کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ یہ ایکٹ قومی اسمبلی سے اس دن پاس ہوا جب ارکان کی تعداد بہت کم تھی۔ یہ ایکٹ بیج کے شعبے میں غیر ملکی کمپنیوں کے کردار کو بڑھاتا ہے اور جینیاتی طور سے تبدیل شدہ غیر قانونی بیجوں کو قانونی قرار دیتا ہے۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 29 مارچ، صفحہ 4، بزنس فنانس)

7 اپریل: اخبار ڈان اپنے اداریے میں لکھتا ہے کہ بیج ترمیمی بل 2014 پاکستانی پارلیمانی کاروائی کے ذریعے اپنا راستہ بنا رہا ہے۔ اگر پارلیمنٹ اسے منظور کرلیتی ہے تو اس کے اثرات ملکی زراعت پر بڑے دوررس ہونگے۔ اس قانون سے جینیاتی بیجوں کے لیے راستہ کھل جائے گا اور بیج کے شعبے میں کمپنیوں کو ذہنی ملکیت کے حقوق مل جائیں گے۔ (ڈان، 7 اپریل، صفحہ 6)

13 اپریل: پاکستان ترمیمی سیڈ ایکٹ 2014 کے حوالے سے ایک مضمون میں بتایا گیا کہ قومی اسمبلی سے سیڈ ایکٹ منظور ہونے سے صرف چالان پہلے ہی عالمی ادارہ برائے صحت کے ایک ذیلی ادارے انٹرنیشنل ایجنسی فار ریسرچ آن کینسر کی ایک تحقیق میں انکشاف کیا گیا ہے کہ گلائی فو سیٹ، جو جڑی بوٹی تلف کرنے والے زہریلی ادویات میں شامل کیا جاتا ہے، انسانوں میں کینسر کی وجہ بن سکتا ہے کیونکہ گلائی فوسیٹ مونسانٹو کمپنی کی ایک جڑی بوٹی تلف کرنے والی دوا راؤنڈز اپ ریڈی میں بڑے پیمانے پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ دوا بہت بڑے پیمانے پر جینیاتی پودوں پر استعمال کی جارہی ہے۔مضمون میں اس بات کی نشاندہی کی گئی ہے کہ جینیاتی فصلوں کے خلاف یورپی یونین کے کئی ممالک میں بڑے پیمانے پر مخالفت نظر آتی ہے۔ پاکستان میں بائیوسیفٹی کمیٹی اس وقت فعال نہیں ہے اور ملک کے ذمہ دار ادارے جینیاتی بیج اورفصلوں کے خلاف رائے کا اظہار کرچکے ہیں۔ ان حالات میں سینیٹ کو بیج پر نئے قانون کو کسان اورعوام دوست بنانے پرغور کرنا چاہیے۔ (عذرا طلعت سعید، ڈان، 13 اپریل،صفحہ 3، بزنس اینڈ فنانس)

27 اپریل: ایک مضمون میں بیج ترمیمی بل 2014 پر تبصرہ کرتے ہوئے مضمون نگار نے لکھا ہے کہ یہ بل بدلتی ہوئی ضروریات کے تحت پیش کیا گیا ہے۔ بیج ایکٹ 1976 نجی شعبے کی بیج کمپنیوں کا احاطہ نہیں کرتا جب کہ بیج ترمیمی بل 2014 موجودہ قانون کو بہتر بتاتے ہوئے جدید بیج صنعت کی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور ملک پر بطور رکن ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن (WTO) جو ذمہ داریاں ہیں انھیں پوری کرتا ہے۔ اداریہ میں یہ بھی نشاندہی کی گئی ہے کہ کسان تنظیمیں اس بل کے تحت بیج پر کسانوں کی ملکیت کے خاتمے اور بیج کومحفوظ اس کے تبادلے اور فروخت کرنے کے حق پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ (محمد افضل، ڈان، 27 اپریل،صفحہ 4، بزنس فنانس)

## کسان/مزدور

10 جنوری: اسلام آباد میں انسانی حقوق کی تنظیم کے اہلکاروں نے سپریم کورٹ میں ایک درخواست جمع کرائی ہے جس کے مطابق صوبہ پنجاب میں پتھر توڑنے اور پیسنے کے 66 کارخانوں کے پاس لائسنس

نہیں ہے۔ ایسے کارخانوں میں کام کے دوران احتیاطی تدابیر پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے پھیپھڑوں کی بیماریاں اور سلی کوسیس (Silicosis) جیسی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ یاد رہے کہ پنجاب میں کل 82 پتھر توڑنے کے کارخانے ہیں جن میں سے صرف 16 تصدیق شدہ اور لائسنس یافتہ ہیں جبکہ باقی 66 غیر قانونی ہیں۔
(ڈان، 11 جنوری، صفحہ 3)

10 جنوری: ایک خبر کے مطابق سندھ کے ضلع سجاول میں ملچند (Mulchand) کے جنگلات کے علاقے میں رہائش پزیر 400 کسانوں پر جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں، فارسٹ آفیسر نے انسداد دہشت گردی کے قانون کے تحت مقدمہ دائر کردیا ہے۔ اس علاقے میں کھیتی باڑی کرنے والے کسان خاندانوں کو محکمہ جنگلات کی طرف سے پہلے کئی بار علاقہ خالی کرنے کو کہا گیا تھا اور ایسا نہ کرنے پر جب ان سے زبردستی علاقے خالی کروانے کی کوشش کی گئی تو کسانوں نے مزاحمت کی جس کے بعد ان پر مقدمہ دائر کیا گیا۔ گاؤں والوں کا کہنا ہے کہ کسی بڑے بااثر فرد کے کہنے پر انہیں بے دخل کیا جارہا ہے۔
(ڈان، 11 جنوری، صفحہ 19)

23 جنوری: سندھ ایگریکلچر اینڈ فشنگ ورکرز یونین (SAFWU) کو رجسٹرار ٹریڈ یونین نے سندھ انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ 2013 کے تحت رجسٹر کرلیا ہے۔ اس طرح سندھ ملک کا پہلا صوبہ بن گیا ہے جہاں زراعت اور ماہی گیری کے شعبے میں کام کرنے والوں کو قانون کے تحت مزدور تسلیم کیا گیا ہے اور اس شعبے میں پہلی ٹریڈ یونین کی رجسٹریشن بھی ہوچکی ہے۔ (دی نیوز، 24 جنوری، صفحہ 17)

16 فروری: پاکستان فیشر فوک فورم (PFF) کے مطابق اس وقت تقریباً 248 پاکستانی ماہی گیر بھارتی جیلوں میں قید ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 فروری، صفحہ 13)

10 مارچ: فاٹا سیکریٹریٹ کے مطابق وفاقی حکومت نے ماہی گیروں اور اس پیشے کو اپنانے کے خواہشمند

افراد کے لیے مہمند ایجنسی میں ماہی گیری کے جدید طریقوں کی تعلیم کے لیے ایک آرٹ ٹریننگ سینٹر تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس پر تقریباً 60 ملین روپے لاگت کا تخمینہ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 11 مارچ، صفحہ 11)

21 مارچ: پاکستانی حکام نے بھارتی ماہی گیروں کی ضبط کی گئی 57 کشتیوں کو بھارتی حکام کے حوالے کر دیا ہے۔ (ڈان، 22 مارچ، صفحہ 16)

7 اپریل: کوئٹہ میں کاشتکاروں اور زمینداروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے سال 2015 کو کاشتکاروں کا سال قرار دیا ہے اور اعلان کیا ہے کہ حکومت صوبے کو خود مختار بنانے کے لیے اب زراعت، مال مویشی اور ماہی گیری کی ترقی پر توجہ مرکوز رکھے گی۔ (ڈان، 8 اپریل، صفحہ 5)

18 اپریل: میری ٹائم سیکوریٹی ایجنسی نے سمندری حدود کی خلاف ورزی کرنے پر 47 بھارتی ماہی گیروں کو گرفتار کر کے کراچی پولیس کے حوالے کردیا ہے۔ ماہی گیروں کی آٹھ کشتیاں بھی حراست میں لی گئی ہیں۔ جیل حکام کے مطابق 428 بھارتی ماہی گیر پہلے ہی پاکستانی جیلوں میں قید ہیں۔ (دی نیوز، 19 اپریل، صفحہ 13)

23 اپریل: ایک مضمون کے مطابق پاکستان کے ساحلی علاقوں کی آبادی کا 79 فیصد حصہ خط غربت سے نیچے زندگی گزارتا ہے۔ سال 13-2012 کے ایک سروے کے مطابق ان افراد کی ماہانہ آمدنی 6,221 روپے ہے۔ یہ علاقے سڑک سے دور ہیں اور تعلیمی و بنیادی صحت کی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ (زینت حصام، ڈان، 23 اپریل، صفحہ 9)

- جبری مشقت

14 جنوری: سپریم کورٹ کے پانچ رکنی بنچ نے جسٹس انور ظہیر جمالی کی سربراہی میں وفاقی اور سندھ حکومت سے کہا ہے کہ وہ بتائیں کہ کیا زمیندار اب بھی ہاری، جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں، جبری مشقت کے لیے رکھتے ہیں؟ بنچ نے سندھ کے ایڈوکیٹ جنرل کو اس سوال کے جواب کے ساتھ عدالت میں حاضر ہونے کا کہا ہے کہ ''کیا پاکستان میں جبری مشقت کے خاتمے کا ایکٹ 1992 زرعی شعبے میں جبری مشقت کا بھی احاطہ کرتا ہے اور اگر ابھی بھی زراعت میں جبری مشقت موجود ہے تو سندھ حکومت نے اس کے خاتمے کے لیے کیا کیا ہے؟'' (ڈان، 15 جنوری، صفحہ 1)

2 مارچ: ملتان میں جبری مشقت کے موضوع پر ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس اینڈ پیس کمیشن (JPC) کے ایگزیکٹو سیکرٹری حیاسنتھ پیٹر (Hyacinth Peter) نے اینٹوں کے بھٹوں پر جبری مشقت کرنے والوں کے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کم سے کم تنخواہ نہ ملنے کی وجہ سے مزدور قرض لینے پر مجبور کردیے جاتے ہیں اور اگر مزدور مستقل بیمار ہو جائے یا مر جائے تو قرض دوسرے افراد خانہ پر منتقل ہو جاتا ہے۔ حکومت کو جبری مشقت پر پالیسی کا جلد از جلد اعلان کرنا چاہئے۔ گلوبل سیلوری انڈیکس 2014 کے مطابق 167 مما لک کی فہرست میں پاکستان تیسرے نمبر پر ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 3 مارچ، صفحہ 5)

24 مارچ: خیبر پختون خواہ حکومت کی طرف سے جبری مشقت کے خاتمے اور بچوں کی مزدوری کے خلاف بلوں کو اسمبلی میں پیش کیا گیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 25 مارچ، صفحہ 17)

6 اپریل: خیبر پختون خواہ اسمبلی نے متفقہ طور پر صوبے میں جبری مشقت کے خاتمے کا بل پاس کر دیا ہے۔ (دی نیوز، 7 اپریل، صفحہ 5)

## II۔ زرعی مداخل

## قدرتی یا صنعتی زراعت

22 مارچ: ایک مضمون میں پاکستان اسپیٹ اریگیشن نیٹ ورک کی ایک کتاب پر تبصرہ کیا گیا ہے کہ پاکستان میں دریائے سندھ کے آبپاشی نظام کے بعد دوسرے بڑے نظام میں پہاڑوں سے آنے والے پانی سے پہاڑوں کے دامن میں زمینی حصے کو سیراب کیا جاتا ہے۔ یہ خشک علاقوں میں پانی کا قدیم نظام ہے جسے خیبر پختون خواہ اور پنجاب میں راڈ کوہی (Rod Kohi) بلوچستان میں سیلابہ (Sailaba) اور سندھ میں نائی (Nai) کہا جاتا ہے۔ ان علاقوں میں لوگ اپنے گزر بسر کے لیے غذائی فصلیں لگاتے ہیں جس میں کوئی بیرونی مداخل شامل نہیں کیے جاتے۔ یہ فصلیں غذائی اعتبار سے بہت بہتر ہونے کے ساتھ کیڑوں کے حملوں سے بھی زیادہ محفوظ ہوتی ہیں۔ مضمون نگار کے مطابق حکمت عملی کے تحت اس نظام کو فروغ دینا چاہیئے کیونکہ کم خرچ کے ساتھ یہ نظام ماحول دوست، پائیدار اور عوام دوست ہے۔ (رینا سعید خان، ڈان، 22 مارچ، صفحہ 4، امیجز)

30 مارچ: سبز انقلاب کے بانی ڈاکٹر نارمن ارنسٹ بورلاگ (Dr. Norman Ernest Borlaug) کے نام پر نیپال، بنگلہ دیش اور بھارت کی طرح پاکستان میں بھی بورلاگ انسٹی ٹیوٹ فار ساؤتھ ایشیاء (BISA) قائم کیا جائے گا جس کا مقصد زراعت میں جدید ٹیکنالوجی کا فروغ ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 مارچ، صفحہ 11)

6 اپریل: عالمی منڈی میں فصلوں کی قیمتوں میں کمی اور زرعی مداخل کی قیمتوں میں اضافے نے کسانوں کی آمدنی میں کمی اور بچت کا خاتمہ کردیا ہے۔ مضمون کے مطابق یہ رجحان زراعت میں جدت لانے اور سرمایہ کاری کی رفتار کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر زرعی اشیاء کے حوالے سے مقابلہ مشکل بنا دے گا۔ (محمود احمد، ڈان، 6 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

20 اپریل: ایک مضمون کے مطابق یہ حکومت کے لیے آزمائش ہے کہ وہ کس طرح فصلوں کی پیداواری قیمت کم کرے تاکہ زراعت کاشتکاروں کے لیے منافع بخش بن سکے۔ وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق اس مسئلے پر کام کررہی ہے۔ وزارت زرعی مداخل پر محصولات کو کم کرنے اور کھاد پر 17 فیصد جنرل سیلز ٹیکس واپس لینے پر غور کررہی ہے۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 20 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

## کھاد

9 جنوری: بجٹ 15-2014 میں دی گئی 14 بلین روپے کی زرتلافی کے معاملے کو طے کرنے کے لیے کھاد کمپنیوں اور کھاد درآمد کرنے والے تاجروں نے ڈائی مونیم فاسفیٹ (DAP) کی قیمت تھیلوں پر چھاپنے سے انکار کردیا ہے۔ فریقین کا کہنا ہے کہ بین الاقوامی منڈی میں قیمت اور آمدورفت کے اخراجات میں اتار چڑھاؤ قیمت نہ چھاپنے کی وجہ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 جنوری، صفحہ 10)

3 فروری: اقوام متحدہ کے ادارے فوڈ اینڈ ایگری کلچر آرگنائزیشن (FAO) کے اسلام آباد میں نمائندے پیٹرک ایوانز (Patrick Evans) نے پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ کے ذریعے پاکستان میں زمین کی زرخیزی کی نگرانی کے عنوان پر ایک سمپوزیم سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ FAO (ایف اے او) پاکستان میں زمینی زرخیزی پر ایک بیس لائن اٹلس بنانے پر کام کررہا ہے جس سے مداخل کا متوازن استعمال، صحیح کھاد، صحیح دام، صحیح وقت اور صحیح جگہ کی صورت مں سامنے آئے گا۔ اس موقع پر وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق سکندر حیات بوسن نے اعتراف کیا کہ کھاد کے نامناسب استعمال سے زمین میں نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم کا توازن بگڑ گیا ہے۔ (ڈان، 4 فروری، صفحہ 10)

20 مارچ: ایک خبر کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے اپنے 14 مارچ کے اجلاس میں فیصلہ کیا ہے کہ کھاد کمپنیوں کے استعمال کے لیے لیکوئیفائڈ نیچرل گیس (LNG) کی درآمد پر انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ سیس عائد نہیں کیا جائے گا۔ (ایکسپریس ٹریبیون، 21 مارچ، صفحہ 10)

17 اپریل: محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس اگانے والے کسانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کھاد مناسب طریقے سے استعمال کریں تاکہ کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اور پیداواری لاگت میں کمی ہو۔ (ایکسپریس ٹریبیون، 18 اپریل، صفحہ 11)

27 اپریل: وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے یوریا۔ذی (Z)، جو ایک بائیو ایکٹو نیوٹرنٹ ملی کھاد ہے جسے پاکستان میں پہلی دفعہ متعارف کیا گیا ہے، کی تعارفی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پیداوار بڑھانے کے مختلف طریقوں پر غور کر رہی ہے۔ نیہا ٹیک کمپنی نے یوریا۔ذی کے علاوہ بائیو آرگینو فاسفیٹ (Bio - organo - Phosphorus) بھی متعارف کی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 اپریل، صفحہ 10)

29 اپریل: نیشنل فرٹیلائزرز ڈیولپمنٹ سینٹر (NFDC) کے اعداد و شمار کے مطابق جنوری سے مارچ 2015 تک کھاد کا استعمال 1.92 ملین ٹن تک بڑھ گیا ہے جو پچھلے سال کے مقابلے چھ فیصد زیادہ ہے۔ پچھلے سال اس دوران کھاد کا استعمال 1.82 ملین ٹن تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 اپریل، صفحہ 11)

29 اپریل: وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات بوسن نے اسلام آباد میں برطانوی غیر سرکاری تنظیم (CABI) کی طرف سے منعقد دو روزہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زرعی ادویات اور دیگر کیمیائی اشیاء کا زیادہ استعمال زرعی شعبے کا بڑا مسئلہ بن گیا ہے۔ انھوں نے CABI (سی اے بی آئی) کی طرف سے پنجاب اور سندھ کے اضلاع میں 280 پودوں کی صحت کے مراکز کھولنے کے اقدام کو سراہا۔ (دی نیوز، 30 اپریل، صفحہ 15)

## زرعی مشینری

ٹریکٹر:

12 جنوری: ٹریکٹر کی فروخت میں رواں مالی سال کے ابتدائی چھ مہینوں میں جنرل سیلز ٹیکس (GST) میں کمی کی وجہ سے نو فیصد اضافہ ہوا ہے۔ جولائی سے دسمبر 2014 کے دوران 20,857 ٹریکٹر فروخت ہوئے جبکہ پچھلے سال اس دوران یہ تعداد صرف 12,811 تھی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 جنوری، صفحہ 11)

23 اپریل: وزیراعلی پنجاب نے گندم کی کٹائی کے آغاز کے موقع پر لاہور کے قریب ایک گاؤں میں کسانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت 10,000 ٹریکٹرز رعایتی قیمت پر 12.5 ایکڑ یا اس سے کم زمین رکھنے والے کاشتکاروں کو فراہم کرے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 24 اپریل، صفحہ 5)

## زرتلافی

16 مارچ: سندھ حکومت کی ٹریکٹر پر 25 فیصد زرتلافی دینے کی اسکیم کے پہلے ہی دن سندھ بینک نے کسانوں کو یہ کہہ کر لوٹا دیا کہ ''تمام ٹریکٹر بک ہوچکے ہیں''۔ کسانوں کے مطابق 1600 ٹریکٹر بااثر سیاسی افراد کے درمیان ہی تقسیم ہوگئے۔ (دی نیوز، 17 مارچ، صفحہ 5)

17 مارچ: اسلام آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے وفاقی بجٹ 15-2014 میں زراعت کے لیے مختص کی گئی 14 بلین روپے کی زرتلافی کی رقم وزارت اور یوریا بنانے والی کمپنیوں کے درمیان تھیلوں پر قیمت چھاپنے کے تنازعے کی نظر ہوگئی۔ یہ زرتلافی اب اگلے مالی سال میں دی جائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 مارچ، صفحہ 11)

19 مارچ: پاکستان مسلم لیگ ق کے چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ کسانوں کو سستی بجلی، کھاد، بیج، قرضے اور محصولات میں چھوٹ دی جاتی تھی جسے نواز شریف اور شہباز شریف حکومت نے ختم کردیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کی کسان دشمنی ابھی ختم نہیں ہورہی ہے بلکہ گندم کے بحران کی صورت میں سامنے آرہی ہے اور لگتا ہے کہ حکومت کسانوں کو گندم کی پوری قیمت ادا نہیں کرے گی۔ (دی نیوز 20 مارچ، صفحہ 3)

13 اپریل: پنجاب حکومت کے ترجمان سید زعیم حسین قادری نے اسلام آباد میں کسانوں کو یقین دلایا کہ حکومت کی طرف سے ٹیوب ویل کے لیے بجلی پر زرتلافی کے خاتمے سے جو مسائل پیدا ہوئے ہیں انھیں حکومت نہ صرف دور کرے گی بلکہ زرعی شعبے کی ترقی کے لیے سہولتیں بھی فراہم کرے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون 14 اپریل، صفحہ 11)

24 اپریل: وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات بوسن نے حیدرآباد میں آم کی برآمد کے حوالے سے ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے پورے زرعی شعبے کے لیے زرتلافی کی حمایت میں کہا ہے کہ زرتلافی کا اصل فائدہ کسانوں تک پہنچنا نہایت ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ زرتلافی کے لیے رکھی گئی 32 بلین روپے کی رقم اٹھارویں ترمیم کے بعد صوبائی بجٹ میں نظر نہیں آتی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے ایک ویپر ہیٹ ٹریٹمنٹ (VHT) پلانٹ کا افتتاح بھی کیا۔ (ڈان، 25 اپریل، صفحہ 10)

## زرعی قرضے

6 جنوری: ایک مضمون کے مطابق اگرچہ گزشتہ سالوں زرعی قرضوں کی فراہمی میں تیزی آئی ہے لیکن چھوٹے صوبوں کے کسان سمجھتے ہیں کہ قرضوں کی تقسیم غیر منصفانہ ہے۔ سال 2013 اور 2014 میں پنجاب میں بینکوں نے اپنے ہدف سے زیادہ قرضے دیے جو بالترتیب 293.3 بلین روپے اور 339.1

بلین روپے بنتے ہیں۔ ان دو سالوں میں تین چھوٹے صوبوں اور دو انتظامی ڈویژنز (آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان) کو 2013 میں صرف 45.9 بلین اور 2014 میں 52.2 بلین روپے ملے جبکہ ان کا ہدف بل ترتیب 69 بلین اور 85.3 بلین تھا۔ اگرچہ سندھ میں صورت حال کچھ بہتر ہورہی ہے اور سندھ بینک اس حوالے سے کام کررہا ہے لیکن خیبر پختون خواہ اور بلوچستان میں دہشت گردی کی وجہ سے بینک بہتر طریقے سے کام نہیں کرپا رہے۔ آزاد کشمیر میں بینک سستی کا شکار ہیں اور گلگت بلتستان میں دہشت گردی اور فرقہ واریت بڑی رکاوٹ ہیں۔ پنجاب کا حصہ زرعی معیشت میں 60 فیصد ہے لیکن زرعی قرضوں میں اس کو 86 فیصد سے زیادہ رقوم مل رہی ہیں۔ مالی سال 2014 میں کل زرعی قرضوں میں سے تقریباً 55 فیصد فصلوں کی پیداوار اور دیگر زرعی کاموں کے لیے تھے باقی قرضے کارپوریٹ فارمنگ، مال مویشی، ڈیری کے شعبے، ماہی گیری اور جنگلات کے لیے تھے۔ زیادہ تر زرعی قرضے زرعی مشینری کے فروغ کے لیے دیے گئے۔ (محی الدین عظیم، ڈان، 6 جنوری، صفحہ 1، بزنس اینڈ فنانس)

20 جنوری: کراچی میں اسٹیٹ بینک کی طرف سے منعقد زاہد حسین میموریل لیکچر میں خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا ہے کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ دیہی آبادی کو معاشی ترقی میں شریک کرنے کے لیے نئے طریقے اختیار کیے جائیں۔ بوسٹن یونیورسٹی کے ماہر معاشیات دلیپ مکھرجی نے کہا کہ بہترین طریقہ یہ ہے کہ غریب کسانوں کو زیادہ قدر والی نقد آور فصلیں لگانے کے قابل کیا جائے مگر اس کے لیے کسانوں سے مائیکرو فنانس ادارے چھوٹے قرضوں پر بہت زیادہ سود لیتے ہیں جس کی وجہ سے غریب کسانوں کو نقد آور فصلیں لگانے کا فائدہ نہیں ہوتا۔ (دی نیوز، 21 جنوری، صفحہ 17)

21 فروری: اسٹیٹ بینک کے گورنر اشرف محمود واتھرا نے ایگری کلچرل کریڈٹ ایڈوائزری کمیٹی (ACAC) کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے زرعی قرضوں کو ان صوبوں تک پہنچانے کے لیے جہاں پر یہ سہولت نہیں پہنچ سکی ہے اور گوداموں کی تعمیر کے لیے قرض فراہم کرنے کے لیے کمیٹیوں کی تشکیل کا اعلان کیا۔ (ڈان، 22 فروری، صفحہ 10)

20 اپریل: ایک خبر کے مطابق زرعی قرضہ فراہم کرنے والے بینکوں نے مالیاتی سال 2014-15 کا 65.2 فیصد ہدف حاصل کرلیا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اس سال 500 بلین روپے کا ہدف رکھا تھا۔ (ڈان، 21 اپریل، صفحہ 15)

## زرعی تحقیق

6 جنوری: ایک مضمون کے مطابق رس دار پھلوں میں پھل مکھی کی موجودگی کی وجہ سے یورپی یونین نے بھارت سے پھلوں کی درآمد پر پابندی لگادی اور پاکستان کو پابندی کی تنبیہ کی ہے۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد نے اس حوالے سے قومی پالیسی تشکیل دینے کی ذمہ داری قبول کرلی ہے۔ (احمد فراز خان، ڈان، 6 جنوری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

17 جنوری: اسلام آباد میں پارک کے اجلاس میں سیکرٹری قومی غذائی تحفظ و تحقیق سیرت اصغر نے کہا ہے کہ زرعی شعبے میں تحقیق اور جدت کو فروغ دینے کے لیے زرعی تحقیق اور ترقی کے بورڈ تمام صوبوں میں قائم کیے جائیں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 جنوری، صفحہ 11)

31 جنوری: امریکی سفارت خانے کے مطابق امریکی محکمہ زراعت فصلوں کی صحت کے حوالے سے تکنیکی صلاحیت میں اضافے کے لیے ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن (DPP) کے افسران کو تربیت فراہم کرے گا۔ اس حوالے سے امریکی محکمہ زراعت نے اپنے نمائندے جان کروو (John Crowe) کو پاکستان بھیجا ہے۔ (ڈان، 1 فروری، صفحہ 11)

2 فروری: پارک، سی اے بی آئی اور آل پاکستان فروٹس اینڈ ویجٹبل ایکسپورٹرز امپورٹرز اینڈ مرچنٹس ایسوسی ایشن (PFVA) نے پھلوں میں مختلف کیڑوں کے سدباب کے لیے ایک مفاہمتی یاداشت پر دستخط

کیے ہیں۔ معاہدے کے مطابق سی اے بی آئی سیب اور پپیتے میں لگنے والی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے سرمایہ فراہم کرے گا اور ان بیماریوں سے بچانے کے لیے پارک کے علاقائی مرکز سدرن زون ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر (SARC) اور PFVA (پی ایف وی اے) کی استعداد میں اضافہ کرے گا(دی نیوز، 3 فروری، صفحہ 17)

16 فروری: انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (IBA) کراچی میں دو طالب علموں نے خشک سالی سے متاثر علاقوں میں کاشتکاری کے لیے پانی کے استعمال کا ایسا طریقہ ایجاد کیا ہے جس سے پودوں میں 80 فیصد کم پانی استعمال ہوسکتا ہے۔ اس طریقہ کار کو ''ہائیڈرو فارمنگ'' کہتے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 فروری، صفحہ 14)

24 فروری: قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے 38.25 بلین روپے کے 78 منصوبے منظور کر لیے ہیں جنہیں مالی سال 2015-16 میں پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (PSDP) میں شامل کیا جائے گا۔ (دی نیوز، 25 فروری، صفحہ 15)

3 مارچ: پارک نے گندم کی چار نئی اقسام متعارف کرائی ہیں۔ ان میں سے ایک قسم میں جست (Zinc) کی مقدار 50 فیصد تک بڑھا دی گئی ہے۔ پارک کے ڈاکٹر شاہد مسعود کے مطابق جست بچوں اور عورتوں کی صحت کے لیے بہت مفید ہے۔ تمام اقسام میں پودوں میں لگنے والے زنگ (rust) کے خلاف بھی مدافعت پائی جاتی ہے۔ (ڈان، 4 مارچ، صفحہ 11)

19 مارچ: پی ایف وی اے اور DPP (ڈی پی پی) کی طرف سے منعقد کی گئی سرگودھا میں ''اورنج ایکسپوٹرز ایوارڈ'' کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات خان بوسن نے اعلان کیا کہ حکومت ان فارم مالکان کو انعام سے نوازے گی جو مالٹے کے باغات میں

بیماریوں خاص کر کینکر (Canker) کی روک تھام کے لیے نئ تحقیق کو فروغ دینگے۔ مالٹے کی پیداوار کل 90 فیصد سرگودھا میں پیدا ہوتا ہیں۔ اس بیماری کے خلاف حکومتی کوشش ناکافی ہیں جب تک کاشتکار اور تاجر خود اس میں دلچسپی نہیں لیتے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 اپریل، صفحہ 11)

23 مارچ: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد نے موسم بہار کی مناسبت سے کسانوں کے کنونشن میں بہتر پیداوار کے لیے وقت پر بوائی، مٹی کا تجزیہ، بہترین اقسام کا چناؤ، کھاد کے استعمال میں توازن اور ماہرین کی ہدایت پر عمل پر زور دیا گیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 24 مارچ، صفحہ 11)

11 اپریل: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں زرعی شعبے سے تعلق رکھنے والوں کی سات روزہ تربیت کے اختتام پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اقرار احمد نے کہا ہے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) نے اس کام کی شروعات کی ہے جس کا مقصد زرعی شعبے کے لیے تربیت یافتہ افرادی قوت کی فراہمی اور تحقیق کا فروغ ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس تربیت کے ذریعے یونیورسٹی نے اپنی تعلیمی سرگرمیوں کا دائرہ کسانوں کی دہلیز تک بڑھا دیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 اپریل، صفحہ 11)

27 اپریل: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں ایک تقریب میں بھارتی زرعی سائنس دانوں نے پیداوار بڑھانے، موسمی تبدیلی سے نمٹنے اور پانی کے بحران کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کو مل کر دور کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ (دی نیوز، 28 اپریل، صفحہ 3)

## زرعی ٹیکس

9 اپریل: ایک خبر کے مطابق وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے وزیراعظم نواز شریف کو کھاد اور دیگر زرعی مداخل پر 17 فیصد GST (جی ایس ٹی) ختم کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ (دی نیوز، 10 اپریل، صفحہ 15)

## III۔ غربت اور غذائی تحفظ

### غربت

27 جنوری: حکومت پنجاب نے پنجاب سوشل پروٹیکشن آرڈیننس 2015 کا اعلان کیا ہے جس کے تحت ایک ادارہ بنایا جائے گا جو پنجاب میں غریب اور نادار لوگوں کو ہر طرح سے تحفظ فراہم کرے گا۔ یہ ادارہ عورتوں کو برابری کی بنیاد پر تحفظ فراہم کرے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے علاوہ اس ادارے میں خوراک اور صحت کے وزرا، صوبے کے چیف سیکرٹری، منصوبہ بندی کے چیئرمین، سیکرٹری فنانس، سوشل ویلفیئر، بیت المال، صنعت، زکواۃ وعشر، محنت کش، عورتوں کی ترقی کے محکمے اور چار رکن صوبائی اسمبلی بھی شامل ہوں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 جنوری، صفحہ 11)

15 فروری: گزشتہ تین سالوں سے خشک سالی سے متاثرہ شہر اسلام کوٹ میں 45 سالہ غربت زدہ شخص نے اپنی 10 سالہ بیٹی کے ساتھ کنویں میں چھلانگ لگا کر خودکشی کرلی۔ اس شخص نے قرض کے بوجھ سے تنگ آ کر ایسا کیا۔ تھر میں حالیہ مہینوں میں خودکشی کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ ایک مقامی غیر سرکاری تنظیم کے نمائندے نے اس حوالے سے بتایا کہ تھر کی زندگی بارش کے گرد گھومتی ہے۔ اگر بارش ہوتی ہے تو خوراک فصل کی شکل میں مل جاتی ہے اور پیسے بھی دوسری ضروریات پوری کرنے کے لیے حاصل ہوجاتے ہیں ورنہ غریب ہر طرف سے قرض لینا شروع کردیتے ہیں۔ زیور اور مال مویشی بیچنے کے بعد اگر کوئی بیمار ہوجائے تو سرکاری اسپتالوں میں دوا مفت نہیں ملتی، ایسی صورتحال میں تھر کے لوگ سب سے زیادہ پریشان ہوتے ہیں۔ (ڈان، 16 فروری، صفحہ 17)

5 مارچ: ایک مضمون کے مطابق CDWP (سی ڈی ڈبلیو پی) نے وزیر اعظم نواز شریف کی لیپ ٹاپ اسکیم کے دوسرے مرحلے پر عمل درآمد کا مشورہ دیا ہے مگر غریب ترین لوگوں کے لیے وزیر اعظم کے نیشنل ہیلتھ انشورنس پروگرام کو اٹھارویں ترمیم کی خلاف ورزی قرار دے دیا ہے۔ (شہباز رعنا، دی ایکسپریس

ٹریبیون، 5 مارچ، صفحہ 11)

22 مارچ: ایک مضمون میں سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ پالیسی انسٹیٹیوٹ (SDPI) کی 2012 کی ایک رپورٹ (Clustered Deprivation) کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا گیا ہے کہ پاکستان میں کئی طرح سے غربت کے شکار لوگوں کی تعداد 58.7 ملین ہے اس کے ساتھ 46 فیصد دیہی آبادی اور 18 فیصد شہری آبادی خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہی ہے۔ (سمیرا جاجا، ڈان، 22 مارچ، صفحہ 12)

16 اپریل: صوبائی وزیر ذکواۃ وعشر ملک ندیم کامران نے لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب میں 21 فیصد آبادی خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 اپریل، صفحہ 5)

- بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام

12 جنوری: صوبوں نے بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے وسیلہ تعلیم پروگرام شروع کرنے میں جلد بازی کرکے پرانے اعداد وشمار استعمال کرنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے کیونکہ اس طرح وہ اضلاع جہاں اس طرح کے پروگرام شروع کرنے کی زیادہ ضرورت ہے نظر انداز ہورہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 جنوری، صفحہ 11)

6 مارچ: BISP (بی آئی ایس پی) کی حال ہی میں مقرر کی گئی چیئرپرسن ماروی میمن نے عالمی بینک، اے ڈی بی اور برطانوی ڈیپارٹمنٹ فار انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ (DFID) کے ملکی سربراہوں سے ملاقات سے پہلے اپنے ایک بیان میں بی آئی ایس پی کے فلاحی مقاصد کو حاصل کرنے اور نقد امداد کی تقسیم کے حوالے سے 100 دن کے پروگرام کا اعلان کیا۔ (ڈان، 7 مارچ، صفحہ 5)

19 مارچ: چیئر پرسن بی آئی ایس پی ماروی میمن نے اسلام آباد میں اخباری نمائندوں کو بتایا کہ غیر مستحق لوگوں کی نشاندہی کے لیے بی آئی ایس پی سے فائدہ اٹھانے والے 4.8 ملین افراد کی مکمل تفصیلات کا ازسرنو جائزہ لیا جارہا ہے۔ ملک میں غربت کے حوالے سے دوبارہ سروے کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ پچھلا سروے پانچ سال پہلے ہوا تھا، نئے سروے کو نیشنل سوشل اکنامک رجسٹری کہا جائے گا اور ایسے سروے ہر پانچ سال بعد ہونے چاہیں۔ (دی نیوز، 20 مارچ، صفحہ 5)

23 مارچ: ایک رپورٹ کے مطابق بی آئی ایس پی کے وسیلہ روزگار اور وسیلہ حق منصوبوں کو فی الحال روک دیا گیا ہے۔ اگر بی آئی ایس پی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منظور کیا تو ان منصوبوں کو 2016 میں دوبارہ شروع کیا جائے گا۔ ڈان اخبار کو ایک سرکاری افسر نے بتایا کہ یہ منصوبے بنیادی طور پر حکومتی وسائل میں کمی کے سبب روکے گئے ہیں اور دوسری وجہ یہ ہے کہ ان منصوبوں میں بدعنوانی کے عنصر کا بھی پتہ لگایا جارہا ہے۔ (ڈان، 24 مارچ، صفحہ 3)

29 مارچ: سجاول، ٹھٹھہ اور ملیر اضلاع کے کارکنوں سے بات کرتے ہوئے کراچی میں بی آئی ایس پی کی چیئر پرسن ماروی میمن نے کہا ہے کہ وزیراعظم نواز شریف غریب ترین عورتوں کو بااختیار بنا کر بی آئی ایس پی کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں اس مقصد کے لیے ضرورت مند عورت کے لیے مالی امداد 1,000 روپے سے 1,200 اور اب 1,500 روپے کر دی گئی ہے۔ کوشش کی جاری ہے کہ کوئی عورت ماہانہ امداد سے رہ نہ جائے۔ (ڈان، 30 مارچ، صفحہ 16)

26 اپریل: فنانس ڈویژن کے مطابق رواں مالی سال میں حکومت نے نیشنل انکم سپورٹ پروگرام (NISP) کے دوحصوں بی آئی ایس پی اور پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام (PMYP) کے لیے کل 118 بلین روپے مختص کیے تھے جس میں سے 97 بلین روپے بی آئی ایس پی کے لیے اور 21 بلین روپے PYMP (پی ایم وائے پی) کے لیے مختص کیے گئے۔ (ڈان، 27 اپریل، صفحہ 5)

- مائیکرو فنانس

11 جنوری: پاکستان مائیکرو فنانس نیٹ ورک (PMN) کے حالیہ سروے کے مطابق دہشت گردی اور امن و امان کی ابتر صورت حال مائیکرو فنانس صنعت کے لیے معاشی خرابی کے بعد سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ امن و امان کی صورت حال پچھلے تین سالوں میں زیادہ سنگین ہوگئی ہے۔ خیبر پختون خواہ اور بلوچستان کے حساس علاقوں میں مائیکرو فنانس فراہم کرنے والوں نے اپنا کام مکمل طور پر بند کردیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 جنوری، صفحہ 11)

29 جنوری: کراچی میں سندھ یوتھ پالیسی 2012 کے مسودے پر سول سوسائٹی سپورٹ پروگرام (CSSP) نے صوبائی سطح پر بات چیت کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ سندھ حکومت کو بے روزگار غریب نوجوانوں کو مائیکرو فنانس کی سہولت باہم پہنچانی چاہیے۔ یوتھ پالیسی کا مسودہ گزشتہ دو سالوں سے سندھ حکومت کے پاس زیر التواء ہے جبکہ حکومت پنجاب نہ صرف یوتھ پالیسی پاس کر چکی ہے بلکہ اس پر عمل درآمد بھی شروع ہورہا ہے۔ (ڈان، 30 جنوری، صفحہ 18)

31 مارچ: پاکستان پاورٹی ایلویشن فنڈ (PPAF) کے سٹی مائیکرو انٹر پنیور شپ ایوارڈز کی تقریب اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس میں چھوٹا کاروبار کرنے والے کامیاب افراد کو اعزازات دیئے گئے۔ اعزازات دینے کا سلسلہ 2005 میں مائکرو فنانس کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے شروع کیا گیا تھا۔ (دی نیوز، 1 اپریل، صفحہ 3)

## غذائی تحفظ

17 جنوری: ایک خبر کے مطابق تھر کے 80 فیصد رہائشی خوراک خریدنے کے لیے قرض لیتے ہیں۔ اسی لیے وہ کم سے کم خوراک کھاتے ہیں اور جسمانی کمزوری سمیت دیگر بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ افراد صرف بنیادی اشیاء مثلاً آٹا اور چاول خریدتے ہیں کیونکہ محدود رقم میں وہ آلو، ٹماٹر وغیرہ نہیں خرید سکتے۔

غذائی قلت کی شکار مائیں ایسے بچوں کو جنم دیتی ہیں جو وزن کی کمی کا شکار ہوتے ہیں۔ ایسے بچے جلد موت کا شکار ہوتے ہیں۔ (ڈان، 18 جنوری، صفحہ 6)

20 جنوری: لاہور میں پاکستان اور چین کے مابین تجارت اور سرمایہ کاری پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چین میں پاکستان کے سفیر مسعود خالد نے کہا ہے کہ دونوں ممالک میں غذائی تحفظ کے لیے چینی کمپنیاں پاکستانی کمپنیوں کے ساتھ مل کر زرعی شعبے کی ترقی کے لیے کام کریں۔ (دی نیوز، 21 جنوری، صفحہ 17)

15 مارچ: عالمی بینک کی ایک رپورٹ جس میں اقوام متحدہ اور دیگر امدادی اداروں کے اعداد و شمار پیش کیے گئے ہیں کی بنیاد پر کہا گیا ہے کہ غذائی کمی کے تعین شدہ میعار کے مطابق پاکستان تمام علاقائی ممالک میں سب سے پیچھے جا چکا ہے۔ مثلاً 1990 میں بھارت میں 62 فیصد بچوں کی نشونما پست تھی جو 2012 میں 48 فیصد ہوگئی، چین میں اس حوالے سے ایسے بچوں کی تعداد 22 فیصد سے نو فیصد رہ گئی ہے۔ بنگلہ دیش میں 2004 میں 51 فیصد ایسے بچے تھے جو اب 41 فیصد ہیں۔ پاکستان میں 1992 میں 43 فیصد بچوں میں نشونما پست تھی جو 2012 میں بڑھ کر 45 فیصد ہوگئی۔ اسی طرح پاکستان میں 51 فیصد عورتوں میں خون کی کمی پائی جاتی ہے جبکہ بھارت میں ایسی عورتیں 48 فیصد، چین میں 20 فیصد، بنگلہ دیش میں 44 فیصد اور سری لنکا میں 13 فیصد ہیں۔ (منظور احمد، دی نیوز، 15 مارچ، صفحہ 15)

22 مارچ: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں موسم بہار کے حوالے سے کسان کنونشن میں مقررین نے گھریلو کاشت کاری (کچن گارڈننگ) کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے لوگوں کو ضرورت کے مطابق خوراک مہیا ہو سکے گی۔ اس مقصد کے لیے حکومت پنجاب نے وسیع مواصلاتی ٹیکنالوجی فراہم کرنے کے لیے ایک بلین روپے منظور کیے ہیں۔ (ڈان، 23 مارچ، صفحہ 10)

25 مارچ: غریب افراد کے لیے خیبر پختون خواہ حکومت کی ستا آٹا اور گھی کی خصوصی پیکیج اسکیم اب تک صرف 30 فیصد غریب افراد تک پہنچ سکی ہے۔ صوبائی حکومت نے اس مقصد کے لیے بجٹ 15-2014 میں 6.8 بلین روپے مختص کیے تھے۔ (ڈان، 26 مارچ، صفحہ 7)

25 مارچ: لاہور میں شعبہ خوراک کے ماہرین نے کہا ہے کہ حکومتی اداروں، ترقیاتی ایجنسیوں، سرمایہ کاروں، تحقیق کرنے والوں اور پیداواری قوتوں کو مل کر معاشرتی استحکام کو برقرار رکھتے ہوئے خوراک کے شعبے میں پیداوار کو بڑھانا ہے کیونکہ پاکستان کی آبادی 2035 تک دگنی ہوجائے گی یعنی 190 ملین سے 350 ملین تک پہنچ جائے گی۔ (دی نیوز، 26 مارچ، صفحہ 17)

8 اپریل: PFF (پی ایف ایف) نے آکسفیم کے تعاون سے حیدرآباد میں غذائی تحفظ کے نظریہ کو اجاگر کرنے کے لیے قدرتی طریقے سے اگائی گئی فصلوں اور گھر میں اگائی گئی غذائی اشیاء کی نمائش کا انعقاد کیا جس میں بڑی تعداد میں کاشتکار، ماہی گیر اور کاریگر اپنی اشیاء کے ساتھ شریک ہوئے۔ (ڈان، 9 اپریل، صفحہ 19)

16 اپریل: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں ایک آٹھ روزہ ورکشاپ میں مقررین نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں 805 ملین افراد مستقل بھوک کا شکار ہیں جب کہ 1.2 بلین افراد شدید غربت میں رہ رہے ہیں۔ پاکستان میں بھی 60 فیصد آبادی غذائی عدم تحفظ کا شکار ہے اور صرف پنجاب میں 21 فیصد افراد خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 اپریل، صفحہ 5)

## IV۔ غذائی اور نقدآور فصلیں

9 مارچ: ایک مضمون میں اس بات کو اجاگر کیا گیا ہے کہ سندھ میں تمام اہم فصلوں کی پیداوار میں بہتر بیج کے استعمال، کاشتکاری کے بہتر طریقے اور کیڑوں سے بچاؤ کی بہتر تکنیک استعمال کرنے اور اپنانے کی

وجہ سے اضافہ ہورہا ہے۔ پچھلے سال کے مقابلے کپاس کی پیداوار اس سال 3.76 ملین گانٹھوں کے بجائے 4 ملین گانٹھیں اور چاول 3.3 ملین ٹن سے بڑھ کر 3.5 ملین ٹن متوقع ہے جب کہ گنے کی پیداوار 2014 میں 15 ملین ٹن سے بڑھ کر 17.5 ملین ٹن ہوگئی تھی۔ (محی الدین، ڈان، 9 مارچ، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

## غذائی فصلیں

- گندم

11 جنوری: گندم کی بوائی کا وقت ختم ہوتا جارہا ہے لیکن حکومت سندھ نے ابھی تک بوائی کا ہدف مقرر نہیں کیا۔ اس وقت پورے سندھ میں گندم کی بوائی جاری ہے جبکہ زیریں سندھ میں بوائی کا عمل مکمل ہوچکا ہے۔ (ڈان، 12 جنوری، صفحہ 4)

امدادی قیمت:

10 فروری: سندھ کابینہ نے وزیراعلیٰ قائم علی شاہ کی سربراہی میں گندم کی نئی فصل کے لیے کم سے کم امدادی قیمت 1300 روپے فی من مقرر کردی ہے۔ کابینہ نے وفاقی حکومت سے کہا ہے کہ وہ سندھ سے 700,000 ٹن گندم اٹھائے جسے وفاقی حکومت نے سندھ سے صلاح مشورے کے بغیر یوکرائن سے درآمد کرنے کی اجازت دی تھی جس کی وجہ سے سندھ کو بھاری نقصان کا سامنا ہے۔ کابینہ نے اس سال صوبے میں گندم کی خریداری کا ہدف 900,000 ٹن مقرر کیا ہے۔ (ڈان، 11 فروری، صفحہ 19)

پیداوار:

27 فروری: ایف اے او کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں زرعی پیداوار علاقائی ممالک کے مقابلے کم ہورہی ہے۔ پاکستان میں گندم کی فی ہیکٹر پیداوار بھارت، بنگلہ دیش اور چین سے کم ہے حالانکہ 60 کی دہائی میں گندم کی فی ہیکٹر پیداوار چین اور بنگلہ دیش سے زیادہ تھی۔ (دی نیوز، 28 فروری، صفحہ 17)

10 مارچ: زرعی سائنسدانوں نے سندھ میں گندم کی فصل کا جائزہ لینے کے بعد کہا ہے کہ پاکستان میں گندم کی شاندار فصل ہوگی اور پیداوار 26 ملین ٹن سے تجاوز کر جائے گی۔ صرف سندھ میں، جہاں گندم کی کٹائی جارہی ہے، پیداوار چار ملین ٹن سے زیادہ ہوگی۔ پیداوار میں اضافہ زیر کاشت رقبے میں اضافے کی وجہ سے نہیں بلکہ بہتر موسمی حالات کی وجہ سے ہوا ہے۔ (ڈان، 11 مارچ، صفحہ 11)

11 مارچ: ایک خبر کے مطابق گوداموں میں پچھلے سال کے گندم کا اضافی ذخیرہ ابھی بھی موجود ہے۔ جس کی وجہ سے نئی فصل کو ذخیرہ کرنے میں سندھ اور پنجاب کی حکومتوں کو مسائل کا سامنا ہوگا۔ اس وقت اضافی ذخیرہ 5.03 ملین ٹن ہے جب کہ پچھلے سال اسی عرصے میں ذخیرہ 2.236 ملین ٹن تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 مارچ، صفحہ 11)

15 مارچ: ضلع سیالکوٹ میں بارش اور ژالہ باری نے ہزاروں ایکڑ پر گندم کی کھڑی فصل کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ (ڈان، 16 مارچ، صفحہ 10)

21 مارچ: وزیراعظم سیکریٹریٹ اسلام آباد میں وزیراعظم کے معاون خصوصی کی صدارت میں ایک اعلی سطح کا اجلاس گندم کے وافر ذخائر کے حوالے سے 24 مارچ کو طلب کیا گیا ہے۔ اجلاس میں وزرات خزانہ، تجارت، قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے سیکریٹریوں کے علاوہ صوبائی محکمہ زراعت کے سیکریٹری بھی بلائے گئے ہیں۔ بڑی مقدار میں گندم کے ذخیرے کی وجہ سے صوبائی حکام اور پاکستان ایگری کلچر اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (PASSCO) کو گندم کی خریداری میں مشکل پیش آرہی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 22 مارچ، صفحہ 11)

23 مارچ: پنجاب میں اس سال گندم کی شاندار فصل متوقع ہے۔ اس دفعہ 16.5 ملین ایکڑ کے بجائے 17 ملین ایکڑ پر گندم کاشت کی گئی۔ DAP (ڈی اے پی) کے استعمال میں آٹھ فیصد اضافہ ہوا جس نے

اضافی پیداوار میں مدد دی۔ اس سال پیداوار تقریباً 19.50 ملین ٹن متوقع ہے لیکن اس صورت حال سے کسان قیمت کم ہونے کے خوف کا بھی شکار ہیں کیونکہ پچھلے سال کا 1.7 سے 1.8 ملین ٹن گندم کا ذخیرہ اب بھی موجود ہے۔ دوسری طرف سرمایہ کار گندم خریدنے میں بہت کم دلچسپی لے رہے ہیں کیونکہ عالمی منڈی میں گندم کی قیمت بہت کم ہے۔ (احمد فراز خان، ڈان، 23 مارچ، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

20 اپریل: مارچ کے دوسرے ہفتے میں ہوئی بے موسم بارش نے ملک بھر میں خاص کر شمالی پنجاب میں گندم کی فصل کو متاثر کیا ہے جس کی وجہ سے اس سال گندم کا پیداواری ہدف حاصل کرنا مشکل نظر آرہا ہے۔ نقصان کا ازالہ کرنے کے لیے کسانوں نے حکومت سے خصوصی مراعات کا مطالبہ کیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 اپریل، صفحہ 11)

خریداری:

14 مارچ: سندھ حکومت نے صوبے سے باہر گندم کی ترسیل پر پابندی لگادی ہے۔ گندم کا آٹا سندھ کے مختلف اضلاع سے کراچی لے جانے پر بھی پابندی ہے۔ حکومت سندھ 15 مارچ سے کسانوں سے گندم کی خریداری شروع کررہی ہے۔ (دی نیوز، 15 مارچ، صفحہ III)

30 مارچ: SCA (ایس سی اے) کے ایک اجلاس میں کسانوں نے سندھ کے محکمہ خوراک پر الزام لگایا ہے کہ وہ گندم کی خریداری کے لیے باردانے کی تقسیم میں رشوت وصول کر رہے ہیں۔ ایس سی اے کے مطابق صوبائی حکومت نے 24 ملین بوریاں 100 کلوگرام کی اور 48 ملین بوریاں 50 کلوگرام کی گندم کے لیے یکم مارچ سے تقسیم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ سرکاری طور پر باردانے کی تقسیم کا کام ابھی شروع نہیں ہوا ہے لیکن محکمہ خوراک کے اہلکار انھیں غیر قانونی طور سے فروخت کروارہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 31 مارچ، صفحہ 14)

31 مارچ: وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے لاہور میں اعلیٰ سطح کے اجلاس میں 16-2015 کے لیے گندم کی خریداری کی سرکاری مہم کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ اس سال گندم کی شاندار فصل ہوئی ہے اور پچھلے سال کی طرح اس سال بھی کسانوں کے مفادات کا خیال رکھتے ہوئے انھیں مقرر کردہ قیمت کی ادائیگی یقینی بنالی جائے گی۔ خریداری کے لیے باردانہ پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر دیا جائے گا اور آڑھتیوں کو گندم کی خریداری میں شامل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ (دی نیوز، 1 اپریل، صفحہ 9)

4 اپریل: سیکریٹری خوراک پنجاب ڈاکٹر پرویز احمد خان نے کہا ہے کہ گندم کی حکومتی خریداری کا سلسلہ صوبے میں 15 اپریل سے شروع ہو جائے گا۔ پالیسی کے تحت چار ملین ٹن گندم 1,350 روپے فی من کے حساب سے خریدا جائے گا۔ (ڈان، 5 اپریل، صفحہ 10)

14 اپریل: حیدرآباد میں اظہر جتوئی کی سربراہی میں ایک اجلاس میں سندھ ہاری کمیٹی (SHC) نے گندم کے کاشتکاروں کو باردانہ نہ ملنے پر مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ''لگتا ہے تمام بوریاں پی پی پی کے جیالوں اور بااثر زمین داروں کو دی جارہی ہیں''۔ (ڈان، 15 اپریل، صفحہ 19)

20 اپریل: وزیر خوراک سندھ گیان چند اسرانی کے مطابق پچھلے سال یوکرائن سے 0.7 ملین ٹن گندم برآمد کرنے کی وفاقی پالیسی کے نتیجے میں صوبے میں گندم کا بحران پیدا ہو گیا ہے۔ حکومت سندھ نے اس بحران کی وجہ سے اس سال صوبے میں گندم کی شاندار فصل کے باوجود 1.2 ملین ٹن کے بجائے صرف 0.9 ملین ٹن گندم خریدنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ (دی نیوز، 21 اپریل، صفحہ 17)

26 اپریل: باردانے کی تقسیم کے حوالے سے وزیر اعلیٰ سندھ نے سخت احکامات جاری کیے ہیں جس کے تحت کسی قسم کی بدعنوانی، رعایت یا لاپرواہی اس کام میں برداشت نہیں کی جائے گی۔ (دی نیوز، 27 اپریل، صفحہ 14)

27 اپریل: ایک خبر کے مطابق ایس سی اے نے باردانے کی تقسیم میں کئی بلین روپے کی بدعنوانی پر صوبائی محکمہ خوراک کے افسران کے خلاف قومی احتسابی بیورو میں مقدمہ درج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 اپریل، صفحہ 14)

امدادی قیمت:

3 مارچ: وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ کاشتکاروں سے گندم 1,300 روپے فی من خریدا جائے گا اور پچھلے سال کا 890,000 ٹن اضافی ذخیرہ گندم کی خریداری سے پہلے ٹھکانے لگایا جائے گا۔ (دی نیوز، 4 مارچ، صفحہ 19)

- چاول

2 فروری: باسمتی چاول اس وقت تقریباً 3,000 روپے فی من پر فروخت ہورہا ہے جو پچھلے سال 4,500 روپے فی من تھا۔ مقامی منڈی میں چاول بھاری مقدار میں موجود ہے۔ کسان خوف کا شکار ہیں کیونکہ پیداوار وہی ہے اور برآمدات پچھلے چار سالوں سے بتدریج کم ہورہی ہے۔ ایک اندازے کے مطابق ملک میں اس وقت ایک ملین ٹن چاول کا ذخیرہ موجود ہے۔ (احمد فراز خان، ڈان، 2 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

23 فروری: PASSCO (پاسکو) نے 09-2008 میں خریدے گئے 1648.75 ٹن چاول کے ذخیرہ کو فروخت کرنے کے لیے چوتھی بار ٹینڈر جاری کردیا ہے۔ حکام کے مطابق اگر پاسکو چوتھے ٹینڈر میں موصول ہونے والی بولی 50 روپے فی کلو پر چاول فروخت کرنے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو اسے بھاری مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ پاسکو نے یہ چاول کسانوں سے 75 روپے فی کلو کے حساب سے حکومتی احکامات پر خریدا تھا۔ (ڈان، 24 فروری، صفحہ 2)

1 اپریل: ''خیر پور میں چاول کی کاشت اور اس کے زرعی زمین پر اثرات'' کے عنوان پر سکھر میں ایک

سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر سکھر نے کہا ہے کہ ہزاروں ایکڑ زرعی زمین چاول کی کاشت کی وجہ سے بنجر ہوگئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعلی سندھ سید قائم علی شاہ نے محکمہ پولیس کو حکم دیا ہے کہ وہ دریائے سندھ کے بائیں کنارے پر چاول کی کاشت پر پابندی کو یقینی بنائے جس سے سیم اور تھور میں اضافہ ہوتا ہے۔ (دی نیوز، 2 اپریل، صفحہ 17)

- دالیں

17 فروری: وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے عالمی سطح پر ڈیری مصنوعات اور دالوں کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ملک میں ان اشیاء کی قیمت میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ (ڈان، 18 فروری، صفحہ 10)

23 فروری: حکومت پنجاب نے دالوں کی پیداوار میں اضافے کے لیے منصوبہ شروع کیا ہے۔ منصوبے کے تحت صوبائی حکومت 16-2015 میں بیج بونے کی مشین (pulses driller) پر کسانوں کو زرتلافی فراہم کرے گی۔ اس مقصد کے لیے ہر ضلع سے ایک تحصیل کا انتخاب کیا جائے گا۔ منصوبے پر 148.79 ملین روپے لاگت متوقع ہے۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 23 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

- گنا

پیداوار:

25 فروری: حکومت نے گنے کا پیداواری ہدف 1.13 ملین ہیکٹر پر 65 ملین ٹن مقرر کیا تھا جبکہ پیداوار 63 ملین ٹن ہوئی۔ مجموعی طور پر زیر کاشت رقبے میں 4.1 فیصد اور پیداوار میں 1.1 فیصد کمی ہوئی جس کی وجوہات میں ادائیگی میں تاخیر اور بجلی کی عدم فراہمی شامل ہیں۔ (ڈان، 26 فروری، صفحہ 11)

خریداری:

6 جنوری: ایک مضمون کے مطابق گنے کی کرشنگ کا موسم ختم ہونے کو ہے لیکن شوگر ملیں بضد ہیں کہ وہ

گنے کی قیمت 182 روپے فی من ادا نہیں کریں گے۔ کسان شکایت کررہے ہیں کہ انہیں براہ راست فی من 27 روپے کا نقصان ہورہا ہے۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ وہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ 155 روپے فی من قیمت کس طرح منصفانہ ہوگئی جبکہ مل مالکان 14-2013 میں انہیں 172 روپے فی من قیمت دے چکے ہیں۔ سندھ آبادگار بورڈ کے نائب صدر محمود نواز شاہ کے مطابق ٹنڈو الہ یار میں کچھ ایسے واقعات بھی ہوئے ہیں کہ پولیس گنے سے لدی ٹریکٹر ٹرالیوں کو زبردستی کچھ بااثر افراد کی شوگر ملوں تک لے گئی، ایسا کسانوں کے احتجاج کے بعد کیا گیا تاکہ کسان دوبارہ احتجاج نہ کرسکیں۔ (محمد حسین خان، ڈان، 6 جنوری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

18 جنوری: سابق وزیراعلی سندھ ارباب غلام رحیم نے خبردار کیا ہے کہ اگر حکومت نے گنے کی امدادی قیمت میں اضافہ نہیں کیا تو کسان پورے صوبے میں احتجاج کرینگے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر شوگر ملیں اکتوبر میں کرشنگ شروع کرتیں تو کسان گندم کاشت کرسکتے تھے لیکن گنے کی فصل 18 ماہ تک کھڑی رہی اور گندم کے لیے زمین دستیاب نہیں تھی۔ (ڈان، 19 جنوری، صفحہ 17)

5 فروری: گنے کی مایوس کن امدادی قیمت (155 روپے فی من) اور پیداواری لاگت میں کئی گنا اضافے کی وجہ سے کسان خود کو بے بس محسوس کررہے ہیں۔ اگر کسان 155 روپے فی من قیمت قبول کرتے ہیں تو پیداواری لاگت بھی پوری نہیں کرپاتے اور اگر گنا نہ بیچیں تو دن بہ دن گنے کا کم ہوتا وزن ان کی مشکلات میں اضافہ کرے گا۔ حکومت سندھ نے 7 نومبر 2014 کو گنے کی امدادی قیمت 182 روپے فی من مقرر کی تھی لیکن پھر بااثر شوگر مافیا کے دباؤ پر 3 دسمبر 2014 کو قیمت کم کرکے 155 روپے فی من کردی تھی۔ 9 دسمبر کو حکومت سندھ نے ایک بار پھر 7 نومبر کا نوٹیفکشن بحال کردیا جس کے تحت قیمت 182 روپے فی من مقرر کی گئی۔ (ڈان، 6 فروری، صفحہ 17)

20 مارچ: پنجاب حکومت نے چینی مل مالکان کی کاشتکاروں سے گنے کی خریداری پر زرتلافی کی درخواست

کو رد کردیا ہے۔ چینی کے پیداواری لاگت کم رکھنے کے لیے مل مالکان نے فی من 22 روپے زرتلافی طلب کی تھی۔ (ڈان، 21 مارچ، صفحہ 2)

26 مارچ: پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن (PSMA) پنجاب زون نے حکومت سے گنے کے کاشتکاروں کو تحفظ دینے کے لیے تین یا پانچ سال کی مدت کے لیے بلا سود قرضے فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ PSMA (پی ایس ایم اے) پنجاب کے چیئرمین جاوید کیانی نے کہا ہے کہ بغیر حکومتی قرضوں کے گنے کے کاشتکاروں کو تقریباً 40 بلین روپے کی ادائیگی کرشنگ کے اختتام تک رک سکتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 مارچ، صفحہ 10)

مل مالکان:

9 جنوری: شوگر ملز ایسوسی ایشن (سندھ) کے مطابق شوگر ملیں 12 جنوری سے دوبارہ کرشنگ کا آغاز کردینگی۔ وزیر اعلی سندھ نے شوگر ملوں کو خبردار کیا تھا کہ اگر انہوں نے کرشنگ شروع نہیں کی تو ملوں کو سربمہر کردیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ کے معاون رشید چنا نے کہا ہے کہ ''قانون حکومت کو اجازت دیتا ہے کہ اگر ملیں ہدایت کے باوجود کرشنگ کا آغاز نہ کریں تو حکومت ملوں کو اپنی تحویل میں لے کر کرشنگ کا آغاز کرے''۔ سندھ میں شوگر ملوں نے گنے کی متنازعہ قیمت کی وجہ سے 7 جنوری کو کرشنگ روک دی تھی۔ (دی نیوز، 10 جنوری، صفحہ 15)

19 جنوری: سندھ میں گنے کی کرشنگ پہلے ہی تاخیر کا شکار ہے اور شوگر ملیں بند پڑی ہیں کیونکہ ملوں نے سرکاری قیمت پر گنا خریدنے سے انکار کردیا ہے۔ کسانوں کے صوبے بھر میں احتجاج پر کرشنگ تو شروع ہوئی لیکن مل سرکاری قیمت 182 روپے فی من کے بجائے 155 روپے فی من یا اس سے بھی کم قیمت پر گنا خریدنے پر بضد رہے۔ گنے کے ایک کاشتکار محمود نواز شاہ کا کہنا ہے کہ اوسطاً ایک من گنے سے چار کلو چینی پیدا ہوتی ہے مولیسس اور گنے کا پھوک اس کے علاوہ ہے۔ مل مالکان اس ضمنی پیداوار سے حاصل

آمدنی شمار نہیں کرتے۔ (محمد حسین خان، ڈان، 19 جنوری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

2 مارچ: پنجاب اسمبلی میں محکمہ زراعت کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ دوران اجلاس رکن پنجاب اسمبلی شیخ علاو الدین نے کہا ہے کہ جب تک چینی کے مل مالکان کی اجارہ داری ختم نہیں ہوتی گنے کے کاشتکاروں کے مسائل حل نہیں کیے جاسکتے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 مارچ، صفحہ 5)

- پھل سبزی

12 جنوری: پاکستان میں کچھ سبزیوں اور مصالہ جات کی پیداوار کچھ سالوں سے جامد چلی آرہی ہے یا ان کی پیداوار میں کمی دیکھی گئی ہے جس کے نتیجے میں مقامی منڈی میں قیمتیں بڑھ رہی ہیں اور اب ان کا برآمدی حجم بھی کم ہورہا ہے۔ مجموعی طور پر خریف کی سبزیوں کی پیداوار 2013 میں کم ہوکر 917,000 ٹن ہوگئی جو 2009 میں 1,100,000 ٹن تھی۔ کچھ ربیع کی سبزیوں کی پیداوار میں بھی کمی دیکھی گئی ہے۔ (محی الدین عظیم، ڈان، 12 جنوری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

آلو:

9 مارچ: ایک مضمون کے مطابق پنجاب میں آلو کاشت کرنے والوں کے خدشات سچ ثابت ہوتے نظر آرہے ہیں۔ آلو کی پیداوار چھ ملین ٹن سے تجاوز کرچکی ہے جس کے نتیجے میں قیمت جو پہلے ہی پیداواری قیمت سے نیچے آچکی تھی مزید نیچے چلی جائے گی۔ (احمد فراز خان، ڈان، 9 مارچ، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

25 اپریل: پنجاب میں اچھی فصل ہونے کی وجہ سے کراچی میں آلو کی قیمتیں گرگئی ہیں۔ قیمتوں میں کمی کے باوجود پی ایف وی اے کے شریک چیئرمین وحید احمد کے مطابق صرف 10,000 ٹن آلو جنوری تک متحدہ عرب امارات، ملائشیا، سری لنکا، چین، بحرین، بنگلہ دیش، روس، نیدرلینڈز اور ایران برآمد کیا گیا ہے۔ دنیا بھر میں آلو کی اچھی فصل ہونے کی وجہ سے یہ صورتحال ہے۔ پچھلے سال آلو کی تھوک قیمت

پاکستان میں 60-50 روپے فی کلوتھی اور خوردہ قیمت 70 سے 80 روپے فی کلو جب کہ اس وقت ٹھیلے والے 50 روپے میں پانچ کلو آلو فروخت کررہے ہیں۔ (ڈان، 26 اپریل، صفحہ 10)

پیاز:

25 اپریل: کراچی میں پیاز کی قیمت 60-50 روپے فی کلو تک پہنچ گئی جب کہ کچھ ہفتے پہلے پیاز کی قیمت 30-25 روپے فی کلوتھی۔ تاجروں کے مطابق قیمتیں اگلے مہینے بھی کم نہیں ہونگی۔ سندھ میں پیاز کی فصل اپنے اختتام پر ہے اور 40 روپے فی کلو کے حساب سے اب بلوچستان سے پیاز آرہی ہے۔ صوبے کی اپنی فصل جون جولائی تک دستیاب ہوگی۔ (ڈان، 26 اپریل، صفحہ 10)

امرود اور ٹماٹر:

28 اپریل: سندھ کے وزیر زراعت علی نواز مہر نے اسمبلی کو بتایا کہ صوبے میں امرود اور ٹماٹر کی 20 سے 30 فیصد فصل خراب ہونے کی وجہ صوبے میں سرد خانوں کی کمی ہے۔ صوبے میں صرف ایک سرکاری سرد خانے کی سہولت کراچی میں ہے جب کہ تین میرپور خاص، ٹنڈوالہ یار اور شاہ پور میں بنائے جا رہے ہیں۔ البتہ صوبے بھر میں نجی سرد خانے کافی تعداد میں ہیں۔ (ڈان، 29 اپریل، صفحہ 18)

- پام آئل

28 فروری: جون 2014 میں پام آئل کی عالمی قیمت 800 ڈالرز فی ٹن ہوگئی تھی اور اب اسکی قیمت 690-640 ڈالرز فی ٹن ہے۔ وناسپتی گھی اور خوردنی تیل میں 90 فیصد پام آئل کا استعمال ہوتا ہے، اس تیل کی قیمت میں 150 ڈالرز کی کمی اور آمدورفت کی مد میں 40 فیصد کمی کے باوجود ملک میں وناسپتی اور خوردنی تیل کی قیمتوں میں کمی نہیں آئی۔ حکومت پنجاب نے کہا ہے کہ اگر وناسپتی گھی اور تیل بنانے والی کمپنیاں خود قیمتوں کو کم نہیں کرتیں تو پرائس کنٹرول اور پریونشن آف پرافٹنگ اینڈ ہورڈنگ ایکٹ 1977 (یعنی قیمتوں پر اختیار اور منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی پر قانون) کے تحت وہ خود گھی اور تیل کی مناسب

قیمت مقرر کرے گی۔ (ڈان، 1 مارچ، صفحہ 2)

گھی:

11 مارچ: پام آئل کی عالمی قیمتوں میں کمی کے پیش نظر حکومت پنجاب نے وناسپتی گھی اور خوردنی تیل کی قیمت میں 15 روپے فی کلو کمی کردی ہے۔ (ڈان، 12 مارچ، صفحہ 2)

14 مارچ: پاکستان وناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (PVMA) کے ساتھ کامیاب مزاکرات کے بعد حکومت نے گھی مل مالکان کو گھی اور خوردنی تیل کی قیمت میں 15 روپے فی کلو کمی پر راضی کرلیا ہے ملوں کو قیمتیں کم کرنے کے لیے تین دن دیئے گئے ہیں۔ نئی قیمت پورے ملک میں نافذ ہوگی۔ (دی نیوز، 15 مارچ، صفحہ 3)

- زیتون

16 فروری: ایک مضمون میں یہ بتایا گیا ہے کہ پوٹھوہار کے بارانی علاقوں کو حکومت پنجاب نے ''زیتون اور انگور کی وادی'' قرار دیا ہے۔ اس منصوبے کے لیے زیتون اور انگور کی خاص اقسام درآمد کی گئی ہیں اور قطرہ قطرہ آبپاشی اور اسپرنکلر نظام کے فروغ کے لیے 60 فیصد تک زرتلافی دی جارہی ہے۔ زیتون کے منصوبوں پر کام کرنے والے اطالوی بڑے پیمانے پر پودوں کی مختلف اقسام لاکر مقامی کسانوں کو فروخت کرتے ہیں۔ پاکستان آئل ڈیولپمنٹ بورڈ نے بھی تحقیق کے لیے ان پودوں کی بڑی مقدار درآمد کی ہے اور انہیں علاقے میں فروغ دیا ہے۔(احمد فراز خان، ڈان، 16 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

## نقد آور فصلیں

- کپاس

پیداوار:

18 اپریل: پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن (PCGA) نے اپنی سہ ماہی رپورٹ میں کہا ہے کہ پاکستان نے ابھی تک 14.863 ملین کپاس کی گانٹھیں حاصل کی ہیں جو پچھلے سال سے 11 فیصد زیادہ ہے۔ پچھلے سال 13.39 گانٹھیں حاصل ہوئی تھیں۔ پنجاب کی پیداوار میں 13.07 فیصد اضافہ ہوا ہے اور سندھ کی پیداوار میں 5.7 فیصد۔ (ڈان، 19 اپریل، صفحہ 10)

25 اپریل: زرائع کے مطابق پنجاب کے کچھ علاقوں میں بارش کی وجہ سے گندم کی کٹائی میں تاخیر نے کپاس کی بوائی میں تاخیر کردی ہے۔ کپاس کی بوائی جو فروری /مارچ تک ختم ہو جاتی ہے اب تک شروع نہیں ہو پائی ہے جس کی وجہ سے اگلے موسم میں کپاس کی پیداوار میں 250,000 گانٹھوں کی کمی ہوسکتی ہے۔ (دی نیوز، 26 اپریل، صفحہ 15)

خریداری:

6 فروری: ڈالر کی قدر میں اضافے کی وجہ سے کراچی کاٹن ایسوسی ایشن (KCA) نے 100 روپے اضافہ کرکے کپاس کی قیمت 4,850 روپے فی من کردی ہے۔ (ڈان، 7 فروری، صفحہ 11)

20 مارچ: ملتان میں پاکستان کاٹن اسٹینڈرڈز انسٹیٹیوٹ (PCSI) کی ایک تربیتی تقریب کے اختتام پر کاٹن کمشنر ڈاکٹر خالد عبداللہ نے کہا ہے کہ عالمی مارکیٹ میں معیار کا مقابلہ کرنے کے لیے پاکستان کو صاف کپاس کی فروغ کی کوشش تیز کرنی چاہیے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 مارچ، صفحہ 11)

11 اپریل: ٹیکسٹائل پر قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نے مشورہ دیا ہے کہ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (TCP) کپاس پیدا کرنے والوں کے مفادات کا تحفظ کرتے ہوئے بجائے صاف روئی کے براہ راست پھٹی کی خریداری کرے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 اپریل، صفحہ 11)

کاشت:

3 فروری: انٹرنیشنل کاٹن ایڈوائزری کمیٹی (ICAC) کے مطابق کپاس کا زیر کاشت رقبہ 2015-16 میں پانچ فیصد کم ہوکر 2.7 ملین ہیکٹر اور پیداوار 9 فیصد کم ہوکر 2.2 ملین ٹن ہونے کا امکان ہے۔ پاکستان میں کپاس کی کم قیمت اور ٹریڈنگ کارپوریشن کی طرف سے کپاس کی خریداری میں سست روی کی وجہ سے اکثر کسان کپاس کی فصل چھوڑ کر گندم اگانے کو ترجیح دے رہے ہیں۔ (دی نیوز، 4 فروری، صفحہ 15)

13 اپریل: ایک مضمون میں کہا گیا ہے کہ کپاس کی پیداوار پر حکومت نے زرتلافی واپس لے لی ہے دوسری طرف چین کی توجہ اپنے ملک میں اب چاول اور سویابین کی کاشت پر ہے اس کے علاوہ چین نے پاکستانی زرعی اشیاء کی برآمد پر پہلے سے عائد شرائط ختم کردی ہیں جس کی وجہ سے اگلے سال کپاس کا عالمی مارکیٹ میں رجحان بہتر نظر آرہا ہے۔ پاکستان میں پچھلے دس سالوں میں کپاس کی پیداوار کا کم از کم ایک ملین ایکڑ رقبہ دوسری منافع بخش فصلوں کی نظر ہوگیا ہے۔ (احمد فراز خان، ڈان، 13 اپریل، صفحہ 4، بزنس فنانس)

- تمباکو

27 فروری: صوابی میں کاشتکاروں نے ورجینیا اور سفید پتہ تمباکو کی فصل لگانا شروع کردی ہے جو تقریباً تین ہفتے جاری رہے گی۔ دونوں اقسام کا تمباکو ضلع صوابی میں بڑے پیمانے پر کاشت کیا جاتا ہے اور ضلع کی تقریباً پچاس فیصد آبادی بلواسطہ یا بلاواسطہ اسی فصل سے روزگار حاصل کرتی ہے۔ ملک میں تمباکو کی تمام اقسام کی مجموعی طلب 69 ملین کلوگرام ہے۔ (ڈان، 28 فروری، صفحہ 7)

13 مارچ: تمباکو کے کاشتکاروں کے ایک وفد نے سرحد ایگری کلچر چیمبر آف کامرس کے نائب صدر فضل الٰہی اور انجمن کاشتکاران ہزارہ کے صدر رستم خان کی سربراہی میں پاکستان ٹوبیکو بورڈ (PTB) کے چیئرمین فرید اللہ خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بورڈ سے کہا گیا کہ وہ خیبر پختون خواہ کے ہزارہ کسانوں کے مفادات کا خیال رکھتے ہوئے سگریٹ کے ڈبے کے 85 فیصد حصے پر سگریٹ نوشی کے خلاف تصویری انتباہ چھاپنے کے وفاقی فیصلے کو واپس لینے کے لیے اپنا اثر و رسوخ استعمال کرے۔ (ڈان، 14 مارچ، صفحہ 7)

30 مارچ: ایک خبر کے مطابق حکومت نے سگریٹ کے ڈبوں پر تمباکو نوشی کے خلاف تصویری انتباہ (گرافیکل ہیلتھ وارننگ) چھاپنے کی تاریخ میں توسیع کردی ہے۔ یہ فیصلہ تمباکو کی صنعت کے مطالبے پر کیا گیا ہے۔ (دی نیوز، 31 مارچ، صفحہ 2)

- پوست

4 مارچ: ایک خبر کے مطابق کوہستان کے ایک جرگے میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ وہ کسی کو اپنے علاقے میں پوست کاشت کرنے کی اجازت نہیں دینگے اور اس فیصلے کی خلاف ورزی کرنے والوں کو پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔ (دی نیوز، 5 مارچ، صفحہ 2)

12 اپریل: بارگان تحصیل کی مقامی انتظامیہ نے کہا ہے کہ 170 ایکڑ زمین پر پوست کی کاشت کو تباہ کر دیا گیا ہے۔ باجوڑ ایجنسی کے پولیٹیکل ایجنٹ فیاض شیر پاؤ کے مطابق پوری تحصیل میں پوست کے خلاف کاروائی عروج پر ہے۔ (ڈان، 13 اپریل، صفحہ 7)

## V۔ تجارت

23 اپریل: TDAP (ٹی ڈی اے پی) کے مطابق پاکستان اور ویتنام نے سمندری غذا کی باہمی تجارت کا معاہدہ کیا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارت تیزی سے ترقی کررہی ہے۔ سال 2007 میں باہمی تجارت 92 ملین ڈالرز تھی جو اب بڑھ کر 420 ملین ڈالرز تک پہنچ گئی ہے۔ (دی نیوز، 24 اپریل، صفحہ 5)

### برآمدات

- گندم

10 جنوری: سندھ حکومت نے 600,000 ٹن گندم برآمد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت نے 1,300,000 ٹن گندم کسانوں سے خریدی تھی لیکن آٹا ملوں نے کھلی منڈی سے درآمد شدہ سستی گندم خریدی جس کے نتیجے میں صوبائی محکمہ خوراک کے پاس اب تک 1,000,000 ٹن گندم کا ذخیرہ موجود ہے۔ حکومت کی طرف سے گندم کی قیمت کم کیے جانے کے باوجود ملوں نے صرف 25,000 ٹن مقامی گندم خریدی کیونکہ کھلی منڈی میں ابھی بھی دو سے تین لاکھ ٹن درآمدی گندم موجود ہے۔ (ڈان، 11 جنوری، صفحہ 10)

9 فروری: سندھ حکومت نے گندم کی پہلی ایک لاکھ ٹن کھیپ کی برآمد پر زرتلافی (rebate) کے حصول کے لیے وفاقی حکومت کو خط لکھ دیا ہے۔ وفاقی حکومت نے 1.2 ملین ٹن گندم کی برآمد پر 45 ڈالر فی ٹن زرتلافی دینے کا وعدہ کیا ہے۔ سندھ حکومت کے پاس تقریباً 0.95 ملین ٹن گندم موجود ہے اور گندم کی اگلی فصل کی کٹائی میں دو ماہ سے بھی کم وقت رہ گیا ہے۔ (محمد حسین خان، ڈان، 9 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

20 فروری: کسانوں کو خدشہ ہے کہ اس سال پاکستان زیادہ گندم برآمد نہیں کرسکے گا۔ کسان مارچ میں گندم کی کٹائی کا آغاز کرینگے جس کے اختتام پر گندم کے ذخائر 27 ملین ٹن تک پہنچ جائیں گے۔ اس

سال پاکستان میں گندم کی 26 ملین ٹن پیداوار متوقع ہے۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں کمی کی وجہ سے ہوسکتا ہے کہ پاکستان برآمدی ہدف حاصل نہ کرسکے۔ حکومت کے 1.2 ملین ٹن گندم برآمد کرنے کے اعلان کے بعد سے اب تک صرف 3000 ٹن گندم برآمد کی گئی ہے۔ (دی نیوز، 21 فروری، صفحہ 14)

5 مارچ: اسٹیٹ بینک نے گندم برآمد کرنے والوں کو زرتلافی دینے کے لیے بینکوں اور دیگر مالیاتی اداروں کو ہدایات جاری کی ہیں۔ گندم کی اچھی فصل کے پیش نظر حکومت نے 1.2 ملین ٹن گندم برآمد کرنے والوں کو 45 ڈالرز فی ٹن زرتلافی سندھ میں اور 55 ڈالرز فی ٹن زرتلافی پنجاب میں دینے کا اعلان کیا تھا۔ برآمد کے لیے اسٹیٹ بینک نے پنجاب سے 15 اپریل 2015 سے پہلے اور سندھ میں 31 مارچ سے پہلے گندم مختلف گوداموں سے حاصل کرکے برآمد کا کام اگلے 30 دنوں میں مکمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ (دی نیوز، 6 مارچ، صفحہ 15)

9 مارچ: ایک خبر کے مطابق ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) نے 20,000 ٹن امریکی گندم افغانستان پہنچانے کے لیے پاکستانی حکام سے پورٹ قاسم کی بندرگاہ استعمال کرنے کی اجازت مانگی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 مارچ، صفحہ 10)

28 مارچ: گندم کی عالمی قیمت کم ہونے کے باوجود پاکستان سے برآمد کی گئی کچھ گندم کو اچھی قیمت مل گئی ہے۔ فروری 2015 میں گندم کی عالمی قیمت 237 ڈالرز فی ٹن ہوگئی جب کہ دسمبر 2014 میں یہ قیمت 269 ڈالرز فی ٹن تھی۔ پاکستان سے برآمد کی گئی 3,501 ٹن گندم 296 ڈالرز فی ٹن کے حساب سے برآمد کی گئی۔ (ڈان، 28 مارچ، صفحہ 10)

29 مارچ: وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے صوبوں اور پاسکو کے اضافی گندم کو برآمد کرنے کے لیے

بڑے تاجروں کو اسلام آباد میں بات چیت کی دعوت دی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 مارچ، صفحہ 8)

14 اپریل: اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے گندم اور گندم کے آٹے کی برآمدی مدت میں ایک مہینے کی توسیع کردی ہے۔ (ڈان، 15 اپریل، صفحہ 11)

21 اپریل: اسلام آباد میں سیکریٹری قومی غذائی تحفظ و تحقیق سیرت اصغر نے اعلان کیا کہ کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے صوبوں کو اضافی گندم براہ راست برآمد کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ پہلے یہ اجازت صرف نجی شعبے کو حاصل تھی۔ (ڈان، 22 اپریل، صفحہ 10)

- چاول

26 مارچ: ایک اخباری بیان کے مطابق چین کے گوآ نگ ڈونگ (Guangdong) گرین ایسوسی ایشن کے 10 رکنی وفد نے رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (REAP) کے ساتھ کراچی میں ٹی ڈی اے پی کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد نے پاکستان سے 1,500 ٹن چاول درآمد کرنے کے معاہدے پر بھی دستخط کیے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 مارچ، صفحہ 10)

31 مارچ: اسلام آباد میں REAP (ریپ) کے ساتویں ایکسپورٹ ٹرافی ایوارڈز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر پاکستان ممنون حسین نے کہا ہے کہ پاکستان سالانہ چار بلین ڈالرز کے برآمدی ہدف کو حاصل کرلے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 اپریل، صفحہ 11)

- چینی

5 جنوری: اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے چینی برآمد کرنے والے ملوں کے لیے کاشتکاروں کو گنے کی ادائیگی کا سرٹیفکٹ لازم قرار دے دیا ہے۔ یہ فیصلہ ان شکایت کے بعد کیا گیا کہ مل سرکاری قیمت پر گنا

نہیں خرید رہے اور کاشتکاروں کو واجبات بھی وقت پر ادا نہیں کررہے۔ حکومت نے 650,000 ٹن چینی ان ملوں کو جنہوں نے واجبات ادا کردیے ہیں برآمد کرنے کی اجازت دی ہے۔ (ڈان، 6 جنوری، صفحہ 10)

10 مارچ: دسمبر 2014 میں حکومت کی طرف سے چینی برآمد کرنے پر 100 ڈالرز فی ٹن کے حساب سے زرتلافی دینے کے اعلان کے بعد پاکستان نے 250,000 ٹن چینی برآمد کی۔ پی ایس ایم اے کے چیئرمین اسکندر خان کے مطابق معاہدے 370 سے 400 ڈالرز فی ٹن کے حساب سے ہوئے ہیں۔ پاکستان میں چھ ملین ٹن چینی سالانہ پیدا ہوتی ہے جس میں سے 4.5 ملین ٹن ملک میں ہی استعمال ہوتی ہے۔ مقامی چینی کی قیمت میں پہلے چھ مہینوں میں 13 فیصد کمی آئی ہے۔ چیئرمین نے کہا کہ ہم چینی 64 روپے فی کلو کے حساب سے بنا رہے ہیں اور 45 روپے فی کلو کے حساب سے بیچ رہے ہیں۔ ایسی صورتحال میں ہم کسانوں کو کیسے رقم ادا کر سکتے ہیں؟ (ڈان، 11 مارچ، صفحہ 11)

11 مارچ: چینی برآمد کرنے کے لیے تصدیق شدہ ڈیلروں کے لیے اسٹیٹ بینک نے طریقہ کار واضع کردیا ہے۔ یہ ڈیلرز چینی برآمد کرنے کے لیے ان شوگر ملوں کی نشان دہی کریں گے جنہیں زرتلافی دی جائے گی۔ (ڈان، 12 مارچ، صفحہ 10)

13 اپریل: ایک مضمون کے مطابق ایسے وقت میں جب عالمی منڈی میں زرعی اشیاء کی قیمتیں گری ہوئی ہیں جیسے چینی کی قیمتیں 2009 کے بعد کم ترین سطح پر پہنچ چکی ہے، اضافی پیداوار ملک کے لیے خوش آئند بات نہیں ہے۔ کسان گرتی ہوئی قیمتوں سے دلبرداشتہ ہورہے ہیں اور حکومت گندم، چاول اور گنے کے بڑھتے ہوئے ذخائر کے حوالے سے کسی فیصلے پر پہنچنے سے قاصر ہے۔ ملک میں اضافی ذخیرہ کم قیمت پر بیچ کر فائدہ غریب صارفین کو پہنچانے کی کوئی تاریخ نہیں اور نہ ہی مغرب کی طرح اسے سمندر میں پھینکنے کا کوئی دستور ہے۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 13 اپریل، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

- پھل سبزی

13 جنوری: پی ایف وی اے کے سابق چیئر مین وحید احمد نے کہا ہے کہ پھلوں اور سبزیوں کے شعبے میں تحقیق اور ترقی کی مدد سے موجودہ 625 ملین ڈالرز کی آمدنی با آسانی بڑھائی جاسکتی ہے۔ پاکستانی پھلوں اور سبزیوں کی بہت مانگ ہے لیکن نامناسب پالیسیوں اور برآمدی رکاوٹوں کی وجہ سے اس شعبے سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھایا جارہا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 جنوری، صفحہ 11)

16 فروری: پاکستان ہورٹی کلچر ڈیولپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ بورڈ (PHDEC) کے مطابق گندم، چاول، کپاس اور گنے کے زیر کاشت رقبے میں اضافے کی وجہ سے پھلوں کا زیر کاشت رقبہ سکڑ گیا ہے۔ وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق پھلوں کی کل پیداوار جو 2009 میں 7.01 ملین ٹن تھی بتدریج کم ہوکر 2013 میں 6.52 ملین ٹن ہوگئی جبکہ پھلوں کی برآمد میں بتدریج اضافہ ہوا ہے۔ 2009 میں پھلوں کی برآمد 162 ملین ڈالرز سے بڑھ کر 393 ملین ڈالرز ہوگئی اور 2014 میں یہ برآمدات 438 ملین ڈالرز تک پہنچ گئیں۔ (محی الدین عظیم، ڈان، 16 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

27 مارچ: فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کی زراعت و باغبانی کی قائمہ کمیٹی کے چیئر مین احمد جاوید نے کراچی میں کہا ہے کہ پاکستان کی باغبانی سے متعلق برآمدات 400 ملین ڈالرز تک ہیں جو بھارتی 2.7 بلین ڈالرز اور چینی 18 بلین ڈالرز کی باغبانی کی برآمدات کے مقابلے میں بہت کم ہیں۔ باغبانی کا شعبہ سرمایہ کاری کے فروغ کے ساتھ پاکستان برآمدات میں بہت اضافہ کر سکتا ہے۔ (دی نیوز، 28 مارچ، صفحہ 17)

4 اپریل: FPCCI (ایف پی سی سی آئی) کی زراعت و باغبانی کی قائمہ کمیٹی کے چیئر مین احمد جاوید نے اسلام آباد میں کہا ہے کہ پاکستان کے زرعی شعبے میں عالمی سطح پر مقابلے کی صلاحیت کم ہے جس کی وجہ فی ایکڑ پیداوار کی کمی اور پیداوار کے بعد 40 سے 80 فیصد نقصان ہے۔ انہوں نے حکومت سے کہا کہ وہ

ٹیکسٹائل پالیسی کی طرح باغبانی کی برآمدی پالیسی بھی ترتیب دے۔ (دی نیوز، 5 اپریل، صفحہ 17)

14 اپریل: ایف پی سی سی آئی کی زراعت و باغبانی کی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین احمد جاوید نے وزیراعظم نواز شریف کے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے جس میں انھوں نے گلگت بلتستان سے علاقائی پھلوں کو برآمد کرنے کے لیے مال بردار پروازیں شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ (دی نیوز، 15 اپریل، صفحہ 17)

16 اپریل: پی ایف وی اے نے مختلف وزارتوں کو لکھے گئے خط میں کہا ہے کہ وہ برآمد کے لیے لکڑی کے بکسوں کے استعمال پر پابندی عائد کرے کیونکہ اس سے اشیاء کو نقصان پہنچنے کا خطرہ رہتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 اپریل، صفحہ 11)

17 اپریل: ڈی پی پی نے 2015 میں برآمد کی جانے والی سبزیوں اور پھلوں کے لیے لکڑی کے بکسوں کے استعمال پر پابندی لگا دی ہے۔ (ڈان، 18 اپریل، صفحہ 10)

آلو:

8 جنوری: برآمد کنندگان 25 فیصد برآمدی محصول ختم ہونے کے باوجود آلو برآمد کرنے میں مشکلات کا شکار ہیں۔ مئی 2014 میں مقامی منڈی میں آلو کی قیمت مستحکم رکھنے کے لیے برآمد پر محصول عائد کیا گیا تھا جسے دو ہفتے پہلے واپس لے لیا گیا لیکن اس کا نوٹیفکشن ایک دن پہلے ہی جاری کیا گیا۔ بندرگاہ پر حکام 25 فیصد محصول کا مطالبہ کر رہے ہیں کیونکہ نوٹیفکشن اب تک حکومت کے برقی نظام (WEBOC) پر نہیں ڈالی گئی ہے۔ (ڈان، 9 جنوری، صفحہ 10)

22 فروری: حکومت نے آلو کی درآمد پر پابندی عائد کر کے برآمد پر محصول کی چھوٹ دے دی ہے جس سے مقامی منڈی میں آلو کی قیمت اور بیرون ملک برآمد بڑھ جائیگی۔ (ڈان، 23 فروری، صفحہ 10)

کینو:

9 مارچ: روس کی طرف سے کئی مغربی ممالک سے غذائی اشیاء کی درآمد پر پابندی کے بعد سے پاکستان نے اس موسم میں 100,000 ٹن سے زیادہ کینو روس کو برآمد کیا۔ پاکستان نے دسمبر 2014 سے اب تک کل 240,000 ٹن کینو برآمد کیا جس میں 40 فیصد روس کو برآمد کیا گیا۔ (ڈان، 10 مارچ، صفحہ 11)

16 مارچ: ایک مضمون میں کینو کی برآمدات کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ کینو کی مقدار اور معیار میں اضافے کی وجہ سے یہ سیزن کینو کی برآمدات کے حوالے سے اچھا رہا ہے۔ کینو کی برآمدات 300,000 ٹن سے تجاوز کرچکی ہیں اور امید ہے کہ اس میں مزید 50,000 ٹن اضافہ ہوجائے گا۔ (احمد فراز خان، ڈان، 16 مارچ، صفحہ 4، بزنس فنانس)

31 مارچ: وزیر زراعت پنجاب فرخ جاوید نے کراچی میں ایف پی سی سی آئی کی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین احمد جاوید سے ملاقات میں کہا ہے کہ حکومت پنجاب نے کینو اور آم کے باغوں سے پھل مکھیوں کے خاتمے کے لیے 227 ملین روپے مختص کیے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ برآمدات بڑھانے کے لیے ان کی حکومت نجی شعبے کو امداد دینا چاہتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 اپریل، صفحہ 11)

آم:

14 مارچ: ایک خبر کے مطابق یورپی منڈی کو اپنی برآمدات بڑھانے کے لیے پاکستان بڑی تیزی سے کام کررہا ہے۔ گزشتہ سال کی برآمدات 90,714 ٹن کے مقابلے میں اس سال 120,000 ٹن آم برآمد کیے جائیں گے۔ جنوری میں یورپی یونین نے بھارتی آم پر سے پابندی ہٹا دی ہے جس کی وجہ سے منڈی میں پاکستانی آم کو سخت مقابلے کا سامنا بھی ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 مارچ، صفحہ 11)

18 اپریل: چین نے پاکستانی زرعی پیداوار کی برآمد میں مزید آسانی پیدا کردی ہے خاص طور سے رس

دار پھلوں اور آموں کی برآمد کے لیے پہلے سے کسی قسم کی خصوصی اجازت کی ضرورت نہیں ہوگی۔ دونوں ممالک کے درمیان یہ سمجھوتہ فری ٹریڈ ایگریمنٹ (FTA) کی چوتھے اجلاس کے دوسرے مرحلے میں ہوا۔ (ڈان، 19 اپریل، صفحہ 10)

امرود:

24 مارچ: ایک مضمون کے مطابق سرکاری اور نجی شعبے نے دو سالوں کی تحقیق کے بعد VHT (وی ایچ ٹی) کے ذریعے پھل مکھی سے پاک امرود کی پیداوار میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ پی ایف وی اے اور پارک نے اس تحقیق میں معاونت کی۔ پی ایف وی اے کے چیئرمین وحید احمد نے کہا ہے کہ اس کامیابی سے امرود کی برآمد میں 25 فیصد اضافہ ہوگا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 مارچ، صفحہ 10)

- کپاس

11 جنوری: یورپی یونین سے جی ایس پی پلس کا درجہ ملنے کے بعد توقع تھی کہ پاکستان کی برآمدات تیزی سے بڑھیں گی اس کے برعکس دنیا بھر میں پاکستانی برآمدات 2015 کے پہلے چھ ماہ میں 4.3 فیصد کم ہوگئیں۔ خام کپاس اور پھٹی کی برآمد میں گزشتہ سال کے مقابلے بل ترتیب دو فیصد اور ایک فیصد کمی ہوئی۔ سوتی کپڑے کی برآمد اس سے بھی بدتر صورتحال سے دوچار ہے جس کی برآمد پچھلے سال اسی عرصے کے مقابلے 32.6 فیصد کم ہوگئی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 جنوری، صفحہ 10)

- حلال اشیاء

3 جنوری: پشاور انتظامیہ کی جانب سے افغانستان کو پولٹری مصنوعات کی برآمد پر پابندی سے سالانہ 16 ارب روپے برآمدی نقصان کا اندیشہ ہے۔ چیئرمین پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن (PPA) (نارتھ زون) ڈاکٹر مصطفیٰ کمال نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایک طرف تو خیبرپختون خواہ حکومت بھارت، برازیل اور امریکہ کو افغانستان کے لیے پولٹری مصنوعات کے لیے راہداری فراہم کررہی ہے لیکن مقامی

برآمد کنندگان کو یہ سہولت فراہم کرنے سے انکار کررہی ہے۔ (ڈان، 4 جنوری، صفحہ 15)

18 مارچ: چوتھی عالمی حلال کانفرنس پنجاب حلال ڈیولپمنٹ ایجنسی (PHDA) اور USAID (یو ایس ایڈ) کے تعاون سے لاہور میں منعقد کی گئی۔ اس موقع پر حلال ریسرچ کونسل (HRC) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر زبیر مغل نے کہا کہ حلال اشیاء کی مختلف اور بڑی مقدار پاکستان سے برآمد کی جاسکتی ہیں اور پاکستان اس حوالے سے ایک مرکزی حیثیت حاصل کرسکتا ہے۔ (دی نیوز، 19 مارچ، صفحہ 17)

22 مارچ: ایک خبر کے مطابق پولٹری مصنوعات کی برآمدی صنعت امید کررہی ہے کہ پاکستان حلال اتھارٹی کا قیام گلف ممالک کی منڈی کو پھر سے حاصل کرنے میں ان کی مدد کرے گا۔ 2008 میں مشرق وسطی کے ممالک نے پاکستان کی پولٹری مصنوعات پر پابندی عائد کر دی تھی جسے اب اٹھا لیا گیا ہے لیکن ان ممالک میں درآمدی اشیاء کے سخت معیار کی وجہ سے یہ کمپنیاں ابھی تک اپنی جگہ نہیں بنا پائی ہیں۔
(ڈان، 23 مارچ، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

## درآمدات

- گندم

31 دسمبر: وزیر اعلی سندھ قائم علی شاہ نے وزیر اعظم سے مطالبہ کیا ہے کہ گندم کی درآمد پر فوری طور پر پابندی عائد کی جائے۔ وفاقی حکومت کی طرف سے گندم درآمد کرنے کی اجازت دینے سے صوبوں کو نقصان ہورہا ہے۔ وزیر اعلی نے مزید کہا کہ گندم کی شاندار فصل ہونے کے باوجود صوبائی حکومت سے مشاورت کے بغیر محصول سے مستثنیٰ گندم درآمد کرنے کی اجازت دی گئی جس کے نتیجے میں سات لاکھ ٹن غیر معیاری گندم درآمد ہوئی جو انسانی صحت کے لیے نقصاندہ ہے۔ (ڈان، 1 جنوری، صفحہ 19)

19 مارچ: کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی سربراہی میں کچھ مہینے پہلے لگائی گئی گندم اور گندم سے بنی اشیاء کی درآمد پر پابندی ختم کردی گئی ہے اور اس کے بدلے درآمد پر 25 فیصد محصولات عائد کردیے گئے ہیں۔ (ڈان، 20 مارچ، صفحہ 10)

31 مارچ: فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) نے گندم کی درآمد پر 25 فیصد محصولات عائد کردیے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 اپریل، صفحہ 10)

3 اپریل: قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی ذیلی کمیٹی نے کراچی بندرگاہ کے کسٹم حکام سے وضاحت طلب کی کہ یوکرائن اور مولڈوا سے درآمد شدہ غیر معیاری گندم کے 82 کنٹینرز کو ڈی پی پی کی تصدیق کے بغیر کس طرح ملک میں آنے کی اجازت دے دی گئی جس کا کسٹم حکام جواب دینے میں ناکام رہے۔ (پیر محمد، دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 اپریل، صفحہ 10)

27 اپریل: ایک مضمون کے مطابق ایف اے او نے اپنی حالیہ رپورٹ میں حکومت کی گندم پر پالیسیوں کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے جس کی وجہ سے گندم کی خریداری اور تقسیم کا فائدہ آٹے کی ملوں اور تاجروں کو جاتا ہے۔ سیکریٹری وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق سیرت اصغر نے یوکرائن سے غیر معیاری گندم کی درآمد کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک ہمارے پاس گندم پر پالیسی نہیں ہوگی ہم گندم کی درآمد اور برآمد کے وقتی فیصلے کرتے رہیں گے۔ WTO (ڈبلیو ٹی او) کے تحت پاکستان گندم کی درآمد روک نہیں سکتا۔ دوسری طرف اس وقت عالمی منڈی میں گندم کی قیمت 1,000 روپے فی من ہے جب کہ حکومت کسانوں سے اس سال 1,300 فی من خریدے گی۔ (امین احمد، ڈان، 27 اپریل، صفحہ 4)

- سویابین

6 جنوری: پاکستان کی امریکہ سے 50,000 ٹن سویابین کی خریداری کو تجارتی حلقے کنولا کے مقابلے

سویابین کی زیادہ پیداوار اور زیادہ منافع کو اس کی درآمد میں اضافے کی وجہ قرار دے رہے ہیں۔ پاکستان میں سویابین کی طلب پولٹری اور مال مویشی کے شعبے میں ترقی کی وجہ سے بڑھ رہی ہے۔ تاجر امید کررہے ہیں کہ 2015 میں پاکستان 300,000 ٹن سویابین درآمد کرے گا۔ اس وقت امریکہ پاکستان کو معمولی مقدار میں سویابین تیل غذائی امداد کی صورت فراہم کررہا ہے۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 6 جنوری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

8 جنوری: یورپی تاجروں کے مطابق پاکستانی درآمد کنندگان نے برازیل سے 60,000 ٹن سویابین خریدا ہے اور مزید 60,000 ٹن امریکی سویابین کی خریداری کے لیے بات چیت جاری ہے۔ برازیل سے آنے والا سویابین 15 مارچ سے 15 اپریل تک پہنچے گا جبکہ امریکی سویابین 20 مارچ سے 20 اپریل تک پہنچے گا۔ دسمبر 2014 میں پاکستانی درآمد کنندگان نے 50,000 ٹن سویابین امریکہ سے درآمد کیا تھا۔ اخبار کے مطابق سویابین کی غیر معمولی درآمد کنولا سے تبدیلی کی طرف ایک اشارہ ہوسکتی ہے۔ (ڈان، 9 جنوری، صفحہ 11)

- پام آئل

5 فروری: ادارہ شماریات پاکستان کے مطابق دسمبر میں پام آئل کا درآمدی بل 24.4 فیصد اضافے سے 156 ملین ڈالرز تک پہنچ گیا ہے جو گزشتہ سال اسی مدت میں 125.41 ملین ڈالرز تھا۔ پاکستان خوردنی تیل کا بڑا درآمد کنندہ ہے جو ہر سال تقریباً دو بلین ڈالرز اس مد میں خرچ کرتا ہے۔ (دی نیوز، 6 فروری، صفحہ 15)

25 مارچ: ملیشین پام آئل کونسل میں پاکستان اور وسط ایشیائی ریاستوں کے ریجنل ڈائریکٹر فضل اقبال نے کہا کہ سال 2014 کے آخری حصے میں انڈونیشیا میں محصولات کے ڈھانچے میں تبدیلی سے خوردنی تیل کی قیمتوں میں اضافے کے پیش نظر تاجروں نے زیادہ پام آئل درآمد کرلیا تھا اس لیے جنوری اور

فروری میں خوردنی تیل کی درآمد کم رہی۔ (دی نیوز، 26 مارچ، صفحہ 15)

- دالیں

2 فروری: ملک میں دالوں کی پیداوار میں کمی کی وجہ سے دالوں کی درآمد میں اضافہ ہورہا ہے۔ جولائی سے دسمبر 2014 تک دالوں کی درآمد 43 فیصد اضافے سے 308,000 ٹن تک پہنچ گئی جو پچھلے سال اسی مدت کے دوران 215,000 ٹن تھی۔ وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق کے مطابق پاکستان کل زیرکاشت رقبے کے پانچ فیصد پر ایک ملین ٹن سے بھی کم دالیں پیدا کرتا ہے۔ (محی الدین عظیم، ڈان، 2 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

- خشک دودھ

24 فروری: قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق نے حکومت سے درخواست کی ہے کہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کی طرف سے خشک دودھ کی درآمد پر 100 فیصد محصول عائد کیا جائے۔ دودھ کی درآمد نہ صرف مقامی پیداوار کو متاثر کررہی ہے بلکہ زرمبادلہ کے ذخائر کے زیاں کا بھی سبب ہے۔ گزشتہ سال صرف نیسلے نے دس ارب روپے کا خشک دودھ درآمد کیا جو ملک میں دودھ 120 روپے فی کلو فروخت کررہی ہے جبکہ مقامی کسان 35 روپے فی کلو فروخت کررہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 فروری، صفحہ 11)

- حلال اشیاء

23 فروری: ایڈیشنل سیکرٹری وزارت سائنس وٹیکنالوجی میاں اعجاز نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کے سامنے 19 درآمدی اشیاء کی فہرست پیش کی جن میں حرام اجزا شامل ہیں۔ سیکرٹری نے بتایا کہ اکثر ڈبہ بند درآمدی غذائی مصنوعات ملک میں فروخت ہورہی ہیں جن میں حرام اجزا شامل ہیں اور وزارت کے پاس ان اشیاء کی فروخت روکنے کا اختیار نہیں ہے۔ (ڈان، 24 فروری، صفحہ 2)

4 مارچ: وفاقی وزیر دفاعی پیداوار رعنا تنویر حسین نے قومی اسمبلی کو بتایا کہ حکومت نے حلال فوڈ ریگولیٹری اتھارٹی بنانے کا فیصلہ کر لیا ہے اور اس حوالے سے جلد قانون سازی کی جائے گی وفاقی وزیر 19 پیک شدہ درآمدی اشیاء پر حالیہ پابندی پر جواب دے رہے تھے۔ 23 فروری کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی نے ان اشیاء میں حرام اجزاء پائے جانے کی نشان دہی کی تھی۔ (ڈان، 5 مارچ، صفحہ 4)

- پھل سبزی

پیاز:

29 اپریل: LCCI (ایل سی سی آئی) کی پاکستان۔بھارت تجارت کی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین آفتاب وھرانے کہا ہے کہ ڈی پی پی کی طرف سے اجازت نامہ جاری کرنے میں تاخیر کی وجہ سے واہگہ کے ذریعے بھارت سے سبزیوں کی درآمد میں روزانہ 30 فیصد کمی ہو رہی ہے جس کی وجہ سے پنجاب میں پیاز کی قیمت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ (ڈان، 30 اپریل، صفحہ 15)

خشک ناریل:

20 مارچ: کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (KCCI) کے صدر افتخار احمد نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کے درمیان لائن آف کنٹرول (LoC) کے ذریعے مال کی تجارتی فہرست سے خشک ناریل کو نکال دینا چاہیے کیونکہ اس تجارت میں صرف ان اشیاء کا تبادلہ ہو سکتا ہے جو کشمیر کے دونوں حصوں میں پیدا ہوتی ہیں۔ خشک ناریل کو فہرست میں شامل کرنے سے پاکستان میں خشک ناریل درآمد کرنے والے تاجروں کا کاروبار ختم ہوتا نظر آرہا ہے۔ (دی نیوز، 21 مارچ، صفحہ 17)

- یوریا

6 اپریل: ایک خبر کے مطابق وزارت صنعت و پیداوار نے ربیع کے موسم میں یوریا کی کمی کو پورا کرنے کے لیے حکومت سے 350,000 ٹن یوریا درآمد کرنے کی درخواست کی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7

اپریل، صفحہ 10)

- سوتی دھاگہ

6 فروری: آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن نے بھارت سے سوتی دھاگے کی درآمد پر 15 فیصد محصول عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ بھارت کی طرف سے سوتی دھاگے کی صنعت کو برآمد پر 25 فیصد زرتلافی دیے جانے سے پاکستان کی 30 مقامی دھاگے کی ملیں متاثر ہورہی ہیں۔ (دی نیوز، 7 فروری، صفحہ 17)

7 فروری: کپڑے کی صنعت سے وابستہ تاجروں برآمد کنندگان نے حکومت سے درخواست کی ہے کہ وہ سوتی دھاگے کی درآمد پر عائد اضافی پانچ فیصد محصول کی چھوٹ دے تاکہ صنعت کو مزید نقصان سے بچایا جاسکے۔ تاجر رہنماؤں نے کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ اگر حکومت سوتی دھاگے کی درآمد پر محصول ختم نہیں کرنا چاہتی تو اس کی برآمد پر بھی اس ہی حساب سے محصول عائد ہونا چاہیے جیسے کہ درآمد پر عائد ہے۔ (دی نیوز، 8 فروری، صفحہ 15)

- ایگری بزنس

11 مارچ: پنجاب کے سیکرٹری صنعت و پیداوار راؤ محمد اجمل خان نے اسمال اینڈ میڈیم انٹر پرائیزز ڈیولپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کو مشورہ دیا ہے کہ وہ زراعت اور غذائی اشیاء پر اپنے کاروبار کی بنیاد رکھیں۔ (دی نیوز، 12 مارچ، صفحہ 17)

20 اپریل: ایک مضمون میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں ایگری بزنس کا شعبہ بڑھ رہا ہے لیکن اس حوالے سے کوئی جامع پالیسی نہ ہونے کی وجہ سے اس کا حصہ قومی معیشت میں اپنی صلاحیت سے بہت کم ہے۔ سرکاری اہلکاروں کے مطابق ایگری بزنس کے شعبے کی ملک گیر جانچ کی ضرورت ہے تاکہ اس شعبے کے

مکمل اعداد وشمار سامنے آسکے۔ (محی الدین، ڈان، 20 اپریل،صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

## VI۔ کارپوریٹ شعبہ

### غذائی کمپنیاں

9 فروری: آئی سی آئی پاکستان کے مطابق کمپنی، جاپانی کمپنی کا تیار کردہ فارمولا دودھ مورینا گا کی پاکستان میں درآمد اور تقسیم کار کمپنی نیوٹری کو پاکستان (NutriCo Pakistan) پرائیوٹ لمیٹڈ میں 15 فیصد سرمایہ کاری کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ (دلاور حسین، ڈان، 9 فروری ،صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

23 فروری: بڑھتی ہوئی ملکی اور غیرملکی طلب، موثر آن لائن تشہیر اور بینکوں سے قرض کی سہولت منافع بخش غذائی تجارت میں اضافہ کررہی ہے۔ اسی لیے حالیہ برسوں میں کثیرالقومی کمپنیوں سمیت غذائی کمپنیوں کی فروخت اور منافع میں بڑا اضافہ دیکھا گیا۔ نیسلے پاکستان کی ششماہی فروخت جنوری تا جون 2014 کے درمیان 50.3 بلین روپے تک پہنچ گئی جو پچھلے سال 42.4 بلین روپے پر تھی۔ یونی لیور پاکستان کی فروخت 4.105 بلین روپے ہوگئی جو پچھلے سال پہلی ششماہی میں 3.465 بلین روپے تھی۔ (محی الدین عظیم، ڈان، 23 فروری،صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

10 اپریل: افتخار احمد اینڈ کمپنی کے چیئرمین ندیم احمد نے کہا ہے کہ ان کی کمپنی آم کے موسم کے آغاز پر سرگودھا میں پھلوں کا رس نکالنے کا سب سے بڑا کارخانہ لگا رہی ہے۔ اس کارخانے سے 12 ٹن فی گھنٹہ رس اور گودہ نکالا جاسکے گا۔ (دی نیوز، 11 اپریل،صفحہ 17)

- نیسلے

19 فروری: نیسلے پاکستان نے 35 فیصد اضافے کے ساتھ سال 2014 میں بعد از ٹیکس 7.9 بلین روپے منافع کا اعلان کیا ہے جبکہ گزشتہ سال کمپنی کا منافع 5.8 بلین روپے تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 فروری،

صفحہ 11)

21مارچ: نیسلے پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ وہ واٹر ایجوکیشن فار ٹیچرز (WET) نامی ایک منصوبہ لا رہی ہے جسے سال کی دوسری سہ ماہی میں نیسلے ہیلدی کڈز (NHK) پروگرام میں شامل کیا جائے گا۔ WET (ڈبلو ای ٹی) ایک امریکی غیر سرکاری تنظیم ہے جس کا مقصد پانی کی اہمیت پر تربیتی پروگرام کرنا ہے۔ (دی نیوز، 22 مارچ، صفحہ 17)

- اینگرو فوڈز

27 جنوری: اینگرو فوڈز نے 31 دسمبر 2014 کو ختم ہونے والے سال میں بعد از ٹیکس 889 ملین روپے منافع کمایا جو گزشتہ سال 211 ملین روپے تھا۔ (دی نیوز، 28 جنوری، صفحہ 17)

29 جنوری: اینگرو فوڈز نے کراچی میں کھلے دودھ کی خوردہ فروش دکانیں جنہیں اینگرو نے نومبر 2013 میں ''مبروک'' کے نام سے شروع کیا تھا بند کردی ہیں۔ کمپنی کا صارفین کو کھلا پیچر ئیزڈ دودھ فروخت کرنے اور روایتی دودھ کو مات دینے کا منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 جنوری، صفحہ 11)

20 اپریل: ایک خبر کے مطابق رواں برس کے ابتدائی تین ماہ میں اینگرو فوڈز نے 1.068 بلین روپے منافع کمایا جبکہ سال 2014 کے اسی دورانیے میں کمپنی نے 190.097 ملین روپے کا منافع کمایا تھا۔ (دی نیوز، 21 اپریل، صفحہ 15)

27 اپریل: اینگرو فوڈز کی جانب سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز کے مطابق کمپنی نے نیشنل بینک آف پاکستان کے ساتھ ایک مفاہمتی یاداشت پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت مال مویشی اور دودھ کے کاروبار

کے لیے مواقع فراہم کیے جائیں گے اور مستحق اور اہل افراد کو وزیراعظم قرضہ اسکیم کے تحت قرض فراہم کیا جائے گا۔ (ڈان، 28 اپریل، صفحہ 11)

- دی گراس گروپ

24 مارچ: دی گراس گروپ آف انڈسٹریز دو بلین روپے کی لاگت سے ایک جدید پولٹری پلانٹ تعمیر کرے گی جو صارفین کو تندوری مرغی اور دیگر مصنوعات فراہم کرے گی۔ یہ گروپ ملک میں سفید گوشت کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کے لیے نیدر لینڈز کی میرل (Marel) کمپنی سے تیار شدہ مشینری درآمد کررہا ہے۔ منصوبے کے لیے 24 ایکڑ زمین فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈیولپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (FIEDMC) سے خریدی گئی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 مارچ، صفحہ 11)

- فوجی فاؤنڈیشن

27 مارچ: فوجی فرٹیلائزرز بن قاسم لمیٹڈ اور فوجی فاؤنڈیشن نے اعلان کیا ہے کہ وہ نون پاکستان کے 51 فیصد حصص خرید کر کمپنی میں حصہ دار بن رہی ہے۔ نون پاکستان لمیٹڈ نور پور مکھن اور دودھ سے بنی اشیاء بناتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 مارچ، صفحہ 11)

- فاسٹ فوڈ چین

24 فروری: امریکی ریستوران چین اسٹیک این شیک (Stake 'n shake) نے پاکستان میں 15 ریستوران کھولنے کا اعلان کیا ہے۔ کمپنی نے ایف ایم فوڈز پرائیوٹ لمیٹڈ سے ملک میں اپنی مصنوعات متعارف کرانے کے لیے معاہدہ کیا ہے۔ (دی نیوز، 25 فروری، صفحہ 17)

- آن لائن غذائی کمپنیاں

6 فروری: فوڈ پانڈا (Food Panda) نے جو جرمنی کی راکٹ انٹرنیٹ کی ذیلی کمپنی ہے، اپنے کاروباری

حریف اور پاکستان کی سب سے بڑی آن لائن غذائی کمپنی ایٹ اوئے (EatOye) کوخرید لیا ہے۔ اس حالیہ خریداری کے بعد فوڈ پینڈا جنوب مشرقی ایشیا کی سب سے بڑی آن لائن غذائی کمپنی بن گئی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 فروری، صفحہ 11)

## کھاد کمپنیاں

10 فروری: ایک خبر کے مطابق حکومت نے کھاد کمپنیوں کا 14 بلین روپے کی زرتلافی کا مطالبہ رد کرتے ہوئے کہا کہ جب تک کمپنیاں ڈی اے پی کے تھیلوں پر قیمتیں نہیں چھاپتیں جیسا کہ وفاقی بجٹ 15-2014 میں منظور ہوا تھا، حکومت انہیں زرتلافی کی رعایت نہیں دے سکتی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 11 فروری، صفحہ 10)

- اینگرو فرٹیلائزر

9 فروری: اینگرو فرٹیلائزر لمیٹڈ کے منافع میں سال 2014 میں 35 فیصد اضافہ ہوا۔ کمپنی نے 8.20 بلین روپے منافع کمایا ہے جبکہ سال 2013 میں کمپنی کا منافع 5.49 بلین روپے تھا۔ (ڈان، 10 فروری، صفحہ 10)

9 فروری: اینگرو فرٹیلائزر لمیٹڈ اپنی پیداواری صلاحیت میں اضافے کے لیے مشرق وسطی یا افریقہ میں سرمایہ کاری کے لیے منصوبہ بندی کررہی ہے۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر روحیل محمد کے مطابق ملک میں دو بلین کیوبک فٹ یومیہ گیس کی کمی ہے۔ صنعتیں بند ہورہی ہیں جس کے نتیجے میں ملک بھر میں مظاہرے ہورہے ہیں۔ پاکستان کی یوریا کی پیداواری صلاحیت سات ملین ٹن ہے اور طلب چھ ملین ٹن جبکہ موجودہ پیداوار 4.7 ملین ٹن ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اینگرو زرعی ادویات کی فروخت کے کاروبار میں آنے کی بھی منصوبہ بندی کررہی ہے۔ اینگرو کیڑے مار ادویات درآمد کرے گی اور ملکی منڈی میں فروخت کرے گی۔ (دی نیوز، 10 فروری، صفحہ 15)

18 فروری: اینگرو فرٹیلائزر نے اینگرو ایگزمپ (Engro Eximp) اور اس کی متحدہ عرب امارات میں ایک ذیلی کمپنی کو خرید نے کا فیصلہ کیا ہے۔ اینگرو ایگزمپ اینگرو کارپوریشن کی ذیلی کمپنی ہے جو فاسفیٹ فرٹیلائزر، چینی پام آئل، گندم، چاول اور کوئلے کی تجارت کرتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 فروری، صفحہ 10)

26 مارچ: ایک مضمون کے مطابق اینگرو فرٹیلائزر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر روحیل محمد نے کہا ہے کہ گیس کی قیمت میں اضافے کی تجویز سے کھاد کی صنعت اتنی متاثر نہیں ہوگی جتنا سمجھا جارہا ہے۔ یہ اثر یوریا hستعمال کرنے والوں پر پڑے گا کمپنی پر نہیں، البتہ انہوں نے یہ خدشہ ظاہر کیا کہ یوریا کی عالمی قیمت جو اس وقت 360 ڈالرز فی ٹن ہے اور مقامی قیمت 300 ڈالرز فی ٹن ہے اگر 60 ڈالرز فی ٹن کا فرق کم ہوتا ہے تو یوریا کی درآمد آسان ہوجائے گی۔ (فرحان ظہیر، دی ایکسپریس ٹریبیون، 26 مارچ، صفحہ 11)

24 اپریل: ایک خبر کے مطابق رواں سال کے ابتدائی تین ماہ میں اینگرو فرٹیلائزر نے 3.05 بلین روپے منافع کمایا جبکہ گزشتہ سال کمپنی نے اس دورانیے میں 1.43 بلین روپے منافع حاصل کیا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 اپریل، صفحہ 11)

- فاطمہ فرٹیلائزر

18 فروری: وزیر خزانہ اسحاق ڈار اور فاطمہ فرٹیلائزر کے چیئرمین عارف حبیب کے درمیان ملاقات میں حکومت کی طرف سے عارف حبیب گروپ کو عالمی سطح پر 300 ملین ڈالرز قرض جمع کرکے مڈ ویسٹ فرٹیلائزر پلانٹ (امریکہ) میں سرمایہ کاری کرنے کی اجازت مل گئی ہے۔ عارف حبیب نے بتایا کہ فاطمہ فرٹیلائزر مڈ ویسٹ فرٹیلائزر میں سرمایہ کاری کے لیے عالمی منڈی میں سات سالہ بانڈ جاری کرے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 فروری، صفحہ 10)

25 اپریل: فاطمہ فرٹیلائزر نے پنو عاقل میں کپاس پر ایک روزہ سیمنار منعقد کیا جس میں کپاس کی فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کے لیے خصوصی کیمیائی کھاد کے استعمال کی ترغیب دی گئی۔ کاشتکاروں سے کہا گیا کہ وہ الکلی سے متاثر زمین (alkaline soil) کے لیے سرسبز نائٹرو فاس اور امونیم نائٹریٹ استعمال کریں۔ (دی نیوز، 26 اپریل، صفحہ 7)

- فوجی فرٹیلائزر

5 جنوری: فوجی فرٹیلائزر کے ترجمان وحید احمد کے مطابق کمپنی 60 ملین مربع فٹ یومیہ گیس کی تقسیم کے تنازعے پر قانونی چارہ جوئی پر غور کر رہی ہے۔ تقریباً دو سال پہلے حکومت نے گڈو بجلی گھر کو گیس فراہم کرنے کے لیے فوجی فرٹیلائزر، فاطمہ فرٹیلائزر اور اینگرو فرٹیلائزر کو فراہم کی جانے والی گیس میں کمی کر دی تھی۔ گڈو بجلی گھر کو اب گیس کندھ کوٹ اور مری ذخائر سے فراہم کی جارہی ہے۔ بجلی گھر کو ملنے والی 60 ملین مربع فٹ گیس کا جولائی 2013 میں رخ تبدیل کر کے اینگرو فرٹیلائزر کو دے دی گئی جبکہ اس گیس میں اینگرو فرٹیلائزر کا حصہ 1.25 ملین مربع فٹ اور فوجی فرٹیلائزر کا 34 ملین مربع فٹ یومیہ تھا۔ (دی نیوز، 6 جنوری، صفحہ 15)

30 جنوری: فوجی فرٹیلائزر بن قاسم نے دسمبر 2014 کو ختم ہونے والے مالی سال میں 4.02 بلین روپے کے خالص منافعے کا اعلان کیا ہے جو گزشتہ سال کے مقابلے 31 فیصد کم ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 31 جنوری، صفحہ 11)

# VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور مرغبانی

## مال مویشی

30 جنوری: ضلع تھرپارکر میں ہزاروں مویشی متعدی بیماریوں جسے مقامی زبان میں ''کاٹا'' اور ''ماٹا'' کہتے ہیں، کی وجہ سے ہلاک ہوگئے ہیں جس سے تھر کے لوگوں کا بڑے پیمانے پر معاشی نقصان ہوا ہے۔

تھر پارکر میں مویشی گزر بسر کا اہم ترین زریعہ ہوتے ہیں۔ضلع بھر میں 35 ملین سے زیادہ مویشی پائے جاتے ہیں۔حکومت سندھ اور ایف اے او نے مٹھی میں جانوروں کو حفاظتی ٹیکے لگانے کے منصوبے کا آغاز کیا ہے۔منصوبے کے تحت ضلع میں پندرہ سے تیس دنوں میں 0.3 ملین مویشیوں کو ٹیکے لگائے جائیں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 31 جنوری، صفحہ 14)

9 فروری: ملک میں مال مویشیوں سے حاصل پیداوار بہترین جینیاتی وسائل ہونے کے باوجود مسلسل کم ہوتی چلی آرہی ہے جس کی وجہ مویشیوں میں غذائی کمی ہوسکتی ہے۔سبز چارہ مطلوبہ مقدار میں دستیاب نہیں ہوتا خاص کر گرمیوں میں جون جولائی اور سردیوں میں دسمبر، جنوری میں جس کی وجہ سے زیادہ تر مویشی غذا کی کمی کا شکار ہوجاتے ہیں۔ اس وقت کل زیرکاشت رقبے 21.85 ملین ہیکٹرز میں سے 3.35 ملین ہیکٹرز پر چارہ کاشت ہوتا ہے۔ پنجاب میں چارے کا زیرکاشت رقبہ 2.03 ملین ہیکٹر ہے جس پر 45 ملین ٹن چارہ پیدا ہوتا ہے یعنی فی ہیکٹر اوسط پیداوار 22 ٹن ہے جو ناکافی ہے۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 9 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

5 مارچ: گیارہ سال کے وقفے کے بعد لاہور میں دی نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو کا اہتمام کیا گیا۔ اس نمائش کا افتتاح صدر پاکستان سید ممنون حُسین نے کیا جس میں مویشیوں کی افزائش کرنیوالے سینکڑوں افراد نے حصہ لیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 مارچ، صفحہ 5)

16 مارچ: ایک مضمون میں بتایا گیا ہے کہ پنجاب لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ بورڈ (PLDDB) نے مال مویشیوں کے لیے نئی اور سستی غذا ونڈا (Wanda) کے نام سے متعارف کرائی ہے۔ PLDDB (پی ایل ڈی ڈی بی) نے کہا ہے کہ وہ کسانوں کو یہ غذا خود تیار کرنے کی بھی تربیت دینے کو تیار ہیں۔ اس کی قیمت سات روپے فی کلو ہے جس میں 4,000 حرارے ہوتے ہیں۔ (محی الدین اعظم، ڈان، 16 مارچ، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

- ڈیری

20 فروری: زرعی ماہر محمد سلیمان کے مطابق پاکستان میں دودھ کی قیمت زیادہ ہونے کی وجہ کم پیداوار ہے۔ پاکستان 21 ملین مویشیوں سے 37 ملین ٹن دودھ حاصل کرتا ہے جبکہ چین 15.5 ملین مویشیوں سے 40 ملین ٹن اور امریکا 9.0 ملین مویشیوں سے سالانہ 90 ملین ٹن دودھ کی پیداوار حاصل کرتا ہے۔
(دی نیوز، 21 فروری، صفحہ 17)

15 اپریل: پنجاب فوڈ اتھارٹی کے اہلکاروں نے دودھ کی آٹھ دکانوں کو ملاوٹ کرنے اور غیر معیاری دودھ فروخت کرنے پر ان کے دودھ بیچنے پر پابندی عائد کردی۔ اتھارٹی نے 700 لٹر ملاوٹ شدہ دودھ ضبط کرلیا اور دکانداروں پر جرمانہ عائد کیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 16 اپریل، صفحہ 5)

## ماہی گیری

10 جنوری: نارا کنال اور رائس کنال سے سینکڑوں مردہ مچھلیاں پائی گئی ہیں۔ مقامی لوگوں کے مطابق ماہی گیر رات گئے پانی میں کیمیائی اشیا ڈال دیتے ہیں جس سے مچھلیاں مرجاتی ہیں پھر صبح ان مچھلیوں کو اکھٹا کر کے مچھلی کے فارم اور مرغیوں کی غذا بنانے والوں کو بیچ دیتے ہیں جہاں یہ چارے کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ کیمیائی اشیا نہ صرف مچھلیوں بلکہ کچھوے، ڈولفن سمیت ہر قسم کی آبی حیات کے لیے خطرہ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 11 جنوری، صفحہ 14)

11 جنوری: سندھ اور بلوچستان کے ساحل کے ساتھ لوبسٹر کی تعداد میں نمایاں کمی کی وجہ سے اس قیمتی سمندری غذا کا شکار تقریباً ختم ہوگیا ہے۔ ماہرین کے مطابق پاکستان میں لوبسٹر کے شکار پر کوئی ضابطے نہیں ہیں۔ لوبسٹر اکثر ممنوعہ جال سے پکڑے جاتے ہیں جس سے ہر چھوٹے بڑے جھینگے اور غیر ضروری اقسام بھی جال میں آجاتی ہیں۔ (ڈان، 12 جنوری، صفحہ 16)

## مرغبانی

19 جنوری: خیبر پختون خواہ حکومت کی طرف سے افغانستان کو پولٹری مصنوعات کی برآمد پر پابندی نے مرغبانی کی صنعت کو درپیش مشکلات میں اضافہ کردیا ہے۔ مرغبانی کی صنعت کو خدشہ ہے کہ اگر فوری طور پابندی نہیں اٹھائی گئی تو بھارت اور دیگر ممالک افغانستان کی بڑی منڈی پر قابض ہوجائیں گے۔ PPA (پی پی اے) نے وفاقی حکومت سے مداخلت کی درخوست کی ہے۔ یاد رہے کہ پاکستان بھارت، برازیل اور امریکہ کو غذائی اشیاء افغانستان برآمد کرنے کے لیے تجارتی راہداری فراہم کرتا ہے۔ یہ ممالک باآسانی افغانستان کی پولٹری منڈی پر قابض ہوسکتے ہیں۔ (محی الدین عظیم، ڈان، 19 جنوری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

29 جنوری: چیئرمین پی پی اے مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ 1993 میں گائے کا گوشت 32 روپے فی کلو تھا جو آج 320 سے 380 روپے فی کلو فروخت ہورہا ہے جبکہ مرغی کا گوشت جو 1993 میں 50 روپے فی کلو تھا ابھی بھی صرف 208 روپے فی کلو دستیاب ہے۔ مرغبانی میں پیداوار میں اضافہ سو سالوں سے جاری تحقیق کا نتیجہ ہے۔ چیئرمین نے مرغیوں کے چارے کو حرام اجزاء سے پاک قرار دیا اور کہا کہ 60 سے 70 فیصد چارے کے لیے مقامی منڈی سے اجناس حاصل کیے جاتے ہیں۔ (دی نیوز، 30 جنوری، صفحہ 17)

7 مارچ: پی پی اے نے حکومت کی غیر معقول پالیسیوں کی وجہ سے فارمرز کو ہونے والے نقصانات کے پیش نظر 28.4 بلین روپے معاوضے کا مطالبہ کیا ہے۔ چیئرمین احمد وسیم کے مطابق برائلر کی اوسط پیداواری لاگت 156.07 روپے فی کلو تھی جبکہ پچھلے چھ ماہ سے اوسط قیمت فروخت 129.35 روپے فی کلو ہے جس سے صنعت کو 26.72 روپے فی برائلر نقصان ہوا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 مارچ، صفحہ 11)

## VIII۔ ماحول

### زمین

- فضلہ

1 فروری: ایک خبر کے مطابق گزشتہ سال حسین ابراھیم جمال ریسرچ انسٹی ٹیوٹ نے کنگ فہد یونیورسٹی آف پیٹرولیم اینڈ منرلز کی زیرنگرانی پرانے پلاسٹک کو دوبارہ کارآمد بنانے کا کامیاب تجربہ کیا تھا۔ اس عمل کو ٹرشری ری سائکلنگ (Tertiary Recycling) کا نام دیا گیا تھا جسے اب تجارتی بنیادوں پر آگے بڑھانے کا ارادہ ظاہر کیا گیا ہے۔ یہ عمل نہ صرف پلاسٹک کو ٹھکانے لگانے کا حل ہے بلکہ اس سے فضا میں کاربن ڈائی اکسائڈ کے اخراج میں بھی کمی آئے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 فروری، صفحہ 11)

9 فروری: خیبر پختون خواہ کے وزیر برائے دیہی ترقی انعام اللہ خان نے پشاور پریس کلب میں بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ دو ماہ پر محیط صفائی مہم میں پشاور میں 90 فیصد صفائی کی جائے گی۔ اس مہم میں 4,000 مزدور کام کریں گے اور واٹر اینڈ سینیٹیشن سروس پشاور تقریباً 20,000 ٹن فضلہ ٹھکانے لگائے گی۔ یاد رہے کہ پشاور میں روزانہ 850 سے 900 ٹن ٹھوس فضلہ نکلتا ہے۔ (ڈان، 10 فروری، صفحہ 7)

12 اپریل: انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی (EPA) کے مطابق ملک میں 300 صحت کے مراکز میں فضلہ ٹھکانے لگانے کا کوئی خاص انتظام نہیں ہے۔ جن سے ایچ آئی وی اور ہیپاٹائٹس جیسی بیماریاں پھیلتی ہیں۔ فیکٹریوں کا فضلہ اور روزانہ لاکھوں گیلن نکاسی آب سمندر میں شامل ہوجاتا ہے۔ (ڈان، 13 اپریل، صفحہ 8)

- ساحلی زمین

30 جنوری: ماحولیاتی اور انسانی حقوق کی غیرسرکاری تنظیم ''شپ بریکنگ پلیٹ فام'' کے اعداد وشمار کے مطابق 2014 میں 111 سمندری جہاز پاکستان میں توڑے جانے کے لیے لائے گئے جبکہ سال 2013

میں یہ تعداد 105 اور سال 2012 میں 124 تھی۔ پاکستان شپ بریکنگ یارڈ گڈانی میں ہزاروں ٹن خطرناک فضلے کا انبار اکھٹا ہورہا ہے جو ماحول کے ساتھ ساتھ انسانی صحت کے لیے بھی نقصاندہ ہے۔ جنوبی ایشیا میں ماحولیاتی اور مزدور قوانین میں نرمی برتی جاتی ہے۔ گڈانی شب یارڈ کو ان وجوہات کی بنا پر یورپی یونین کی طرف سے پابندیوں کا سامنا ہوسکتا ہے۔ (مبارک ذیب خان، ڈان، 30 جنوری، صفحہ 10)

9 فروری: ایک اداریے کے مطابق پاکستان میں 780,000 ہیکٹر دلدلی زمین ہے جو کل رقبے کا 10 فیصد ہے۔ دلدلی زمین کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقد سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے موسمی تبدیلی مشاہد اللہ خان نے کہا ہے کہ دلدلی زمین ماحول کو بچانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہ سیلاب کا پانی جذب کرتی ہے، حیاتیاتی تنوع اور ماہی گیری کا مرکز ہوتی ہے۔ (دی نیوز، 10 فروری، صفحہ 7)

13 فروری: ماہرین کا کہنا ہے کہ صوبہ سندھ میں 1956 سے اب تک 3.5 ملین ایکڑ زرعی زمین سمندری کٹاؤ کی وجہ سے کم ہوگئی ہے اور خدشہ ہے کہ 2050 تک سندھ کے ساحلی علاقے بدین، ٹھٹھہ اور سجاول زیر آب آجائیں گے۔ پی ایف ایف کے چیئرمین محمد علی شاہ نے دعویٰ کیا ہے کہ اگر دریائے سندھ کے ڈیلٹا میں 35 ملین ایکڑ فٹ پانی کا اخراج نہیں کیا گیا تو سال 2060 تک کراچی زیر آب آجائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 فروری، صفحہ 13)

27 اپریل: کراچی میں سماجی تنظیموں کے نمائندوں نے ایک مرتبہ پھر شہر میں بننے والے ایٹمی بجلی گھروں کے-2 اور کے-3 پر کڑی تنقید کی اور سندھ انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی (SEPA) سے اپیل کی ہے کہ وہ اس معاملے پر نظر ثانی کرے۔ یاد رہے کہ 1,100 میگاواٹ کے دو بجلی گھر چین کے تعاون سے تعمیر ہو رہے ہیں۔ (ڈان، 28 اپریل، صفحہ 17)

• پہاڑ

31 دسمبر: مری کے رہائشیوں نے علاقے میں بڑے پیمانے پر پہاڑوں کی کھدائی اور پتھروں کی کرشنگ کی طرف سپریم کورٹ کی توجہ مبذول کروائی ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ یہ ماحولیات اور انسانی صحت دونوں کے لیے نقصاندہ ہیں۔ بڑے پیمانے پر پتھروں کی کرشنگ سے پانی آلودہ ہوجاتا ہے اور دیودار کے درختوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچتا ہے۔ اسی نوعیت کا ایک اور کیس پتھروں کی کرشنگ سے ہونے والا دمہ اور دیگر بیماریوں کی وجہ سے مزدوروں کی اموات سے متعلق سپریم کورٹ میں زیر سماعت ہے۔ (ڈان، 1 جنوری، صفحہ 4)

• جنگلات

1 جنوری: ایک خبر کے مطابق اسلام آباد میں میٹرو بس منصوبے کے لیے بڑے پیمانے پر درختوں کی کٹائی کی گئی ہے۔ کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (CDA) نے انکشاف کیا ہے کہ 759 ایسے درختوں کی کٹائی کی گئی جن کی عمریں دہائیوں پر مشتمل ہیں ان درختوں میں 80 فیصد درخت شہتوت کے تھے۔ اس کے علاوہ 3,773 چھوٹے درختوں اور 5,526 چھوٹے پودے اور جھاڑیوں کو بھی اکھاڑ کر دوسری جگہ منتقل کردیا گیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 جنوری، صفحہ 4)

22 جنوری: انوائرمنٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ (EPD) پنجاب نے ارتھ ڈے کو موٹر وے راوی ٹول پلازہ سے ٹھوکر سیکشن تک 5,000 پودے لگا کر منایا۔ راوی ٹول پلازہ پر افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محکمے کے سیکرٹری ڈاکٹر اقبال چوہان نے کہا کہ یہ شجرکاری صوبائی دارلحکومت میں فضائی آلودگی کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ (دی نیوز، 23 جنوری، صفحہ 4)

24 جنوری: گلگت بلتستان میں جنگلات کی غیر قانونی کٹائی کی وجہ سے کئی اقسام کے درخت مثلاً صنوبر، دیودار اور کیل (Kail) نایاب ہوتے جارہے ہیں۔ محکمہ جنگلات کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل ڈاکٹر شہزاد جہانگیر کا

کہنا ہے کہ گزشتہ 20 سالوں میں گلگت بلتستان میں 50 فیصد جنگلات کی کٹائی کی گئی ہے۔ ایک اندازے کے مطابق ان 20 سالوں میں 640,000 ہیکٹرز پر پھیلے جنگلات غیر قانونی کٹائی کی وجہ سے صرف 295,000 ہیکٹرز پر رہ گئے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 جنوری، صفحہ 4)

6 فروری: پی ٹی آئی کے سربراہ عمران خان نے ہزارہ یونیورسٹی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں پانی کے وسائل گلیشیرز پر انحصار کرتے ہیں جبکہ گلیشیرز بڑھتے عالمی درجہ حرارت کی وجہ سے تیزی سے پگھل رہے ہیں۔ دوسری جانب جنگلات کی کٹائی کا عمل جاری ہے۔ خیبر پختون خواہ میں جنگلات کی کٹائی اور لکڑی مافیا کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔ انھوں نے انکشاف کیا کہ گزشتہ عشرے کے دوران لکڑی مافیا نے غیر قانونی طور پر 100 بلین روپے مالیت کے جنگلات کی کٹائی کی ہے۔ صرف سیرت کے مقام پر 2,500 درختوں کی کٹائی کی جاچکی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ صوبے میں سونامی ٹری پلانٹیشن پروگرام کے تحت 88 ملین پودے لگائے جائیں گے۔ (دی نیوز، 7 فروری، صفحہ 4)

24 فروری: وزیر اعلیٰ خیبر پختون خواہ پرویز خٹک نے صوبے میں موسم بہار شجرکاری مہم 2015 کا افتتاح وزیر اعلیٰ ہاؤس میں چنار کا پودا لگا کر کیا۔ مہم کے تحت 350 ملین پودے لگائے جائیں گے۔ ان پودوں کی حفاظت اور نگرانی جدید مواصلاتی نظام کے ذریعے کی جائیگی۔ جس سے درختوں کی غیر قانونی کٹائی کی نگرانی بھی ہوگی۔ (ڈان، 25 فروری، صفحہ 7)

13 اپریل: ایک خبر کے مطابق گلگت بلتستان کی نگران حکومت نے محکمہ جنگلات کی 50 کنال زمین چیف کورٹ کی تعمیر کے لیے مختص کر دی ہے۔ اس زمین پر 3,000 درخت کئی ملین روپے کی لاگت سے لگائے گئے تھے۔ (ڈان، 14 اپریل، صفحہ 3)

13 اپریل: گلگت بلتستان کی شہری حکومت نے جوٹیال میں جوڈیشل کمپلیکس بنانے کا اعلان کیا ہے۔ اس

مقصد کے لیے یہاں موجود 50 سال پرانے تقریباً 5,000 درختوں کو کاٹ دیا جائے گا۔ تجویز کردہ زمین محکمہ جنگلات کی ملکیت ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 14 اپریل، صفحہ 2)

27 اپریل: عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق سال 1990 سے 2005 کے دوران پاکستان میں سالانہ 47,000 ہیکٹرز پر جنگلات کی کٹائی ہوئی۔ صرف گلگت بلتستان میں 20 سالوں کے دوران جنگلات 640,000 ہیکٹرز سے کم ہوکر 295,000 ہیکٹرز پر رہ گئے ہیں۔ سندھ کے ساحلی علاقوں کے لوگ گھریلو ایندھن کے لیے مینگرو کی کٹائی کرتے ہیں۔ مینگرو کے جنگلات نہ صرف سمندری طوفان کے سامنے قدرتی ڈھال ثابت ہوتے ہیں بلکہ ان سے آبی حیات خوراک بھی حاصل کرتی ہیں۔ (ڈان، 27 اپریل، صفحہ 4 امیجز)

- جنگلی حیات

2 جنوری: سندھ ہائی کورٹ نے خلیجی ممالک کی اعلیٰ شخصیات کو شکار کھیلنے کے لیے دیئے گئے اجازت ناموں کے خلاف دائر درخواست کو سماعت کے لیے منظور کر لیا ہے۔ پاکستانی حکومت نے متحدہ عرب امارات، بحرین اور قطر کی اعلیٰ شخصیات کو سندھ، پنجاب اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں نایاب جانوروں اور پرندوں کے شکار کی اجازت دی تھی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 جنوری، صفحہ 15)

11 فروری: ایک خبر کے مطابق ماہر ماحولیات وحید محمود خان نے ہوبرا بسٹرڈز (Houbara Bustards) کے شکار کے لیے حکومت کی جانب سے جاری کردہ اجازت ناموں کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی ہے۔ جس میں مطالبہ کیا ہے کہ ان نایاب پرندوں کے شکار کو مکمل طور پر غیر قانونی قرار دیا جائے۔ یاد رہے کہ بین الاقوامی سطح پر ان نایاب پرندوں کا شکار ممنوع ہے اور پاکستان سالانہ خلیجی ممالک کے شاہوں کو اس حوالے سے خصوصی اجازت نامے فراہم کرتا ہے۔ (ڈان، 12 فروری، صفحہ 3)

19 فروری: وزیر جنگلات و جنگلی حیات گیان چند اسرانی نے تھر پارکر میں موروں کی اموات کا نوٹس لیا ہے اور ایک خصوصی ٹیم تشکیل دینے کی ہدایت کی ہے جو متاثرہ علاقے کا دورہ کر کے موروں کی اموات کی وجہ معلوم کرے گی۔ گزشتہ پانچ سالوں سے کسی پراسرار بیماری کی وجہ سے تھر پارکر میں مور موت کا شکار ہورہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے ان خوبصورت پرندوں کے تحفظ کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ (دی نیوز، 20 فروری، صفحہ 4)

8 اپریل: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق ملک سے نایاب پرندوں ہوبرا بسٹرڈز کا غیر قانونی شکار کرنے کے بعد انہیں براستہ بلوچستان عرب ممالک اسمگل کیا جاتا ہے۔ اس حوالے سے 31 مارچ کو ایک خط خطرے سے دوچار جانوروں کے لیے ایک کنونشن دی آن انٹرنیشنل ٹریڈ ان انڈینجرڈ اسپیشیز (CITES) کی جانب سے پاکستان کو موصول ہوگیا ہے۔ نومبر کے مہینے میں ایرانی بحری افواج نے ایک کشتی کو حراست میں لیا جس میں 142 باز اور 240 ہوبرا بسٹرڈز کو غیر قانونی طور پر اومان لے جایا جا رہا تھا۔ رواں سال مارچ تک پاکستانی حکام اس سمندری راستے سے لاعلم تھے جہاں سے باآسانی غیرقانونی آمدورفت ہوتی تھی۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 9 اپریل، صفحہ 13)

14 اپریل: سندھ اسمبلی میں سوال و جواب کے وقفے میں محکمہ جنگلات وجنگلی حیات کے سیکرٹری ناصر شاہ نے انکشاف کیا ہے کہ سال 13-2012 کے دوران عرب کی اعلیٰ شخصیات نے ہوبرا بسٹرڈز کے شکار کے لیے 518 باز درآمد کیے تھے۔ ان میں سے 222 باز قطر، 133 متحدہ عرب عمارات ، 33 سعودی عرب اور 10 کویت سے لائے گئے اور وفاقی حکومت کی جانب سے ان اعلیٰ شخصیات کو خصوصی اجازت نامے فراہم کیے گئے تھے۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 15 اپریل، صفحہ 14)

## پانی

9 اپریل: ایک مضمون کے مطابق یونائیٹڈ نیشنز کمیشن آن دی لمٹس آف دی کونٹینٹل شیلف (UNCLCS) نے گزشتہ دنوں پاکستان کی سمندری حدود میں 50,000 مربع کلومیٹر اضافہ کردیا ہے۔ پاکستان کی سمندری حدود سے متعلق یہ معاملہ گزشتہ دس سالوں سے زیر التوا تھا۔ (فائزہ الیاس، ڈان، 9 اپریل، صفحہ 18)

- آلودگی

11 جنوری: میونسپل کمیٹی گلگت کے اہلکاروں کی جانب سے کوڑا کرکٹ اور کچرا دریائے گلگت کے کنارے پھینکنے کی وجہ سے علاقے کا ماحول اور خوبصورتی دونوں متاثر ہورہے ہیں۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ کچرے کے ڈھیر میں فضلے کے ساتھ مرے ہوئے جانوروں کے ڈھانچے بھی موجود ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 جنوری، صفحہ 2)

12 جنوری: کراچی میں پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی کے زیر اہتمام دو روزہ ورکشاپ میں نشاندہی کی گئی ہے کہ ساؤتھ ایشیا کوآپریٹیو انوائرمنٹ پروگرام (SACEP) کی مفاہمتی یادداشت پر بھارت نے اب تک دستخط نہیں کیے ہیں جبکہ پاکستان، سری لنکا، بنگلہ دیش اور مالدیپ دستخط کر چکے ہیں۔ اس مفاہمتی یادداشت کا مقصد سمندری آلودگی خصوصاً سمندر میں تیل اور کیمیائی اشیا کے رساؤ پر قابو پانا ہے۔ (ڈان، 13 جنوری، صفحہ 19)

20 جنوری: پاکستان کونسل آف سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ (PCSIR) کی جانب سے پاکستان کے ساحلی علاقوں میں پینے کے پانی میں سنکھیا (arsenic) کی موجودگی کو جانچنے کے لیے کی گئی تحقیق کے مطابق کراچی کے ساحلی علاقے ابراہیم حیدری اور ریڑھی گوٹھ کے کچھ علاقوں میں پینے کے پانی میں

بھاری مقدار میں سنکھیا پائی گئی ہے۔ ابراہیم حیدری، ریڑھی گوٹھ، مبارک ویلیج، چشمہ اور فقیر محمد کے علاقوں میں کیے گئے سروے کے مطابق 10 فیصد زیر زمین پینے کا پانی زہریلا ہے۔ (ڈان، 21 جنوری، صفحہ 17)

18 فروری: ایک مضمون کے مطابق خیبر پختون خواہ حکومت نے جھیل سیف الملوک کے 94 کنال رقبے کو 30 سالہ لیز پر ایک نجی ادارے کو دے دیا ہے جو وہاں چیئر لفٹ لگانا چاہتا ہے۔ چیئر لفٹ لگنے کے بعد علاقے میں آلودگی پھیلنے کا خدشہ ہے جس سے 300,000 سال پرانی جھیل کو خطرات لاحق ہونگے۔ جھیل کے مضافات میں پہلے ہی آلودگی پھیلی ہوئی ہے اور چیئر لفٹ کے لگنے بعد جھیل کا پانی بھی کاغذ، پلاسٹک اور بوتلوں سے محفوظ نہیں رہ پائے گا جس کی وجہ سے وہاں موجود کائی (algae) کی 26 اقسام کو خطرہ ہوگا۔ (نعیم صادق، دی نیوز، 18 فروری، صفحہ 6)

14 مارچ: ایک مضمون کے مطابق دنیا بھر کے دریا بحرانی صورتحال کا شکار ہیں، نہ صرف آلودگی سے دریائی پانی گندا ہورہا ہے بلکہ پچھلی صدی میں بنائے گئے دنیا کے دوتہائی دریاؤں پر 50,000 بڑے ڈیموں سے بھی نقصان پہنچا ہے۔ دنیا کے بڑے دریاؤں میں شامل دریائے سندھ بھی اب سمندر تک نہیں پہنچ پاتا جس کی وجہ سے اس کا زرخیز ڈیلٹا صحرا بنتا جا رہا ہے۔ (ناصر علی شہود، دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 مارچ، صفحہ 7)

9 اپریل: واٹر اینڈ سینیٹیشن ایجنسی (WASA) کے مینجنگ ڈائریکٹر کے مطابق لاہور میں ادارے کے زیر انتظام زیادہ تر ٹیوب ویلوں سے آلودہ پانی آرہا ہے جس سے شہریوں کی صحت کو سخت نقصان پہنچ رہا ہے۔ حکومت حالات کا جائزہ لے رہی ہے جس کے بعد کوئی احتیاطی تدبیر اختیار کی جائے گی۔ (دی نیوز، 10 اپریل، صفحہ 3)

آبی حیات:

19 جنوری: ایک خبر کے مطابق مین نارا ویلی ڈرین (MNVD) کے مقام پر نکاسی کا پانی منچھر جھیل میں شامل ہوکر آلودگی میں اضافہ کررہا ہے۔ مقامی ماہی گیروں کا کہنا ہے کہ آلودگی کی وجہ سے 100 سے زائد اقسام کی آبی حیات خطرے میں ہیں، انھیں بچانے کے لیے جلد اقدامات کیے جائیں۔ ایک مقامی ماہی گیر کا کہنا ہے کہ 10 سال قبل ماہی گیر روزانہ 2,800 سے 3,200 کلو مچھلیوں کا شکار کرتے تھے مگر اب بمشکل یومیہ 80 کلو مچھلی کا شکار کر پاتے ہیں۔ شکار میں کمی کی وجہ سے بہت سے ماہی گیر گوادر اور دوسرے شہروں کی طرف ہجرت کررہے ہیں۔ ماہی گیروں نے مطالبہ کیا ہے کہ 20 کلومیٹر کے فاصلے پر MNVD (ایم این وی ڈی) سے نکاسی کا پانی جھیل میں شامل ہوتا ہے جسے فوری طور پر بند کیا جائے۔ (ڈان، 20 جنوری، صفحہ 19)

24 مارچ: یوایس ایڈ کے تحت منعقد ہونے والی انٹرنیشنل یونین فار کنزرویشن آف نیچر (IUCN) کی ایک تقریب میں سمندری کچھوؤں کے تحفظ کے موضوع پر ماہرین نے دو روزہ مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماہی گیروں کی طرف سے ممنوعہ جال کا استعمال سمندری کچھوؤں کے خاتمے کی اہم وجہ ہے۔ ماہرین نے مزید کہا کہ دنیا میں سات طرح کے کچھوے ہیں جن میں سے اب بھی بحر ہند میں چھ اقسام پائی جاتی ہیں جب کہ پاکستان کے ساحلی علاقوں میں ان کچھوؤں کی چار اقسام پائی جاتی ہیں۔ (دی نیوز، 25 مارچ، صفحہ 14)

7 اپریل: ایک ادارے کے مطابق پاکستان کی آبی حیات میں 10 فیصد کمی واقع ہوگئی ہے۔ ماہی گیروں اور محکمہء فشری سندھ کا کہنا ہے کہ 80 کی دہائی میں عام طور پر پائی جانے والی اقسام اب نایاب ہوگئی ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 اپریل، صفحہ 6)

12 اپریل: ہانگ کانگ نے پاکستانی حکام سے کہا ہے کہ وہ 751 کچھوے واپس لے لیں جنھیں ایک ماہ

قبل پاکستان سے غیر قانونی طور پر اسمگل کیا گیا تھا۔ اس حوالے سے CITES (سی آئی ٹی ای ایس) نے اپنے پاکستانی ہم منصب کو اطلاع دی تھی۔ پاکستانی حکام نے ہانگ کانگ کو مطلع کیا ہے کہ ہونگڈا ٹریڈنگ کمپنی (Hongda Trading Company) گزشتہ دنوں کراچی پورٹ سے کچھوؤں کو ہانگ کانگ منتقل کرنے میں ملوث تھی۔ (ڈان، 13 اپریل، صفحہ 15)

## فضا

- آلودگی

7 جنوری: ماحولیاتی تحفظ کے نگراں ادارے نے اسلام آباد میں واقع تین فولاد کے کارخانوں کو فضا میں مضر گیسیں خارج کرنے کی وجہ سے بند کرنے کی ہدایت کی ہے۔ EPA (ای پی اے) کے اہلکار کا کہنا ہے کہ اسلام آباد I-9 میں واقع صدیق اسٹیل مل، الحدید اسٹیل مل اور ایس ایچ اسٹیل مل کو ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر پہلے نوٹس بھی جاری کیے گئے تھے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 جنوری، صفحہ 4)

19 جنوری: ایک ادارے کے مطابق پوری دنیا میں فضا میں کاربن ڈائی آکسائڈ خارج کرنے والے ممالک میں پاکستان کا نمبر 135 واں ہے جو 0.8 فیصد کاربن فضا میں خارج کرتا ہے۔ دوسری جانب پاکستان کا شمار دنیا میں موسمی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے آٹھ ممالک میں ہوتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے ڈاکٹر قمرالزمان چوہدری کے مطابق پاکستان میں بہت زیادہ سیلاب، شدید بارشیں اور سخت موسم کی وجہ سے زراعت، توانائی، ذرائع آمد و رفت اور مال مویشی متاثر ہورہے ہیں۔ (ڈان، 19 جنوری، صفحہ 8)

24 فروری: وزیر خزانہ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے سندھ حکومت اور کچھ شراکت داروں کے تحفظات کی وجہ سے گڈانی پاور پلانٹ منصوبے کو معطل کردیا گیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت درآمد شدہ کوئلے کی مدد سے 6,000 میگاواٹ بجلی پیدا کی جانی تھی۔ وفاقی حکومت یہ بجلی گھر پنجاب میں لگانے کی خواہش مند تھی

مگر کراچی یا تھر سے پنجاب کو کوئلے کی ترسیل ممکن نہیں تھی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 فروری، صفحہ 7)

1 اپریل: سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ (SSWMB) کے چیئرمین نے کہا ہے کہ کچرے کو کھلی جگہوں پر جلانے سے فضا میں مضرِ صحت دھواں خارج ہوتا ہے جو شہر میں دمہ کی بڑھتی بیماری کی وجہ بھی ہے۔ واضح رہے کہ شہر میں دمے کی بیماری 30 فیصد بڑھ گئی ہے۔ کراچی میں کچرے کو ٹھکانے لگانے کے لیے سالانہ 3.5 ملین روپے خرچ کیے جاتے ہیں جبکہ اندرون سندھ اس مقصد کے لیے 2.5 ملین روپے کا بجٹ مختص ہے۔ (ڈان، 2 اپریل، صفحہ 18)

13 اپریل: چیف سیکرٹری سندھ محمد صدیق میمن نے ماحولیاتی مسائل کے حوالے سے عدالت کے حکم پر منعقد اجلاس میں سیکریٹری ماحولیات کو ہدایت کی ہے کہ وہ قانونی تناظر میں ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لیے صوبائی محکمہ ماحولیات، مقامی حکومتیں اور محکمہ ٹرانسپورٹ مل کر منصوبہ بندی کریں۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 14 اپریل، صفحہ 15)

## IX۔ موسمی تبدیلی

### عالمی حدت

17 فروری: موسمی تبدیلیوں سے متعلق مسائل کے ماہر علی توقیر شیخ نے کہا ہے کہ گزشتہ برس ہونے والی شدید بارشوں نے کشمیر میں بڑے پیمانے پر تباہی پھیلائی اور ہم اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ گلیشیر تیزی سے پگھل رہے ہیں اور سال 2050 تک پانی کے ذخائر 50 فیصد کم ہو جائیں گے۔ ملک کی 80 فیصد آبادی زراعت سے وابستہ ہے جن پر موسمی تبدیلی پوری طرح اپنے اثرات مرتب کر رہی ہے۔ (ڈان، 18 فروری، صفحہ 4)

23 جنوری: اسلام آباد میں پارلیمنٹری ٹاسک فورس آن سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ گولز کے اراکین سے خطاب کرتے ہوئے ورلڈ میٹرولوجیکل آرگنائزیشن کے نائب صدر ڈاکٹر قمر الزمان چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان 70 سے 80 فیصد پانی گلیشیر سے حاصل کرتا ہے۔ مگر اگلے 30 سے 40 سالوں میں دریائے سندھ کا پانی ختم ہوجائے گا۔ موسمی تبدیلی کے باعث درجہ حرارت بڑھ رہا ہے اور ماحول متاثر ہورہا ہے جو نہ صرف ملک کی معیشت کے لیے خطرہ ہے بلکہ ملک کی سالمیت کے لیے دہشت گردی سے بھی زیادہ بڑا خطرہ موسمی تبدیلیاں ہیں۔ (ڈان، 16 جنوری، صفحہ 4)

## X۔ قدرتی بحران

16 اپریل: اسلامک ریلیف پاکستان کے تحت ہونے والی مشاورتی ورک شاپ سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل سلمان شاہ نے کہا ہے کہ سندھ میں قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات سے نمٹنے کے لیے مربوط اقدامات کی ضرورت ہے۔ بہت سے ادارے یہاں کام کرتے ہیں مگر ان سب کا متحد ہوکر کام کرنا زیادہ مفید ثابت ہوسکتا ہے۔ (دی نیوز، 17 اپریل، صفحہ 19)

### سیلاب

16 جنوری: ہالینڈ سے ڈیزاسٹر رسک منیجمنٹ کے ماہرین کی ایک ٹیم نے سیلاب کی تباہی کو کم سے کم کرنے اور معاشی نقصانات سے نمٹنے کے لیے گول میز کانفرنس میں شرکت کی۔ کانفرنس سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر ہوس ڈائک مین (Dr Jos Dijkman) نے کہا ہے کہ ہالینڈ اس معاملے میں پاکستان کی ہر ممکن مدد کرے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 17 جنوری، صفحہ 11)

21 فروری: چیف سیکرٹری سندھ سجاد سلیم ہوتیانہ نے سندھ ہائی کورٹ میں سیلاب کی وجہ سے بے گھر ہونے والے افراد کی متبادل رہائش کے بارے میں تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ہے کہ سال 2010 کے

سیلاب متاثرین کے لیے ورکرز ویلفیئر بورڈ (WWB) نے لیبر اسکوائر گلشن معمار میں عارضی رہائش کا بندوبست کیا ہے۔ یہاں 1,000 فلیٹ الاٹ کردیے ہیں اور بچوں کو حکومت کی جانب سے قائم کردہ اسکول میں داخل کردیا ہے۔ (دی نیوز، 22 فروری، صفحہ 14)

5 اپریل: کمشنر گجرانوالہ ڈویژن سہیل احمد نے کہا ہے کہ گجرانوالہ شہر میں بار بار آنے والے سیلاب سے نمٹنے کے لیے حکومت نے منصوبہ تیار کرلیا ہے جس پر 350 ملین روپے لاگت آئے گی۔ اس کے علاوہ پنجاب حکومت نے گجرانوالہ کے مضافاتی اضلاع میں سیلاب سے ہونے والے نقصانات سے بچنے کے لیے 2.75 بلین روپے کے بڑے منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ (ڈان، 6 اپریل، صفحہ 10)

## خشک سالی

11 جنوری: وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ نے خیر پور آئی بی اے میں انسٹیٹیوٹ آف ایمرجنگ ٹیکنالوجیز کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ تھر میں کسی قسم کی غذائی قلت نہیں ہے۔ حکومت سندھ پچھلے چار سالوں سے خشک سالی سے متاثرہ علاقوں میں بلا معاوضہ گندم فراہم کررہی ہے۔ ذرائع ابلاغ تھر کے مسئلے کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال کررہے ہیں۔ (دی نیوز، 12 جنوری، صفحہ 2)

14 جنوری: فوج نے تھر پارکر کے خشک سالی سے متاثر عوام کے لیے 18 ٹن امدادی اشیاء 10 ٹرکوں میں حیدر آباد روانہ کردیں۔ امدادی سامان میں اشیائے خورد ونوش کے علاوہ کمبل اور ادویات بھی شامل ہیں۔ پاک فوج کی 30 ٹیمیں بشمول طبی عملہ تھر میں 3,000 خاندانوں کو طبی امداد فراہم کر چکا ہے۔ (دی نیوز، 15 جنوری، صفحہ 3)

20 جنوری: ایک خبر کے مطابق خیر پور ناتھن شاہ کی کچی آبادی کے تقریباً 100 گاؤں خشک سالی کی وجہ

سے ہجرت کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ متاثرین میں ہزاروں مرد، عورتیں اور بچے شامل ہیں۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ پانی کی قلت نے رہائشیوں کو ہجرت کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ (ڈان، 21 جنوری، صفحہ 19)

2 اپریل: ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تھر پارکر عبدالجلیل کے مطابق گزشتہ تین ماہ میں 120 بچے مختلف بیماریوں اور دیگر وجوہات کی وجہ سے جاں بحق ہوئے۔ جنوری کے مہینے میں 38، فروری میں 41 اور مارچ کے مہینے میں بھی 41 بچے جاں بحق ہوئے۔ (دی نیوز، 3 اپریل، صفحہ 2)

7 اپریل: صحت کے عالمی دن کے موقعے پر جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی کراچی میں حکومت سندھ نے تین روزہ فسٹیول 'دی ہیلتھی سندھ پروگرام' کا افتتاح کیا جس کا مقصد ضلع تھر پارکر میں صحت کے مسائل کو کم کرنا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت جام مہتاب ڈہر کا کہنا تھا کہ بچوں کی اموات کے واقعات صرف تھر میں نہیں ہوتے بلکہ تیسری دنیا کے تمام ممالک میں رونما ہوتے ہیں۔ مقامی لوگوں میں آگاہی کے فقدان کی وجہ سے چھوٹی چھوٹی بیماریاں بڑے امراض میں تبدیل ہوجاتی ہیں۔ (دی نیوز، 8 اپریل، صفحہ 13)

9 اپریل: وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے بےنظیر بھٹو کلچرل کمپلکس میں تین روزہ سیمینار کے دوسرے روز خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رواں برس کے اختتام تک تھر میں پانی سے متعلق 80 فیصد مسائل حل کردئے جائیں گے۔ ضلع تھر پارکر میں 750 آر او پلانٹ لگادئے گئے ہیں۔ (ڈان، 10 اپریل، صفحہ 19)

23 اپریل: سندھ ہائی کورٹ حیدر آباد سرکٹ نے مٹھی کے اعلیٰ سول جج جو تھر پارکر میں امدادی کاموں کے نگراں بھی ہیں، کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ 25 اپریل کو آکر گندم کی تقسیم کے حوالے سے عدالت کی معاونت کریں۔ (ڈان، 24 اپریل، صفحہ 19)

## طوفان

26 اپریل: پشاور سمیت خیبر پختونخواہ کے مختلف اضلاع میں آنے والے طوفان کی وجہ سے کم سے کم 35 افراد ہلاک اور 150 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ ماہرین موسمیات نے اسے کم شدت کا طوفان کہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق پشاور میں 25، چارسدہ میں چھ اور نوشہرہ میں چار افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ (ڈان،27 اپریل،صفحہ 1)

27 اپریل: پشاور میں آنے والے نچلے درجے کے طوفان سے ہلاک ہونے والے افراد کی تعداد 45 ہوگئی جبکہ 205 افراد زخمی ہیں۔ (ڈان،28 اپریل،صفحہ 1)

## زلزلہ

2 اپریل: 10 سال گزرنے کے بعد بھی اکتوبر 2005 میں بالاکوٹ میں آنے والے زلزلے سے متاثرہ 3,900 خاندان عارضی کیمپوں میں رہنے پر مجبور ہیں۔ پرویز مشرف کے دور میں ان متاثرین کے لیے نیو بالاکوٹ سٹی کے منصوبے کا آغاز کیا گیا تھا جو ابھی تک مکمل نہیں ہوسکا ہے۔ بین الاقوامی برادری نے اس مقصد کے لیے 5.5 بلین ڈالرز کی امداد فراہم کی تھی۔ ارتھ کویک ری کنسٹرکشن اینڈ ریحیبلیٹیشن اتھارٹی (ERRA) کے مطابق یہ منصوبہ جولائی 2010 میں مکمل کیا جانا تھا مگر اب تک صرف 50 فیصد کام مکمل ہوا ہے۔ (دی نیوز،3 اپریل،صفحہ 5)

# XI۔ مزاحمت

## بیج ترمیمی بل

18 مارچ: ایک مضمون میں کہا گیا ہے کہ کسانوں کی تقریباً 50 تنظیموں نے بیج ترمیمی بل 2014 کی سخت مخالفت کی ہے۔ ان کے مطابق یہ بل کسانوں کے حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہوئے امریکی ملٹی

نیشنل بیج کمپنیوں کے دباؤ پر پاس کیا گیا ہے۔ (فائزہ الیاس، ڈان، 18 مارچ،صفحہ 19)

4 اپریل: پاکستان کسان مزدور تحریک کی رہنمائی میں ملک بھر کی 50 غیر سرکاری تنظیموں کی جانب سے سینٹ کے چیئرمین کو لکھے گئے ایک خط میں کہا گیا ہے کہ قومی اسمبلی سے پچھلے مہینے خاموشی سے پاس کیے گئے بیج ترمیمی بل 2014 کو پاس نہ کیا جائے۔ ان تنظیموں کے مطابق بیج ترمیمی بل پر عوامی رائے، خاص کر کسانوں سے رائے نہیں لی گئی ہے۔ یہ بل کسانوں سے ان کا بیج محفوظ کرنے، فروخت کرنے اور تبادلہ کرنے کا حق چھین لے گا۔ (ڈان، 5 اپریل،صفحہ 18)

14 اپریل: حیدرآباد میں گرین رورل ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن (GRDO) کے ایک روزہ اجلاس میں کہا گیا ہے کہ اگر حکومت زرعی شعبے کے ساتھ مخلص ہے تو اسے سینٹ میں بحث سے پہلے ہی بیج ترمیمی بل 2014 کو واپس لے لینا چاہیے۔ کیونکہ اس سے ملٹی نیشنل کمپنیاں زراعت پر اپنی اجارہ داری قائم کر لیں گی۔ (ڈان، 15 اپریل،صفحہ 19)

## زمین

7 فروری: حیدرآباد پریس کلب کے باہر 32 غیر سرکاری تنظیموں پر مشتمل سندھ لینڈ ریفارم موومنٹ (SLRF) نے اپنے مظاہرے میں سندھ حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بے زمین کسانوں کو زرعی زمین الاٹ کرے۔ (ڈان، 8 فروری،صفحہ 19)

23 مارچ: سکھر میں زمینی قبضے کے خلاف سیاسی کارکنوں، سول سوسائٹی اور وکیلوں نے ایک ریلی نکالی۔ ریلی میں مقررین نے خیرپور میں جنگل، آبپاشی اور زرعی زمین پر قبضے کا الزام پاکستان پیپلز پارٹی اور خیرپور انتظامیہ کے کچھ لوگوں پر لگایا ہے۔ (دی نیوز، 24 مارچ،صفحہ 9)

27 مارچ: سانگھڑ کے ایک گاؤں میں زمیندار نے اپنے ملازم کے ساتھ مل کر ایک کسان ہیرو بھیل کو اس کے گھر سے نکال کر قتل کر دیا۔ کسان زمیندار کا 70,000 روپے کا مقروض تھا۔ مقتول کے رشتہ دار میت کو سڑک پر رکھ کر پچھلے 36 گھنٹوں سے مظاہرہ کر رہے ہیں جن کا مطالبہ ہے کہ زمیندار کو حراست میں لیا جائے۔ (دی نیوز، 28 مارچ، صفحہ 9)

13 اپریل: اوکاڑہ ملٹری فارمز کے کسانوں نے 17 اپریل کو DPO (ڈی پی او) کے خلاف پنجاب اسمبلی کے سامنے احتجاج کا فیصلہ وزیر ذکواۃ وعشر ملک ندیم کامران اور دیگر صوبائی حکام سے مزاکرات کے بعد بھی قائم رکھا ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق انجمن مزارعین پنجاب (AMP) کے رہنما مہر عبدالستار 16 اور جھکر 121 مقدموں میں مطلوب ہیں۔ کسانوں کے مطابق وزیر ذکواۃ وعشر نے کہا ہے کہ ڈی پی او کو اس کیس سے ہٹا دیا گیا ہے اور علاقائی پولیس افسر وہاں کے حالات دیکھیں گے۔ مزارعین نے ڈی پی او کو عہدے سے ہٹائے جانے تک احتجاج کی کال واپس لینے سے انکار کر دیا ہے۔ (ڈان، 14 اپریل، صفحہ 2)

17 اپریل: کسانوں کی جدوجہد کے عالمی دن کے موقع پر ایکشن ایڈ کے زیر اہتمام ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کی اسپیشل ٹاسک فورس، سوسائٹی فار دی پروٹیکشن آف رائٹس آف چائلڈ اور بھندر ہاری سنگت کے ارکان نے حیدرآباد میں ایک ریلی نکالی۔ شرکاء نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ کسان دوست پالیسی بنائے، زمینی اصلاحات نافذ کرے، فوج اور کارپوریٹ شعبے کو زمین دینے کی پالیسی کا خاتمہ کرے۔ (ڈان، 18 اپریل، صفحہ 18)

19 اپریل: SHC (ایس ایچ سی) نے زرعی شعبے کو تباہ کرنے کی سازش کے خلاف حیدرآباد پریس کلب کے باہر علامتی بھوک ہڑتال کی جس میں کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان (CPP) کے سیکرٹری جنرل امداد قاضی، ڈیموکریٹک اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے چیئرمین نثار امام اور ٹریڈ یونین کے رہنماؤں نی شرکت کی۔ انھوں نے کہا کہ گندم امدادی قیمت پر نہیں خریدی جارہی اور نہ ہی چھوٹے کسانوں کو گندم خریداری کے

لیے بوریاں فراہم کی جاتی ہے۔ سندھ میں مصنوعی پانی کی قلت پیدا کر کے یہاں کی زمین کو بنجر کیا جا رہا ہے۔ کپاس اور گنے کی مناسب قیمتیں کسانوں کو نہیں ملتیں اور اب گندم کے ساتھ بھی یہی صورت حال درپیش ہے۔ یہ سب چھوٹے کسانوں کو مجبور کرنے کے حربے ہیں تا کہ وہ اپنی زمینیں کم قیمت پر بیچنے پر مجبور ہو جائیں۔ (ڈان، 20 اپریل، صفحہ 17)

- پاکستان چین اقتصادی راہداری

8 مارچ: پشاور میں منعقد ہونے والے فاٹا کے اولاسی جرگے نے کاشغر گوادر اقتصادی راہداری کے راستے میں تبدیلی کے خلاف چینی صدر کے دورہ پاکستان کے موقع پر بے نظیر بھٹو انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر مظاہرہ کرنے کی دھمکی دی ہے۔ پختون خواں اولاسی جرگے کے کنوینر ڈاکٹر سید عالم مسعود نے خطاب کرتے ہوئے جرگے کو وفاقی حکومت کی جانب سے راہداری منصوبے میں کی جانے والی تبدیلیوں سے آگاہ کیا۔ (ڈان، 9 مارچ، صفحہ 7)

21 اپریل: بلوچستان اسمبلی کے ارکان نے وفاقی حکومت کی طرف سے کاشغر گوادر راستے میں تبدیلی اور اس منصوبے میں صوبے کو نظر انداز کرنے کی مذمت کرتے ہوئے دھمکی دی ہے کہ وہ اسلام آباد میں غیر معینہ مدت تک دھرنا دیں گے۔ (ڈان، 22 اپریل، صفحہ 5)

- مداخل کی قیمتیں

8 مارچ: پاکستان کسان اتحاد (PKI) کی قیادت میں اوکاڑہ کے کسانوں نے ملتان روڈ پر پاکستان مسلم لیگ ن کی کسان دشمن پالیسیوں کے خلاف مظاہرہ کیا۔ کسان اجلاس کے لیے اسلام آباد جا رہے تھے۔ پولیس نے کسانوں پر لاٹھی چارج کیا اور انہیں اسلام آباد جانے سے روک دیا۔ کسانوں کا مطالبہ ہے کہ حکومت آلو کی امدادی قیمت مقرر کرے، گندم کی امدادی قیمت میں اضافہ کرے، بجلی کے نرخ یکساں رکھے جائیں، زرعی مداخل پر جی ایس ٹی ختم کیا جائے اور بھارت سے زرعی تجارت پر پابندی لگائی

جائے۔ (ڈان، 9 مارچ، صفحہ 1)

9 مارچ: صوبائی کابینہ کی ایک کمیٹی کے ساتھ پانچ روزہ مزاکرات کے بعد PKI (پی کے آئی) نے اسلام آباد تک ریلی منسوخ کردی۔ مزاکرات میں طے پایا ہے کہ پی کے آئی لانگ مارچ کو ختم کرے، موٹر وے اور ریلوے لائن کھولے اس کے بعد مطالبات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس لاہور میں ہوگا۔ یاد رہے کہ مظاہرے کے دوران پولیس نے پی کے آئی کے 600 مظاہرین پر مقدمات قائم کیے اور 52 کو جیل بھیجا۔ (ڈان، 10 مارچ، صفحہ 2)

25 مارچ: لاہور پولیس نے پی کے آئی کے 250 کسانوں کو مارنے پیٹنے کے بعد حراست میں لے لیا۔ سینکڑوں کسان لاہور پریس کلب کے باہر ناصر باغ میں جلسہ کرنے کی اجازت نہ دینے کے خلاف پر امن مظاہرہ کررہے تھے۔ کسان زراعت میں استعمال ہونے والے ٹیوب ویلوں کی بجلی کے بل میں اضافے، کھاد اور زرعی ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف کنونشن منعقد کرنا چاہتے تھے۔ (ڈان، 26 مارچ، صفحہ 3)

26 مارچ: سینکڑوں کسانوں نے لاہور میں ٹھوکر نیاز بیگ پر اپنا دھرنا ختم کردیا۔ حکومت پنجاب کی طرف سے ناصر باغ میں کسان کنونشن منعقد کرنے کی اجازت نہ ملنے پر کسانوں نے دھرنا دے رکھا تھا۔ اعلیٰ سطح کے حکومتی ارکان نے پی کے آئی کے نمائندوں سے چھ گھنٹہ تک بات چیت کے بعد ایک معاہدہ کیا جس کے تحت پی کے آئی کے زیر حراست کسانوں کی رہائی اور کسانوں کے خلاف مقدمات واپس لینے کے ساتھ یہ بھی طے ہوا کہ گندم کی امدادی قیمت میں اضافہ کیا جائے گا۔ ٹیوب ویلوں کے بجلی کے بلوں میں اضافہ ختم کیا جائے گا اور وفاقی حکومت سے کہا جائے گا کہ وہ کھاد، بیج اور زرعی ادویات پر جی ایس ٹی پر نظرثانی کرے۔ (ڈان، 27 مارچ، صفحہ 2)

30 مارچ: ملتان میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کسان بورڈ پاکستان (KBP) کے مرکزی صدر صادق خان کا خاکوانی اور جنوبی پنجاب کے رابطہ کار کنور صدیقی نے کہا کہ KBP (کے بی پی) نے حکومت کو اپنے 10 مطالبات پورے کرنے کے لیے چھ مہینے کا وقت دیا ہے اگر مطالبات پورے نہ ہوئے تو کے بی پی صادق آباد سے اسلام آباد تک لانگ مارچ کرے گی۔ (دی نویز، 31 مارچ، صفحہ 5)

5 اپریل: امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے وہاڑی میں کسانوں کے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر حکومت ان کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہوتی ہے تو چاروں صوبوں کے کسان اسلام آباد تک مارچ کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مداخل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں، مہنگی بجلی اور لوڈ شیڈنگ نے کسانوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے۔ (ڈان، 6 اپریل، صفحہ 3)

- گندم کی قلت

13 فروری: گلگت بلتستان میں مختلف سیاسی اور مذہبی تنظیموں کی جانب سے گندم کی قلت اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ علاقے میں گندم کی ترسیل کئی دنوں سے معطل ہے جس کی وجہ سے عوام چاول اور مہنگی غذائی اشیاء استعمال کررہے ہیں۔ (ڈان، 14 فروری، صفحہ 7)

24 اپریل: دیامر اور اسکردو کے لوگوں نے گندم کی قلت کے خلاف چلاس، گلگت اور اسکردو روڈ پر مظاہرے کیے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ پچھلے کئی مہینوں سے انھیں سرکاری قیمت پر گندم دستیاب نہیں۔ علاقے میں گندم کی قلت پیدا کرکے زائد قیمت پر فروخت کیا جارہا ہے۔ (ڈان، 25 اپریل، صفحہ 7)

29 اپریل: اسکردو میں تاجروں اور ٹرانسپورٹرز نے علاقے میں تین مہینے سے جاری گندم کی کمی کے خلاف ہڑتال کی۔ (ڈان، 30 اپریل، صفحہ 7)

- گنے کے کاشتکار

8 جنوری: گنے کے کاشتکاروں نے شوگر ملوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اگلے تین دنوں میں چینی کی پیداوار دوبارہ شروع کردیں ورنہ کاشتکار ملوں کی بندش کے خلاف سڑکوں پر احتجاج کرینگے۔ سندھ آبادگار بورڈ کے نائب چیئرمین سید محمود نواز شاہ کے مطابق ابتدائی طور پر کاشتکاروں نے فیصلہ کیا ہے کہ 10 جنوری کو نواب شاہ اور 12 جنوری کو حیدرآباد میں احتجاج اور سڑکیں بند کرینگے۔ سندھ میں یومیہ بنیادوں پر تقریبا 125,000 افراد گنے کی کاشت اور اس کی ترسیل سے بلواسطہ یا بلاواسطہ منسلک ہیں جو ملوں کی بندش کی وجہ سے بیروزگار ہورہے ہیں۔ (دی نیوز، 9 جنوری، صفحہ 15)

10 جنوری: نواب شاہ میں سینکڑوں کسانوں نے شوگر ملوں کی جانب سے مقرر کردہ نرخ پر گنا خریدنے سے انکار اور کرشنگ روکنے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے حبیب شوگر مل کے قریب ریل کی پٹڑی پر دھرنا دے کر تین گھنٹے تک ریل گاڑیوں کی آمدورفت معطل کردی۔ (ڈان، 11 جنوری، صفحہ 19)

27 جنوری: سندھ میں حزب اختلاف کی جماعتوں، قوم پرست جماعتوں اور گنے کے کاشتکاروں نے شوگر ملوں کی جانب سے گنے کی امدادی قیمت کے حوالے سے سرکاری احکامات کی عدم تعمیل کے خلاف سپر ہائی وے پر احتجاج کیا اور چھ گھنٹے تک گاڑیوں کی آمدورفت معطل کردی۔ مظاہرین کی کہنا تھا کہ حکومت سندھ نے گنے کی قیمت 182 روپے فی من مقرر کی ہے لیکن مل 155 روپے فی من قیمت دے رہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 جنوری، صفحہ 13)

1 مارچ: فاران شوگر ملز کے باہر ٹنڈو محمد خان کے گنے کے کاشتکاروں نے گنے کی 182 روپے فی من کے حساب سے قیمت ادا نہ کرنے کے خلاف دھرنا دیا۔ اس مزاحمت کی سربراہی سندھ کے رکن قومی اسمبلی نواب یوسف تالپور، سندھ آبادگار بورڈ (SAP) کے صدر عبدالمجید نظامانی، ایس سی اے کے صدر ڈاکٹر سید ندیم قمر کررہے تھے۔ (ڈان، 2 مارچ، صفحہ 17)

4 مارچ: گنے کے سینکڑوں کاشتکاروں نے انڈس ہائی وے پر گمبٹ کے مقام پر آمد و رفت پانچ گھنٹے تک معطل کر کے اپنے مطالبات کے حق میں مظاہرہ کیا۔ کاشتکاروں کے مطابق حکومت سندھ نے 182 روپے فی من کے حساب سے گنے کی قیمت مقرر کی تھی لیکن اس قیمت پر عمل درآمد کرنے کے بجائے حکومت خود شوگر مل مالکان، جو سیاسی طور سے بااثر لوگ بھی ہیں، کا ساتھ دے رہی ہے۔ (دی نیوز، 5 مارچ، صفحہ 17)

9 مارچ: حکومت سندھ اور مظاہرہ کرنے والے سندھ کے گنے کے کاشتکاروں کے درمیان بات چیت کامیاب نہیں ہوسکی ہے۔ SAP (ایس اے پی) کے نائب صدر محمد نواز علی شاہ نے کہا ہے کہ حکومت نے گنے کی قیمت مقرر کی ہے لیکن مل مالکان اس پر عمل نہیں کر رہے اور کاشتکاروں کو کم قیمت دے رہے ہیں۔ حکومت نے گنے کی قیمت 182 روپے فی من مقرر کی ہے جبکہ مل مالکان زیادہ سے زیادہ 172 روپے فی من دینے پر آمادہ ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 مارچ، صفحہ 11)

21 مارچ: فیصل آباد میں گنے کے کاشتکاروں نے حسین شوگر مل کے خلاف مظاہرہ کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ شوگر مل کو 970 ملین روپے کاشتکاروں کو ادا کرنے ہیں اور اس ادائیگی کے بغیر کسان نئی فصل کے لیے مداخل نہیں خرید سکتے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 22 مارچ، صفحہ 5)

- ماہی گیری

10 جنوری: کراچی میں ماہی گیروں نے بھارتی اور پاکستانی حکام کی جانب سے مسلسل حراساں کیے جانے کے خلاف ریلی نکالی۔ ریلی میں شریک مظاہرین کا کہنا تھا کہ پچھلے کچھ مہینوں سے ماہی گیروں کو سرکریک میں گرفتار کرنے کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے۔ (ڈان، 11 جنوری، صفحہ 18)

14 مارچ: پی ایف ایف کے زیر اہتمام جامشورہ کے قریب ماہی گیروں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ کسانوں، دریا کے کنارے رہنے والوں اور سول سوسائٹی کے لوگوں نے دریاؤں کے عالمی دن کے موقع

پر بڑے ڈیموں اور دریائے سندھ پر بڑے بڑے منصوبوں کے خلاف نعرے لگائے اور ماہی گیروں کے روزگار کے تحفظ کا مطالبہ کیا۔ (دی نیوز، 15 مارچ، صفحہ 17)

## XII۔ بیرونی امداد

12 جنوری: ذرائع کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت کو اگلے دس سالوں کے لیے بین الاقوامی امدادی اداروں سے سیلاب سے ہونے والے نقصانات کو روکنے کے لیے 67 بلین روپے کی ضرورت ہوگی۔ (دی ایکسپریس ٹربیون، 13 جنوری، صفحہ 3)

### اقوام متحدہ

- فوڈ اینڈ ایگری کلچر آرگنائزیشن

30 مارچ: اسٹیٹ بینک نے اقوام متحدہ کے ایف اے او کے تعاون سے کراچی میں ویلو چین پر ایک سیمینار منعقد کیا جس میں تجارتی بینکوں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایف اے او نے فی ایکڑ پیداوار بڑھانے اور منڈی سے جوڑنے کے لیے اپنے ادارے کی طرف سے فراہم کی گئی مدد کی تفصیلات بتائیں۔ اسٹیٹ بینک کے ثمر حسنین نے زرعی قرضے فراہم کرنے میں بینک کی حکمت عملی واضع کی۔ (ڈان، 31 مارچ، صفحہ 10)

- ورلڈ فوڈ پروگرام

15 اپریل: عالمی امدادی اداروں کی جانب سے WFP (ڈبلیو ایف پی) نے 25 ملین ڈالرز صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی جامشورو کے حوالے کر دیئے۔اس موقعے پر وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ نے امدادی اداروں کے اقدامات کو سراہا۔ (ڈان، 16 اپریل، صفحہ 19)

# عالمی بینک

3 جنوری: PPAF (پی پی اے ایف) کے سربراہ قاضی عظمت عیسی کی طرف سے ادارے کی کارکردگی پر مختصر جائزے کے بعد وفاقی وزیر اسحاق ڈار نے پی پی اے ایف کو ہدایت جاری کی کہ وہ اپنے لیے امداد کے ذرائع بڑھائے۔ فلحال عالمی بینک پی پی اے ایف کو سب سے زیادہ امداد دے رہا ہے۔ اپنے ادارے کی کارکردگی بتاتے ہوئے قاضی عیسی نے کہا تھا کہ فنڈ سے 33,000 صحت، تعلیم، پانی اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبے مکمل کیے ہیں، 7.1 ملین روپے کے چھوٹے قرضے دیے گئے جس میں سے 50 فیصد قرضے عورتوں کو ملے اور 80 فیصد دیہی علاقوں کو دیے گئے، 17,000 ہنر اور انتظامی تربیت کے موقع فراہم کیے گئے جس سے 91,800 افراد نے فائدہ اٹھایا جن میں 51 فیصد عورتیں بھی شامل ہیں۔ فنڈ نے قدرتی آفات سے متاثرہ 1.8 ملین گھرانوں کی مدد کی اور 2005 کے زلزلے سے متاثر 122,000 افراد کے گھروں کی تعمیر میں مدد کی۔ (ڈان، 4 جنوری، صفحہ 10)

14 جنوری: ایک خبر کے مطابق عالمی بینک نے پی پی اے ایف میں بدعنوانی کی تفتیش کرنے کے لیے ایک تحقیقاتی ٹیم بھیجی ہے جو پچھلے مہینے اسلام آباد آچکی ہے۔ عالمی بینک کی مدد سے پی پی اے ایف 1999 میں قائم کیا گیا تھا۔ اب تک عالمی بینک نے 890 ملین ڈالرز پی پی اے ایف کے لیے منظور کیے ہیں جس میں 2005 کے زلزلے سے متاثر علاقوں کے لیے امداد بھی شامل ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 جنوری، صفحہ 11)

14 جنوری: پنجاب حکومت صوبے بھر میں پہلی بار اربن لینڈ ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم متعارف کروارہی ہے۔ عالمی بینک کی امداد سے چلنے والے پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) کو جلد ایک مکمل اتھارٹی کا درجہ دے دیا جائے گا۔ اس سلسلے میں ضروری کاروائی کے لیے حکومت نے رعنا ثناء اللہ کی سربراہی میں ایک اعلیٰ کمیٹی قائم کی ہے جو آج سے اپنا کام شروع کرے گی۔ (ڈان، 15 جنوری، صفحہ 2)

19 جنوری: انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (IFC) کے سی ای او جن یونگ کائے (Jin Yong Cai) نے اسلام آباد میں کہا ہے کہ پاکستان میں بنیادی ڈھانچے اور توانائی کے منصوبوں کے لیے ان کا ادارہ امداد فراہم کرتا رہے گا۔ ادارہ پن بجلی میں سرمایہ کاری پر بھی غور کر رہا ہے۔ اس حوالے سے IFC (آئی ایف سی) نے سی سیل (C-SAIL) کمپنی بنائی ہے جو تھری گورجیز کمپنی (Three Gorgeous Company) کے زیر انتظام کام کرے گی۔ آئی ایف سی 3,000 میگاواٹ پن بجلی پیدا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ (دی نیوز، 20 جنوری، صفحہ 2)

24 جنوری: اسلام آباد سے جاری ایک پریس ریلیز کے مطابق آئی ایف سی جو عالمی بینک کا ایک ذیلی ادارہ ہے، کے اعلیٰ سطح کے وفد نے وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے ملاقات میں عالمی بینک کی امداد سے چلنے والے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اسحاق ڈار نے عالمی بینک کے بورڈ کی طرف سے مختلف منصوبوں خاص طور سے 4,200 میگاواٹ کے داسو پن بجلی منصوبے کے حوالے سے کہا ہے کہ یہ بجلی کی قلت کو دور کرنے میں بہت زیادہ مدد دے گا۔ بورڈ نے 108 میگاواٹ کے گل پور پن بجلی منصوبے کی منظوری بھی دی ہے جو پونچھ دریا پر ضلع کوٹلی، آزاد جموں وکشمیر میں قائم کیا جائے گا۔ (دی نیوز، 25 جنوری، صفحہ 12)

3 فروری: ایک خبر کے مطابق عالمی بینک کے سندھ کوسٹل ایریاز ڈیولپمنٹ (SCAD) پروگرام، جسے دوسرے پی پی اے ایف–II (PPAF-II) کے تحت 2006 میں شروع کیا گیا تھا، نے مقامی آبادی پر مثبت نتائج برآمد کیے ہیں۔ (دی نیوز، 4 جنوری، صفحہ 17)

3 فروری: ایک مضمون میں کہا گیا ہے کہ عالمی بینک کے بورڈ آف ایگزیکٹو ڈائریکٹرز نے پاکستان کے پانچ منصوبوں کی منظوری دے دی ہے۔ اس حوالے سے آئی ایف سی گل احمد ونڈ پاور لمیٹڈ، ہوائی توانائی اور گل پور پن بجلی منصوبے کے علاوہ سندھ پبلک سیکٹر ریفارم منصوبے اور تربیلا کے چوتھے توسیعی منصوبے میں سرمایہ کاری کرے گا۔ (دی نیوز، 4 فروری، صفحہ 2)

13 فروری: نیشنل ٹرانسمشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (NTDC) اور کوریا الیکٹرک پاور کارپوریشن (KEPCO) نے داسو اسلام آباد ٹرانسمیشن لائن کے حوالے سے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ اس منصوبے کے لیے عالمی بینک کی طرف سے 350 ملین ڈالرز تک کی امداد متوقع ہے۔ (ڈان، 14 فروری، صفحہ 10)

23 فروری: عالمی بینک کی ایک ٹیم نے حال ہی میں زرعی افسران اور کسانوں سے سندھ ایگریکلچر گروتھ پروجیکٹ کے پھر سے جائزے کے لیے ملاقات کی ہے۔ یہ منصوبہ آٹھ اضلاع میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کسانوں کی مدد کرنے کے لیے شروع کیا گیا ہے جس میں مزید اضلاع کو مرحلہ وار شامل کیا جائے گا۔ منصوبے میں شامل ایک افسر نے نام نہ ظاہر کرنے کی شرط پر بتایا کے منصوبے پر پچھلے سال اکتوبر میں دستخط ہوئے تھے مگر افسران اب تک دفتروں میں بیٹھے ہیں اور کسانوں سے رابط نہیں کیا گیا ہے۔ (محمد حسین خان، ڈان، 23 فروری، صفحہ 4، بزنس اینڈ فنانس)

27 فروری: پرووینشل ڈیولپمنٹ ورکنگ پارٹی (PDWP) نے گڈو بیراج کی مرمت کے لیے 211 ملین ڈالرز کے منصوبے کی اجازت دے دی ہے۔ اس منصوبے کے لیے عالمی بینک 90 فیصد رقم قرض کی صورت میں فراہم کرے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 فروری، صفحہ 11)

7 مارچ: ایس سی اے نے عالمی بینک کے SAGP (ایس اے جی پی) کی شفافیت پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت سندھ فنڈز کے استعمال کے حوالے سے ایک ایگزیکٹو کمیٹی تشکیل دے جس میں کاشتکاروں کے ساتھ افسران بھی شامل ہوں۔ اس منصوبے کے لیے عالمی بینک 76.4 ملین ڈالرز فراہم کرے گا اور سندھ حکومت 3.6 ملین ڈالرز فراہم کرے گی۔ یہ منصوبہ جون 2019 میں مکمل ہوگا اور اس سے چاول، پیاز، مرچ اور مال مویشی کی پیداوار بڑھائی جائے گی۔ (ڈان، 8 مارچ، صفحہ 11)

11 مارچ: پاکستان نے عالمی بینک کے ساتھ دو معاہدوں پر دستخط کیے ہیں جن کے تحت سندھ میں

آبپاشی کے نظام کو بہتر بنانے (سندھ واٹر امپرومنٹ پروجیکٹ) کے لیے بینک پاکستان کو 188 ملین ڈالرز فراہم کرے گا جس میں سے 50 ملین ڈالرز سندھ سرکاری شعبہ کے انتظام کے لیے ہیں جس سے گھوٹکی، نارا اور لیفٹ بینک کے علاقائی واٹر بورڈ کے نظام میں بہتری لائی جائے گی۔ سندھ واٹر سیکٹر امپرومنٹ پروجیکٹ 2007 میں شروع ہوکر 2013 میں مکمل ہونا تھا لیکن اب یہ منصوبہ 2018 میں مکمل ہوگا۔ (دی نیوز، 12 مارچ، صفحہ 10)

21 مارچ: ایک خبر کے مطابق سندھ میں زرعی پیداوار بڑھانے کے لیے کھیتوں اور اطراف میں پانی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے عالمی بینک نے 187 ملین ڈالرز کی امداد منظور کی ہے۔ اس منصوبے سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کسان جن کے پاس پانچ سے 20 ہیکٹرز تک زمین ہے، فائدہ اٹھا سکیں گے۔ پاکستان میں عالمی بینک کے ڈائریکٹر راشد بن مسعود (Rachid Benmessaoud) نے کہا کہ یہ ''منصوبہ پانی کے ہر قطرے سے بہتر پیداوار دے کر کسانوں کی مدد کرے گا''۔ (ڈان، 22 مارچ، صفحہ 5)

13 اپریل: وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے عالمی بینک کی جنوبی اشیاء کی نائب صدر اینٹ ڈیکسن (Annette Dixon) سے اسلام آباد میں ملاقات کے دوران صوبے میں شدید پانی کی کمی کا ذکر کیا۔ وزیراعلیٰ نے بلوچستان کی معاشرتی اور معاشی ترقی کے لیے عالمی بینک اور دیگر امدادی اداروں سے تکنیکی اور مالی امداد طلب کی۔ (ڈان، 14 اپریل، صفحہ 5)

29 اپریل: سندھ کے وزیر زراعت علی نواز خان مہر نے شفافیت اور صلاحیت کے حوالے سے تحفظات کے باوجود 76 ملین ڈالرز کے منصوبے کا افتتاح کیا۔ یہ پانچ سالہ منصوبہ عالمی بینک کی امداد سے سندھ کے 14 اضلاع میں چلایا جائے گا جس میں 112,360 کاشتکاروں کو چار مختلف حصوں میں بانٹا گیا ہے۔ جنہیں پیاز، چاول، مرچ اور کھجور کی فصلوں سے متعلق چھ مہینوں کی تربیت دی جائے گی اور ان میں سے کچھ کو رعایتی قیمت پر زرعی آلات بھی دیے جائیں گے۔ منصوبے کا مقصد بہتر پیداوار کے ذریعے چھوٹے

اور درمیانے درجے کے کسانوں کی منڈی تک رسائی ممکن بنانا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 30 اپریل، صفحہ 10)

## ایشیائی ترقیاتی بینک

15 اپریل: اے ڈی بی پاکستان سمیت چھ ممالک کو شہروں میں ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے امداد فراہم کرے گا۔ بینک اربن کلائمیٹ چینج ریزیلنس ٹرسٹ فنڈ (UCCRTF) کے تحت پاکستان کے 25 شہروں میں سرمایہ کاری میں اضافہ کرے گا۔ (ڈان، 16 اپریل، صفحہ 11)

17 اپریل: فاٹا واٹر ریسورس ڈیولپمنٹ پروجیکٹ (FWRDP) کے لیے اے ڈی بی اور حکومت پاکستان نے اسلام آباد میں 42.9 ملین ڈالرز قرض کے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ اس منصوبے کے تحت کسانوں کے لیے پانی کی فراہمی بہتر بنا کر انھیں زیادہ پیداوار والے پھل اور سبزیاں لگانے کی ترغیب دی جائے گی تاکہ ان کی آمدنی میں اضافہ ہو اور غذائی تحفظ ممکن بنایا جاسکے۔ (ڈان، 18 اپریل، صفحہ 5)

## امریکی امداد

22 فروری: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں یو ایس ایڈ کے تعاون سے قائم کردہ سینٹر فار ایڈوانس اسٹڈیز ان فوڈ سیکورٹی اینڈ ایگریکلچر (CAS-FSA) کے تحت ہونے والے اجلاس میں ماہرین نے کہا ہے کہ جنگلات کی کٹائی، سیلاب، موسمی تبدیلی اور پانی کی کمی غذائی تحفظ کے لیے خطرہ ہے۔ (ڈان، 23 فروری، صفحہ 10)

25 فروری: امریکی اسٹیٹ سیکرٹری نے ایک بجٹ دستاویز میں کہا ہے کہ انسداد دہشت گردی اور جوہری ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ کے حوالے سے پاکستان امریکہ کا اہم فریق رہے گا۔ کیری لوگر برمن ایکٹ

2009 کے خاتمے کے بعد 915.4 ملین ڈالرز کی درخواست کی گئی ہے۔ اس سال اکنامک سپورٹ فنڈ (ESF) میں سب سے زیادہ کمی کی گئی ہے جبکہ فارن ملٹری فنانسنگ (FMF) میں بھی کچھ کمی ہوئی ہے۔ سال 2016 کے لیے امداد کا انحصار پچھلے شعبوں میں اصلاحات کو آگے بڑھانے پر ہوگا۔ ان اصلاحات میں دہشت گردی سے متاثر علاقوں میں استحکام لانا، معاشی ترقی اور زرعی پیداوار میں اضافہ سب سے اہم ہیں۔ (ڈان، 26 فروری، صفحہ 3)

10 مارچ: چوتھی انٹرنیشنل حلال کانفرنس اور نمائش کا انعقاد 10 مارچ کو لاہور میں ہوا جس کی میزبانی PHDA (پی ایچ ڈی اے) اور یو ایس ایڈ کی مالی امداد سے بنے پنجاب ان ایبلنگ انوائرنمنٹ پروجیکٹ (PEEP) نے انجام دی۔ فریقین کے درمیان ایک مفاہمی یاداشت پر بھی دستخط ہوئے۔ یو ایس ایڈ کے ڈائریکٹر پنجاب ڈاکٹر مائلز ٹوڈر (Miles Toder) نے کہا کہ یہ مفاہمی یاداشت حلال گوشت کی صنعت میں نئی سرمایہ کاری کو فروغ دینے میں مدد کرے گی اور وسیع بنیادوں پر کاروبار کے مواقع فراہم کرے گی جو ملک کو معاشی ترقی کی طرف لے جائیگی۔ (ڈان، 11 مارچ، صفحہ 11)

10 مارچ: پی ایچ ڈی اے اور PEEP (پیپ) نے لاہور میں ایک مفاہمی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ پیپ، یو ایس ایڈ کی امداد سے چلنے والا پانچ سالہ منصوبہ ہے جو ڈیری، مال مویشی اور باغبانی کے شعبوں میں نجی کاروبار کو فروغ دینے کے لیے اصلاحات لانے پر کام کررہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 11 اپریل، صفحہ 11)

20 مارچ: لاہور میں دو روزہ سرسبز ایگری ایکسپو آج ختم ہوگیا۔ ایکسپو میں زرعی شعبے میں جدت لانے کے لیے زرعی ٹیکنالوجی کی نمائش کی گئی تھی۔ اس موقع پر یو ایس ایڈ نے نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور یہ بتانے کی کوشش کی کہ کس طرح اس نے پاکستانی زراعت میں جدید ٹیکنالوجی، خدمات اور طریقہ کار کو متعارف کرایا، آبپاشی کا بنیادی ڈھانچہ بنایا اور پانی کے انتظام میں بہتر طریقوں کو رائج کیا۔ (ڈان، 21

مارچ، صفحہ 3)

8 اپریل: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد نے کسانوں میں پہلی بار ای فارمنگ متعارف کرائی ہے۔ یہ منصوبہ پنجاب کے تمام اضلاع میں کام کرے گا۔ اس سہولت کے ذریعے کسان بہتر پیداوار حاصل کرنے کے لیے زرعی ماہرین سے رابطہ قائم کرسکیں گے۔ اس منصوبے کے لیے یو ایس ایڈ بھی 10 ملین روپے فراہم کررہی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 اپریل، صفحہ 11)

9 اپریل: یو ایس ایڈ نے دوسو کسانوں کو اسلام آباد میں بے موسم سبزیاں نمائش میں پیش کرنے کے لیے مدد فراہم کی ہے۔ یہ سبزیاں گرین ہاؤس ٹیکنالوجی کی پاکستان میں بڑے پیمانے پر شروعات کا مظہر ہیں۔ (دی نیوز، 10 اپریل، صفحہ 17)

15 اپریل: پارک اور یو ایس ایڈ کی امداد سے چلنے والے پاکستان اسٹراٹیجی سپورٹ پروگرام (PSSP) نے تحقیق اور علمی میدان میں تعاون کے لیے اسلام آباد میں مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 16 اپریل، صفحہ 4)

28 اپریل: پچھلے سال فروری میں یو ایس ایڈ نے 1,330 میٹرک ٹن غذائی کمی کے شکار افراد کے لیے خصوصی غذا ریڈی ٹو یوز تھیراپیوٹک فوڈز (RUTF) فراہم کی تھی جس کی مالیت 7.4 ملین ڈالرز تھی۔ یہ امداد ملک بھر میں 80,000 شدید غذائی کمی کے شکار پانچ ماہ سے چھ سال تک کے بچوں کے لیے تھی۔ یہ امداد یونائیٹڈ نیشنز انٹرنیشنل چلڈرن ایمرجنسی فنڈ (UNICEF) کے حوالے کی گئی تھی اور کہا گیا تھا کہ وہ وزارت صحت کے تعاون سے اسے تقسیم کرے۔ ایک سال گزرنے کے بعد وزارت صحت نے صوبائی حکومتوں خاص کر سندھ حکومت اور بین الاقوامی امدادی اداروں سے اس حوالے سے پوچھ گچھ شروع کی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 29 اپریل، صفحہ 3)

## یورپی یونین

31 مارچ: ایک مضمون میں زیتون کی کاشت کے حوالے سے لوئر دیر میں جنگلی زیتون کے درختوں کا ذکر کیا گیا ہے جنہیں زیادہ تر جلانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ماہرین سمجھتے ہیں کہ ان درختوں کو پھل آور بنایا جاسکتا ہے۔ اس مقصد کے لیے مالاکنڈ ڈویژن کے اضلاع میں چار سالہ پروگرام فار اکنامک ایڈوانسمنٹ اینڈ کمیونٹی امپاورمنٹ (PEACE) یورپی یونین کی مدد سے SRSP (ایس آر ایس پی) نے 2013 میں شروع کیا ہے۔ (فضل خالق، دی ایکسپریس ٹریبیون، 31 مارچ، صفحہ 2)

## جرمن امداد

19 جنوری: خیبر پختون خواہ حکومت اور اسٹیٹ لائف انشورنس نے پشاور میں ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت صوبائی حکومت چار اضلاع میں غریبوں کے لیے مفت علاج کی اسکیم شروع کرے گی۔ آزمائشی منصوبے کے لیے جرمنی کی حکومت 1.2 بلین روپے کی امداد فراہم کرے گی جبکہ پورے منصوبے پر 1.3 بلین روپے خرچ کیے جائیں گے۔ (ڈان، 20 جنوری، صفحہ 7)

## اطالوی امداد

25 مارچ: پارک کے زیتون قومی منصوبے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد منیر نے کہا کہ 300,000 زیتون کے پودے لگانے کا کام 80 فیصد تک مکمل ہوگیا ہے۔ زیتون کو فروغ دینے کے منصوبے کے لیے اٹلی کی حکومت مدد کررہی ہے جس سے خوردنی تیل کی درآمد میں کمی لائی جاسکے گی۔ اس منصوبے کے تحت زیتون کی سات نرسریاں ملک بھر میں قائم کی جائیں گی جس میں بلوچستان میں دو، خیبر پختون خواہ میں دو، پنجاب میں دو اور ایک فاٹا میں ہوگی۔ (ڈان، 26 مارچ، صفحہ 1)

## جاپانی امداد

7 اپریل: جاپانی کونسل جنرل اکیرا آوچی (Akira Ouchi) نے ٹنڈو محمد خان کے ایک گاؤں میں جاپانی امداد سے چلنے والے منصوبے کی تکمیل کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جاپان سندھ کی دیہی آبادی کے حالات بدلنے کے لیے کوشاں ہے۔ یہ منصوبہ گرانٹ اسسٹنس فار گراس روٹس ہیومن سیکورٹی پروجیکٹس (GGP) کا حصہ ہے جس میں 100,000 ڈالرز کی جاپانی امداد سے سندھ کمیونٹی فاؤنڈیشن (SCF) کے ذریعے 27 گاؤں میں 200 بیت الخلا تعمیر کیے گئے، 216 ہینڈ پمپ لگائے گئے اور پانی کے پانچ منصوبے مکمل کیے گئے۔ (ڈان، 8 اپریل، صفحہ 19)

## چینی امداد

12 جنوری: اقتصادی رابطہ کمیٹی نے گوادر کے نئے بین الاقوامی ہوائی اڈے کی منظوری دے دی جس کی کل لاگت 29.6 بلین روپے ہوگی۔ چین زمین، ہوائی اڈے اور بندرگاہ پر سہولیات کے لیے 666 ملین روپے امداد دے گا۔ اومان بھی نئے ہوائی اڈے کی تعمیر کے لیے 17.5 ملین ڈالرز دے گا جبکہ سول ایوی ایشن اتھارٹی (CAA) کی طرف سے کل رقم کا دسواں حصہ فراہم کیا جائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 جنوری، صفحہ 10)

## آسٹریا کی امداد

16 فروری: پاکستان میں آسٹریا کی سفیر نے وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی ہے۔ تربیلا ڈیم کے پانچویں توسیعی منصوبے کے لیے آسٹریا نے 400 ملین ڈالرز کی امداد دینے پر رضا مندی ظاہر کی ہے۔ (دی نیوز، 17 فروری، صفحہ 5)

## کویتی امداد

26 فروری: ایک خبر کے مطابق نیلم جہلم منصوبے کے لیے کویت سے پاکستان نے 32 ملین ڈالرز کی رقم حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ ابھی بھی حکومت کو مزید 450 ملین ڈالرز درکار ہیں۔ اس منصوبے کے لیے کویت کی طرف سے کل امداد 74 ملین ڈالرز ہوگئی ہے۔ 2010 میں کویت فنڈ سے پاکستان کو اس منصوبے کے لیے 42 ملین ڈالرز کا تجارتی قرضہ دیا گیا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 فروری، صفحہ 11)

# ب۔ عالمی زرعی خبریں

## ا۔ زرعی مواد

### زمین

13 مارچ: چین میں نئے شہروں کے حوالے سے ایک مضمون میں کہا گیا ہے کہ اگلے 20 سالوں میں چینی دیہی علاقوں سے لوگ سینکڑوں نئے شہروں میں منتقل کیے جائیں گے۔ منصوبے کے مطابق چین میں اگلے پانچ سالوں میں 100 ملین افراد کو شہروں میں نئے گھروں میں آباد کیا جائے گا۔ 2020 تک چین کی 60 فیصد آبادی شہری لوگوں پر مشتمل ہوگی۔ اس آبادکاری پر 6.8 ٹریلین ڈالرز خرچ ہوں گے۔ (جوڈی روزن (Judy Rosen)، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 13 مارچ، صفحہ 1)

18 اپریل: پچھلے سال کے عام انتخابات میں بھارت کے طاقت ور زرعی شعبے نے وزیراعظم مودی کی دائیں بازو کی بھارتیہ جنتا پارٹی (BJP) کا ساتھ دیا تھا لیکن حکومت کی طرف سے لائے گئے لینڈ ایکوزیشن بل اور بے موسم بارش، جس نے شمالی بھارت میں بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا ہے، کی وجہ سے دیہی علاقوں میں ان کی حکومت کے خلاف غصہ بڑھ رہا ہے۔ حکومتی لینڈ ایکوزیشن بل کو بھارتی ایوان بالا میں سخت مخالفت کا سامنا ہے۔ (ڈان، 19 اپریل، صفحہ 13)

- زمینی اصلاحات

16 جنوری: ایک مضمون میں بتایا گیا ہے کہ آج کے ہی دن 150 سال پہلے جنرل ولیم ٹیکیوم سچ شرمن ٹیکم سین (Gen. William Sherman Tecumsch) نے امریکی خانہ جنگی کے دوران اعلان کیا تھا کہ 400,000 ایکڑ زمین کو ضبط کرکے 40 ایکڑ فی کسان کے حساب سے تقسیم کیا جائے۔ اگر اس اعلان پر عمل درآمد ہوتا تو سیاہ فام امریکیوں کی ترقی کو مضبوط بنیاد مل جاتی لیکن جنرل صاحب کی زرعی

اصلاحات کو صدر اینڈریو جونسن (Andrew Johnson) نے 1865 میں ہی منسوخ کر دیا اور افریقی غلام چھوٹے موٹے کاموں کی تلاش میں لگ گئے۔ آج جنوبی فریقہ نسلی امتیاز کے خاتمے کے 21 سال بعد ایسے ہی اہم موڑ پر کھڑا ہے۔ نو آبادیاتی دور میں گوروں کی حکومت میں 87 فیصد زمین پر 10 فیصد گورے قابض تھے۔ افریقی نیشنل کانگریس کی حکومت نے زمینی اصلاحات میں کئی طریقے استعمال کیے جس میں سیاہ فام اکثریت کو زمینی معاوضہ دینے کی پالیسی کا پروگرام بھی شامل ہے لیکن ان اصلاحات نے حالات کو تبدیل کرنے کے بجائے جوں کا توں ہی رکھا (برناڈیڈ ایٹیوہن، انفریڈ ایل بروفی (Bernadette Atuahene and Alfred L. Brophy) انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 16 جنوری، صفحہ 9)

# پانی

- پن بجلی ڈیم

10 فروری: افغان وزارت خارجہ کے نمائندے کے مطابق چین نے افغانستان میں ایک پن بجلی پلانٹ لگانے اور پاکستان کے ساتھ ریل کی پٹری کا جال بچھانے میں مدد کا وعدہ کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے یہ بیان چین، افغانستان اور پاکستان کے سفارتکاروں کی کابل میں بات چیت کے بعد دیا۔ (ڈان، 11 فروری، صفحہ 16)

31 مارچ: ایک مضمون میں چین میں پن بجلی منصوبوں کے حوالے سے لکھا ہے کہ 2011 میں جب چین دنیا میں پن بجلی سے حاصل کل توانائی کا پانچواں حصہ پیدا کر رہا تھا تب وہاں کی حکومت نے فیصلہ کیا کہ 10 سالوں میں اس پیداوار کو دگنا کیا جائے گا تاکہ کوئلے سے حاصل توانائی میں کمی کی جاسکے۔ چین میں پہلے سے 26,000 بڑے ڈیم ہیں جو ملک کے مرکزی حصے کے دریاؤں پر قائم ہیں۔ لہذا آئندہ ڈیم تبت کے علاقے میں بنائے جانے کا فیصلہ ہوا ہے جہاں سے دنیا کے بڑے دریا نکلتے ہیں جو پاکستان سے لے کر چین تک مختلف دھاروں میں بہتے ہیں۔ تبت کے علاقے سے نکلتے وقت ان تیز بہتے دریاؤں سے پن

بجلی سب سے زیادہ مقدار میں حاصل ہوسکتی ہے لیکن تبت کے لوگوں کو اس سے بجلی نہیں مل پائے گی کیونکہ اس منصوبے سے چین کے صنعتی علاقوں کی ضرورت کو پورا کیا جائے گا۔ یہاں سے دریائی پانی کا رخ بھی صنعتی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے موڑا جائے گا جس سے علاقے کی زراعت اور ماحول پر نہایت منفی اثرات پڑنے کا خطرہ ہے۔ (مائیکل برکلے (Micheal Buckley) نیو یارک ٹائمز، 31 مارچ، صفحہ 6)

- پانی کی قلت

20 مارچ: اقوام متحدہ نے اپنی سالانہ ''ورلڈ واٹر ڈیولپمنٹ رپورٹ'' میں کہا ہے کہ پانی کو اتنی بری طرح سے ضائع اور آلودہ کیا جارہا ہے کہ اگر یہ اسی انداز سے چلتا رہا تو 2030 تک دنیا کو 40 فیصد پانی کی کمی کا سامنا ہوگا۔ خشک اور گرم ممالک کے لیے یہ صورت حال تباہ کن ہوگی۔ (ڈان، 21 مارچ، صفحہ 15)

18 اپریل: جنوبی کوریا مین ورلڈ واٹر فورم کی سات روزہ کانفرنس میں غیر سرکاری تنظیمیں، ملٹی نیشنل کمپنیاں اور سرکاری پالیسی ساز شرکت کر رہے ہیں۔ کانفرنس میں پانی کی عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی کمی کے پیش نظر پانی کی قیمت بڑھانے کے حساس موضوع پر بات چیت جاری ہے۔ چین میں پانی کے مسئلے کے حوالے سے ہانگ کانگ کی غیر سرکاری تنظیم نے ''چائنا واٹر رسک'' نے ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ چین کے پاس ایشیا کے تمام بڑے دریاؤں کا کنٹرول ہے جو مستقبل میں پانی پر جنگ کا باعث بن سکتا ہے۔ (دی نیوز، 19 اپریل، صفحہ 11)

## II۔ زرعی مداخل

## قدرتی اور صنعتی طریقہ زراعت

11 مارچ: امریکی ریاست ڈیکوٹا کے ایک کسان گیب براؤن (Gabe Brown)، جن کی زمین کی زرخیزی کی باتیں سننے کو لوگ بے تاب رہتے ہیں، نے اپنے 5,000 ایکڑ پر پھیلے فارم میں خشک سالی اور

سیلاب دونوں میں فصلیں اگائی ہیں۔ انہوں نے زمینی صحت پر ایک کانفرنس میں کہا کہ انہیں مصنوعی کھاد وغیرہ کی اب ضرورت نہیں۔ ان کی پیداوار علاقے کی عمومی پیداوار سے زیادہ ہوتی ہے جس میں کم محنت اور کم خرچہ آتا ہے۔ ان کے مطابق اگر کچھ وقت کاشت نہ کی جائے، سبز کھاد اور دوسرے قدرتی طریقوں سے زمین کو مضبوط کیا جائے تو قدرت خود زمین کو شفاء عطا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس عمل میں انسانی عقل خود سب سے بڑی ''رکاوٹ'' ہے۔ ان کے قدرتی طریقوں پر ایک غیر سرکاری تنظیم نے آگاہی دینے کا کام شروع کیا ہے اور ہزاروں لوگ اس کی طرف مائل ہورہے ہیں۔ (ایریکا گوڈ Erica Goode)، انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 11 مارچ، صفحہ 8)

## زرعی ادویات

26 مارچ: ایک مضمون میں کہا گیا ہے کہ انٹرنیشنل ایجنسی فار ریسرچ آن کینسر (IARC) نے پچھلے ہفتے اعلان کیا ہے کہ گلائفوسیٹ (glyphosate) جسے جڑی بوٹیاں تلف کرنے والی ادویات حربی سائیڈ راؤنڈ اپ (Herbicide Round-up) میں استعمال کیا جاتا ہے، سے انسانوں میں کینسر کا مرض ہوسکتا ہے۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزشن (WHO) نے بھی کہا تھا کہ دو کیڑے مار ادویات، میلاتھیون (Malathion) اور ڈائزینون (Diazinon) سے بھی کینسر ہوسکتا ہے۔ راونڈ اپ زرعی کمپنی مونسانٹو بناتی ہے جو جینیاتی طور سے تبدیل شدہ فصلوں خاص کر سویابین اور مکئی کے لیے ضروری سمجھی جاتی ہے۔ (مارک بٹمین، انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 26 مارچ، صفحہ 13)

6 اپریل: لندن کے ایک اسپتال کے انٹرنل میڈیسن کنسلٹنٹ، بہرام پانڈیوالا (Behram Pandiwalla) نے ایک بیان میں کہا ہے کہ خوراک اور پانی کے تحفظ پر حکومتی پالیسیاں نہ ہونے کی وجہ سے ہر سال دنیا بھر میں 2.2 ملین افراد، جن میں بچے بھی شامل ہیں، مختلف بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں۔ پچھلے 50 سالوں میں کھاد اور زرعی ادویات کے استعمال میں 130 گنا اضافہ ہوا ہے جس کی وجہ سے

کیمیائی اشیا کی باقیات غذا کو آلودہ کرنے کے ساتھ ماحول میں پھیل کر غذائی زنجیر میں شامل ہوجاتے ہیں۔ (دی نیوز، 7 اپریل، صفحہ 11)

## III۔ غربت اور غذائی تحفظ

### غربت

19 جنوری: پیرس میں آکسفیم کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر وینی بائن یی ما (Winnie Byanyima) نے امیر ترین ممالک کی ڈیوس میں عالمی سربراہی کانفرنس سے پہلے کہا ہے کہ عالمی سطح پر امیر اور غریب کے درمیان تفریق بڑی تیزی سے بڑھ چکی ہے۔ عالمی دولت میں امیر ترین ایک فیصد کا حصہ 2009 میں 44 فیصد تھا جو 2014 میں 48 فیصد ہوچکا ہے اور 2016 میں 50 فیصد سے زیادہ ہو جائے گا۔ (ڈان، 20 جنوری، صفحہ 10)

20 جنوری: امیر ترین ممالک کے سربراہوں کے اس ہفتے ڈیوس میں ہونے والے اجلاس سے پہلے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) کے ڈائریکٹر گائے رائڈر (Guy Ryder) نے کہا ہے کہ عالمی رہنماء اپنے اجلاس میں اس بات پر تو متفق ہوں گے کہ غربت کے حوالے سے عدم مساوات ایک سنگین مسئلہ ہے لیکن اس کو دور کرنے کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھا پائیں گے۔ (ڈان، 21 جنوری، صفحہ 12)

20 جنوری: عالمی بینک کے مطابق فلاحی بہبود کے مہنگے حکومتی پروگرام جنوبی ایشیاء میں عدم مساوات دور کرنے کے لیے ناکارہ ہتھیار ہیں۔ بینک نے مشورہ دیا ہے کہ حکومتیں اس کے بجائے فلاحی کاموں کی رقوم مقامی انتظامیہ کو دیں۔ (ڈان، 21 جنوری، صفحہ 10)

22 جنوری: نیویارک میں بل گیٹس اور ان کی اہلیہ نے ورلڈ اکنامک فورم (WEF) کے سربراہی اجلاس

میں جانے سے پہلے نیویارک میں ایک انٹرویو میں کہا کہ غریبوں کی حالت دنیا بھر میں اگلے 15 سالوں میں اتنی بہتر ہوجائے گی جتنی پہلے کبھی نہیں ہوئی۔ گیٹس فاؤنڈیشن نے اس موقع پر آئندہ 15 سالوں کے لیے اپنے ایجنڈے کا اعلان بھی کیا۔ (ڈان، 23 جنوری، صفحہ 16)

2 فروری: فلپائن چین کے بعد اس وقت دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشت ہے لیکن وہاں 42 فیصد آبادی اب بھی دو ڈالرز یومیہ سے کم پر گزارہ کرتی ہے۔ (ڈان، 3 فروری، صفحہ 12)

18 فروری: ایک مضمون میں غربت کے حوالے سے یہ بات واضح کی گئی ہے کہ اگرچہ امیر اور غریب ترین افراد میں تاریخی اعتبار سے بہت زیادہ فرق پیدا ہوچکا ہے لیکن جارج واشنگٹن یونیورسٹی کے اسٹیفن جے روز کا کہنا ہے کہ 2007 سے 2010 تک کے اقتصادی بحران، جس نے امریکہ میں امیر ترین افراد کی آمدنی کو سب سے زیادہ متاثر کیا، کہ بعد سے یہ طبقہ 2007 کی سطح تک نہیں پہنچ پایا ہے حالانکہ بحران کے بعد اسی طبقے نے سب سے زیادہ فائدہ اٹھایا ہے (اینڈریو روس سورکن (Andrew Ross Sorkin) انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز 18 فروری، صفحہ 16)۔

17 مارچ: ترقی پزیر ممالک میں کم آمدنی والے افراد میں غربت کے خاتمے کے لیے کلنٹن فاؤنڈیشن، یونی لیور اور دیگر کمپنیوں کے اشتراک سے افریقہ، لاطینی امریکہ، جنوبی ایشیاء اور کیربین کے تقریباً 30,000 چھوٹے کسانوں کے ذریعہ معاش کو بہتر بنانے کے لیے 10 ملین ڈالرز کی لاگت سے منصوبہ شروع کرے گی۔ (دی نیوز، 18 مارچ، صفحہ 17)

2 اپریل: ایک خبر کے مطابق جاپان کے وزیر اعظم شنزو ایب (Shinzo Abe) نے ایک فنڈ کا اعلان کیا ہے جو بچوں کی غربت سے نمٹنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ جاپان جو دنیا کی تیسری بڑی معیشت ہے، میں ہر چھٹا بچہ غربت کے دائرے میں آتا ہے۔ (دی نیوز، 3 اپریل، صفحہ 17)

2 اپریل: عالمی بینک کے صدر جم یونگ کم (Jim Yong Kim) نے کہا ہے کہ چین کا نیا ترقیاتی بینک ایشین انفرا اسٹرکچر انوسٹمنٹ بینک (AIIB) غربت دور کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے اگر وہ اپنے منصوبوں کے لیے اعلیٰ معیار کو یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی بینک غربت دور کرنے کے کام میں AIIB (اے آئی آئی بی) کو اپنا حلیف سمجھتا ہے۔ (ڈان، 8 اپریل، صفحہ 12)

10 اپریل: ایک مضمون میں بتایا گیا ہے کہ سوشل پروگریس انڈیکس (SPI) 2015 کے لحاظ سے دنیا کے سب سے زیادہ طاقت ور ملک امریکہ کا شمار دنیا میں سولہواں ہے۔ سوشل پروگریس انڈیکس میں ناروے، سویڈن، سوئٹزر لینڈ، آئس لینڈ، نیوزی لینڈ، کینیڈا سب سے آگے ہیں۔ (نیکولس کرسٹوف Nicholas Kristof)، انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 10 اپریل، صفحہ 7)

15 اپریل: امریکہ کی دولت پچھلے چھ سالوں میں 60 فیصد بڑھی ہے، جو اب 30 ٹریلین ڈالرز سے زیادہ ہے۔ اسی دوران امریکہ میں بے گھر بچوں کی تعداد میں 60 فیصد اضافہ ہوا ہے، چھ سال کی عمر سے کم سیاہ فام بچوں کی آدھی تعداد غربت میں رہ رہی ہے اور سرکاری اسکولوں کے بچوں کی آدھی تعداد بھی غریب ہے۔ 2009 میں 100 میں سے 17 بچوں کو خوراک کے لیے غذائی امداد (food stamps) کی ضرورت تھی، اب 100 میں سے 20 بچوں کو اسکی ضروری ہے۔ صرف دو ممالک نے اقوام متحدہ کے بچوں کے حقوق کے کنونشن کی تصدیق نہیں کی ہے، ایک جنوبی سوڈان اور دوسرا امریکہ۔ (پول بچھ ہٹ Paul Buchheit)، دی نیوز، 15 اپریل، صفحہ 7)

26 اپریل: بھارتی اخبار 'دی ہندو' کے مطابق بھارت میں کسانوں کی خودکشی کے واقعات دیگر آبادیوں کے مقابلے 47 فیصد زیادہ ہیں۔ سال 1995 سے اب تک 270,940 کسانوں نے خودکشی کی ہے۔ 2001 سے 2011 تک 46 کسانوں نے روزانہ خودکشی کی۔ امریکی رسالہ نیوز ویک کے مطابق امریکہ میں بھی کسانوں میں خودکشی کا رجحان دیگر آبادی کے مقابلے میں دوگنا ہے جبکہ چین میں شہروں کو آباد

کرنے کے لیے زرعی زمین ہتھیانے کی حکومتی پالیسی کے خلاف کسان ہر روز خود سوزی کرتے ہیں۔ آسٹریلیا میں ہر چوتھے روز ایک کسان خودکشی کرتا ہے۔ (آکار پٹیل، دی ایکسپریس ٹریبیون، 26 اپریل، صفحہ 6)

30 اپریل: ایک مضمون میں بیان کیا گیا ہے کہ آمدنی کے بڑھتے فرق کی وجہ سے امریکی معاشرے کو بڑی قیمت ادا کرنی پڑ رہی ہے۔ تین چار دہائی پہلے امریکہ دنیا کا سب سے امیر اور عسکری ٹیکنالوجی کی ترقی کے حوالے سے انسانی تاریخ کا سب سے بڑا ملک بن چکا تھا۔ آج بھی امریکہ سب سے زیادہ امیر، طاقت ور اور ٹیکنالوجی کی ترقی میں سب سے آگے ہے لیکن جب لوگوں کی صحت، انسانی بھلائی اور مشترکہ خوشحالی کی بات آتی ہے تو امریکہ آج بہت پیچھے نظر آتا ہے۔ نچلے طبقے سے تعلق رکھنے والی ملک کی آدھی آبادی کو حکومت نے سہارا دینے پر اتنا کم خرچ کیا ہے کہ آج امریکی معاشرہ بکھر چکا ہے۔ (الیگزینڈرا اسٹیونسن (Alexandra Stevenson)، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 30 اپریل، صفحہ 13)

## غذائی تحفظ

29 جنوری: اقوام متحدہ کی جانب سے حال ہی میں جمع کیے گئے اعدادوشمار کے مطابق 38,000 سے زیادہ صومالی بچے بھوک سے ہلاکت کے شدید خطرے سے دوچار ہیں۔ اقوام متحدہ کی فوڈ سیکیورٹی اینڈ نیوٹریشن اینالسس یونٹ اور فیمن ارلی وارننگ سسٹمز نیٹورک کی مشترکہ طور پر جاری کردہ رپورٹ کے مطابق 203,000 بچوں سمیت 731,000 افراد شدید غذائی کمی کا شکار ہیں۔ (ڈان، 30 جنوری، صفحہ 14)

6 اپریل: 7 اپریل 1948 میں WHO (ڈبلیو ایچ او) کے قیام کی یاد میں اس دن کو ہر سال صحت کے عالمی دن کے طور پر دنیا بھر میں منایا جاتا ہے۔ اس حوالے سے اس سال نعرہ تھا کہ ''کھیت سے پلیٹ تک غذا کو محفوظ بنائیں''۔ اس موقع پر ڈبلیو ایچ او کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر مارگریٹ چان (Margret Chan) نے اپنے پیغام میں کہا کہ غذائی پیداوار صنعتی ہوچکی ہے جس کی تجارت اور تقسیم کا دائرہ عالمگیر

ہے۔ ایک مقامی غذائی تحفظ کا مسئلہ تیزی سے عالمی بحران کی صورت اختیار کرلیتا ہے۔ آلودہ کھانے سے 200 اقسام کی بیماریاں لاحق ہوسکتی ہیں۔ (ڈان، 7 اپریل، صفحہ 5)

17 اپریل: عالمی بینک نے 2030 تک غربت ختم کرنے کے حوالے سے اپنی ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ 800 ملین لوگ روزانہ بھوکے سوتے ہیں۔ وہ ممالک جو بھوک کے مسئلے کو دور کرنے کی کوشش کررہے ہیں انھیں چاہیئے کہ وہ غذائی نظام کو بہتر بنائیں۔ دیہی علاقوں میں زیادہ پیداوار کے ذریعے بچوں اور حاملہ خواتین کی غذائی صورت حال کو بہتر بنانے پر توجہ دیں۔ (ڈان، 18 اپریل، صفحہ 3)

19 اپریل: کسانوں کے عالمی دن کی مناسبت سے ایک مضمون میں لکھا ہے کہ عالمی سطح پر لوگوں میں بڑے پیمانے پر غذائی کمی کو کسانوں کی تحریک ویا کمپسنا (Via Campesina) کی طرف سے بار بار دہرائی گئی بات سے ہی سمجھا جاسکتا ہے کہ لوگوں کو غذائی تحفظ دراصل غذائی خودمختاری کے ذریعے ہی حاصل ہوسکتا ہے۔ اس کے لیے مقامی لوگوں کا پیداواری زمین، پانی، جنگلات وغیرہ جیسے وسائل پر یقینی اختیار ضروری ہے۔ (محمد علی صدیقی، دی نیوز، 19 اپریل، صفحہ 2، پولیٹیکل اکانومی)

## IV۔ غذائی اور نقد آور فصلیں

### غذائی فصلیں

23 فروری: امریکہ میں اجناس کی قیمتیں چار سال کی کم ترین سطح پر آگئی ہیں۔ امریکی محکمہ زراعت کے اندازے کے مطابق زرعی فارموں سے حاصل ہونے والی آمدنی جو 2013 میں 129 بلین ڈالرز کی بلند سطح پر تھی 74 بلین ڈالرز تک گرسکتی ہے۔ بیج اور کھاد جیسے مداخل کی قیمتیں بلند سطح پر رہینگی جبکہ اجناس کی قیمتیں نچلی سطح پر رہنے کی توقع ہے۔ (دی نیوز، 24 فروری، صفحہ 17)

12 اپریل: اقوام متحدہ کی ایف اے او کے مطابق عالمی غذائی قیمتوں میں کمی مارچ کے مہینے میں جاری رہی۔ قیمتیں پچھلے سال کی سطح سے 40 پوائنٹ کم ہوگئیں۔ چینی کی قیمت فروری 2009 کے بعد سے کم ترین سطح پر آگئی ہے۔ (ڈان، 13 اپریل، صفحہ 11)

- گنا

چینی:

30 جنوری: بھارت میں 30 ستمبر کو ختم ہونے والے موسم میں چینی کی پیداوار 26 ملین ٹن ہونے کا امکان ہے جو لگائے گئے اندازوں سے چار فیصد زیادہ ہے۔ لگاتار پانچ سالوں سے چینی کی اضافی پیداوار کی وجہ سے مقامی منڈی میں نرخ متاثر ہورہے ہیں۔ حکومت پہلے ہی چینی کی برآمد پر زرتلافی 3,300 سے بڑھا کر 4,000 روپے فی ٹن کرنے کا اعلان کرچکی ہے۔ (دی نیوز، 31 جنوری، صفحہ 17)

## V۔ تجارت

### برآمدات

- چینی

8 جنوری: بھارت جو برازیل کے بعد دنیا کا سب سے بڑا چینی پیدا کرنے والا ملک ہے، خام چینی کی برآمد پر 3,300 بھارتی روپے فی ٹن زرتلافی دیتا ہے۔ بھارت عالمی قیمتوں میں کمی کی وجہ سے چینی برآمد کرنے میں ناکام ہوگیا ہے۔ سرکاری زرائع کے مطابق بھارتی کابینہ جلد خام چینی کی برآمد پر زرتلافی بڑھا کر 4,000 بھارتی روپے فی ٹن کرسکتی ہے تاکہ چینی کے ذخائر کو کم کیا جاسکے۔ (دی نیوز، 9 جنوری، صفحہ 17)

- گندم

25 اپریل: روس جو پچھلے سال گندم برآمد کرنے والا چوتھا بڑا ملک تھا اب اپنے لوگوں تک سستی روٹی

فراہم کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے جس کی وجہ سے برآمدات آدھی سے بھی کم ہوگئی ہیں۔ (ڈان، 26 اپریل، صفحہ 12)

- چاول

10 اپریل: اقوام متحدہ کے ایف اے او کے مطابق پہلے سے موجود ذخیرے اور ایشیا میں زیادہ پیداوار کی وجہ سے عالمی سطح پر چاول کی تجارت 2014 کے مقابلے میں 2.5 فیصد کم ہوگی۔ (ڈان، 11 اپریل، صفحہ 17)

## درآمدات

## ایگری بزنس

30 اپریل: ایک مضمون میں بتایا گیا ہے کہ امریکی سیکرٹری زراعت ٹوم ولسیک (Tom Vilsack) نے نیویارک اور سان فرانسکو کے دورے کے دوران بڑے سرمایہ کاروں کو قائل کرنے کی کوشش کی ہے کہ وہ زراعت میں سرمایہ کاری کریں۔ دونجی سرمایہ کاری کے فنڈز جنہیں 'رورل بزنس انوسٹمنٹ کمپنیز' کہا جاتا ہے 125 ملین ڈالرز اکھٹے کریں گی جس کے ذریعے وہ دیہی علاقوں میں کاروبار کو فروغ دیں گی۔ یہ فنڈ امریکی محکمہ زراعت کا منصوبہ ہے جس کا مقصد زرعی کاروبار میں نجی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ (الیگزینڈر اسٹیونسن، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 30 اپریل، صفحہ 14)

## VI۔ کارپوریٹ شعبہ

## غذائی کمپنیاں

28 اپریل: ایک مضمون کے مطابق امریکہ کے ریستوران چپوٹل میکسکن گرل صرف وہ کھانا پیش کرے گا جو جینیاتی تبدیل شدہ اشیا سے پاک ہو۔ چپوٹل 2013 میں کھانے میں جینیاتی اجزا کی نشاندہی کرنے والی پہلی کمپنی تھی۔ کہا جاتا ہے 2018 تک غذائی اشیاء کے بڑے خوردہ فروش صرف جینیاتی اشیا سے

پاک غذائی مصنوعات فروخت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ (اسٹیفن اسٹروم، انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 28 اپریل، صفحہ 15)

- پرولیکٹا بایوسائنس

23 مارچ: ایک مضمون میں ماں کے دودھ کے صنعتی استعمال کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ امریکہ میں ایک کمپنی پرولیکٹا بائیوسائنس کی فیکٹری میں ماؤں کے دودھ کو پورے ملک سے جمع کر کے خشک کرنے کے بعد اعلیٰ قسم کی حیاتین میں تبدیل کیا جاتا ہے جسے نومولود بچوں کے لیے انتہائی نگہداشت یونٹس میں وقت سے پہلے پیدا ہونے والے بچوں کو دیا جاتا ہے اور اس کے لیے ہزاروں ڈالرز لیے جاتے ہیں۔ کمپنی کے چیف ایکزیکٹیو اسکوٹ اے السٹر (Scott A. Elster) نے کہا ہے کہ یہ وائٹ پلازمہ ہے۔ تحقیق کاروں کے مطابق یہ صرف شروعات ہے۔ ماں کا دودھ مختلف بیماریوں کے علاج میں کئی طرح سے استعمال ہوسکتا ہے۔ (پولاک اینڈریو Pollack Andrew، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 23 مارچ، صفحہ 12)

- فاسٹ فوڈ کمپنیاں

مکڈونلڈز:

2 اپریل: مکڈونلڈز نے اعلان کیا ہے کہ وہ امریکہ میں اپنے ان 1,500 ریستوران کے 90,000 ملازمین کی اجرت میں اضافہ کرے گی جو کمپنی خود چلاتی ہے۔ اس اضافے کا 750,000 ملازمین کو کوئی فائدہ نہیں ملے گا جو 3,100 فرنچائز کے ذریعے چلائے جانے والے 12,500 ریستوران میں کام کرتے ہیں۔ (انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 3 اپریل، صفحہ 13)

4 مارچ: امریکی خوراک کی کمپنی مکڈونلڈز نے اعلان کیا ہے کہ وہ عوامی صحت کے پیش نظر ایسی مرغیوں کا گوشت استعمال کرے گی جنہیں اینٹی بایوٹک نہ دی گئی ہو اور ایسی گائے کا دودھ استعمال کرے گی جن کو دودھ بڑھانے کے لیے مصنوعی ہارمون (rbST) نہ دیے گئے ہوں۔ (ڈان، 5 مارچ، صفحہ 15)

کوکا کولا:

9 جنوری: مشروبات کی امریکی دیوہیکل کمپنی کوکا کولا نے اخراجات میں کمی کے لیے جاری مہم کے تحت 1,600 سے 1,800 ملازمتیں ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کوکا کولا کی 2014 کے شروع کے نو ماہ میں عالمی فروخت میں دو فیصد (35.1 بلین ڈالرز) کمی ہوئی تھی جس کے بعد کمپنی نے مارچ میں عالمی سطح پر اپنے کاروبار کو منظّم کرکے 2019 تک تین بلین ڈالرز سالانہ بچت کا اعلان کیا تھا۔ کمپنی کے 2013 تک پوری دنیا میں 130,600 ملازمین تھے۔ (دی نیوز، 10 جنوری، صفحہ 15)

5 مارچ: روسی حکام نے امریکی فاسٹ فوڈ کمپنیوں کوکا کولا اور مکڈونلڈ کو مضرِ صحت ہونے کی وجہ سے تنقید کا نشانہ بنایا اور ان کی جارہانہ اشتہاری مہم کو ''شہریوں کے خلاف جنگ'' سے تعبیر کیا ہے۔ (ڈان، 6 مارچ، صفحہ 11)

22 اپریل: ایک خبر کے مطابق رواں سال کے ابتدائی تین ماہ میں کوکا کولا نے 1.56 بلین ڈالرز منافع کمایا جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 3.8 فیصد کم ہے۔ (ڈان، 23 اپریل، صفحہ 11)

- ڈیری کمپنیاں

فونٹیرا:

10 مارچ: نیوزی لینڈ میں ماحولیات کے حوالے سے متحرک تنظیموں نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ مارچ کے آخر تک زرعی زہر 1080 کا استعمال بند کیا جائے۔ نیوزی لینڈ دنیا کا سب سے زیادہ دودھ برآمد کرنے واالا ملک ہے اور فونٹیرا (Fontera) یہاں کی بڑی ڈیری کمپنی ہے جو 90 فیصد دودھ کی ترسیل پر قابض ہے۔ کمپنی کا کہنا ہے کہ جنوری سے جاری دودھ کے ٹیسٹ یہ ثابت کرتے ہیں کہ دودھ جس میں بچوں کا فارمولہ دودھ بھی شامل ہے، میں کسی قسم کے زہر کا شائبہ نہیں۔ (دی انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 11 مارچ، صفحہ 14)

12 مارچ: فرانسیسی حکام نے ملک میں مختلف اقسام کی دہی بنانے والی کمپنیوں پر ساز باز کر کے مصنوعات کی قیمتیں طے کرنے پر 204 ملین ڈالرز کا جرمانہ عائد کیا ہے جس پر کمپنیوں نے اس سخت فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست کی ہے۔ (ڈان، 13 مارچ، صفحہ 11)

کرافٹ فوڈ گروپ:

14 مارچ: ایک مضمون کے مطابق اکیڈمی آف نیوٹریشن اینڈ ڈائٹکٹس (Academy of Nutrition and Dietetics) جو تجارتی غذائی اشیاء پر نگرانی کے لیے 75,000 رجسٹرڈ غذائی ماہرین کا گروپ ہے نے مغربی ممالک میں عام طور پر بچوں کے اسکول کے ناشتے میں استعمال ہونے والے کرافٹ پنیر کو ''کڈز ایٹ رائٹ'' کا لیبل لگانے کی اجازت دے دی ہے۔ اکیڈمی جو اسکولوں میں صحت مند غذا کے فروغ کے لیے تعلیمی پروگرام بھی چلارہی ہے، نے کرافٹ فوڈ گروپز کے لیے مسائل پیدا کیے ہوئے ہیں۔ (اسٹیفن اسٹروم، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 14 مارچ، صفحہ 10)

25 مارچ: ایک مضمون میں بتایا گیا ہے کہ برازیل کی کمپنی برکشائر ہیتھ وے (Berkshire Hathaway) جو دو سال پہلے وارن ای بفٹ کے ساتھ الحاق کر چکی ہے، نے دو بڑی غذائی کمپنیوں ہائنز (Heinz) اور کرافٹ (Kraft) کو کمپنی میں ضم کر لیا ہے جس کے بعد غذائی کمپنیوں کے بڑے نام ایک ہی چھت کے نیچے آگئے ہیں۔ (ڈیوڈ گیلس، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 25 مارچ، صفحہ 14)

- زرعی ادویات کی کمپنیاں

سنجنٹا:

24 فروری: سوئٹزرلینڈ کی کیمیکل کمپنی سنجنٹا امریکہ میں معروف جڑی بوٹیوں کے خاتمے کی دوا بناتی ہے جسے ایٹرازین (Atrazine) کہا جاتا ہے۔ صرف 2013 میں امریکہ میں 73.7 ملین پاؤنڈ ایٹرازین فصلوں پر استعمال کی گئی۔ یہ زرعی زہر مکئی کی آدھی سے زیادہ فصل پر، جوار (sorgum) کی دو تہائی فصل پر اور گنے

کی 90 فیصد سے زیادہ فصل پر استعمال کیا گیا جبکہ کمپنی خود اپنے ہی ملک میں اس دوا کا استعمال نہیں کرسکتی۔ جڑی بوٹیوں کوتلف کرنے والی یہ زرعی ادویہ یورپی یونین میں ممنوع ہے کیونکہ یہ زیر زمین پانی آلودہ کرتی ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 25 فروری،صفحہ 12)

## VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور مرغبانی

### مال مویشی

16 اپریل: بھارت گائے کا گوشت برآمد کرنے والا دوسرا اور استعمال کرنے والا پانچواں بڑا ملک ہے۔ بھارت میں گائے کا گوشت دوسرے گوشت کی نسبت سستا ہے جو ملک میں غریبوں کے لیے غذائیت کے حصول کا اہم ذریعہ ہے مگر نریندر مودی حکومت کی جانب سے بہت سے علاقوں میں گائے ذبح کرنے پر پابندی عائد کردی گئی ہے اور خلاف ورزی کرنے پر پانچ سال قید بامشقت سمیت 200 ڈالرز جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ (ڈان، 17 اپریل،صفحہ 13)

### ماہی گیری

22 مارچ: 2008 میں ویت نام اور چین کے ساتھ مقابلے میں مسابقت کی وجہ سے امریکہ میں کیٹ فش (cat fish) کا کاروبار کرنے والوں نے اس صنعت پر ناقابل یقین مزید قوائد وضوابط کا مطالبہ کردیا ہے۔ ماہرین کے مطابق اوباما انتظامیہ نے قوائد وضوابط کو معائنے کے بعد حتمی شکل دینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ کیٹ فش کی تجارت سے وابستہ افراد کو امریکی محکمہ ذراعت سرٹیفکیٹ فراہم کرے گا کہ انکی کیٹ فش میں کسی قسم کا آلودہ موادنہیں اور وہ کھانے کے لیے محفوظ ہے۔نیشنل فشریز انسٹیٹیوٹ کے افسر کے مطابق ’’اپنے مدمقابل کو کاروبار سے باہر رکھنے کی خواہش رکھنے والے کہیں خود کو کاروبار سے باہر نہ کر لیں‘‘۔ (رون نکسن، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 22 مارچ،صفحہ 12)

## مرغبانی

15 مارچ: ایک مضمون کے مطابق امریکہ کی فوڈ اینڈ ڈرگ ایجنسی (FDA) نے اعتراف کیا ہے کہ مرغی اور مرغابی (Turkey) کی خوراک میں سنکھیا شامل کی جاتی ہے۔ ایسی خوراک کھانے والی مرغی کے گوشت سے انسانوں میں کینسر کا مرض پیدا ہوسکتا ہے۔ ایف ڈی اے (FDA) نے سنکھیا ملی خوراک جو 70 فیصد برائلر مرغیوں کو دی جاتی ہے، پر پابندی عائد کردی ہے۔ (ہارون اکرام گل، دی نیوز، 15 مارچ، صفحہ 27)

16 مارچ: ایک مضمون میں مرغبانی کی صنعت کے حوالے سے لکھا گیا ہے کہ اگر آپ امریکہ میں ایک عدد مرغی پر تشدد کرتے ہوئے پکڑے جائیں تو شاید آپکو گرفتار کر لیا جائے مگر جب صنعت کار ہزاروں مرغیوں کو گرم پانی میں ڈال دیتے ہیں تو بحیثیت صنعت کار ان کی بصیرت کے گن گائے جاتے ہیں۔ امریکی انویسٹی گیشن فارمرسی فار انیملز کے ڈائریکٹر میٹ رائس کا مشاہدہ ہے کہ مویشی، سور اور بھیڑ ذبح کرنے کے وفاقی قوانین تو ہیں لیکن مرغبانی کے حولے سے کوئی قانون نہیں، امریکہ میں ہر سال 700,000 مرغیاں صیح طور پر ذبح نہیں ہوتیں۔ (نکولس کریسٹوف، انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 16 مارچ، صفحہ 7)

## VIII۔ ماحول

### زمین

- جنگلات

1 اپریل: غذائی فصلوں اور اجناس کی تجارت اور ترسیل کرنے والی کمپنی آرچر ڈینیلز مڈلینڈ (Archer Daniels Midland) ان غذائی کمپنیوں کی فہرست میں شامل ہوگئی ہے جو یہ وعدہ کر رہی ہے کہ کمپنی جنگلات، جنہیں پام آئل اور سویا آئل کی بڑھتی ہوئی عالمی طلب نے خطرے میں ڈال دیا ہے، بچانے میں اپنا کردار ادا کرے گی۔ (انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 2 اپریل، صفحہ 13)

- جنگلی حیات

1 فروری: نیپال اور WWF (ڈبلیو ڈبلیو ایف) کے زیر اہتمام ہوئے پانچ روزہ اجلاس میں ماہرین نے کہا ہے کہ چین میں شیر کے اعضاء کی بڑھتی ہوئی مانگ کی وجہ سے ایشیا کے جنگلات میں شیر نایاب ہو رہے ہیں۔ ڈبلیو ڈبلیو ایف کے اہلکار انیل مانندھر نے کہا ہے کہ چین کے اقدامات قابل تعریف ہیں۔ ہمارا مقصد شیر کے غیر قانونی شکار کو ختم کرنے کے ساتھ ساتھ منڈی میں شیر کے اعضاء کی مانگ کو بھی ختم کرنا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 فروری، صفحہ 14)

27 فروری: ایک خبر کے مطابق بین الاقوامی سطح پر تنقید کی وجہ سے چین نے ہاتھی دانت کی درآمد پر ایک سال کے لیے پابندی عائد کردی ہے۔ چین کو تنقید کا نشانہ بنایا جانے کی وجہ ملک میں ہاتھی دانت کی بڑھتی مانگ ہے۔ یاد رہے کہ افریقہ میں گزشتہ تین سالوں کے دوران 100,000 ہاتھیوں کو غیر قانونی طور پر مارا گیا ہے جس کی وجہ سے ہاتھیوں کی تعداد تیزی سے کم ہوتی جارہی ہے۔ ہاتھی دانت کے غیر قانونی کاروبار میں چین کا بڑا کردار ہے۔ سال 2008 میں 68 ٹن ہاتھی دانت چین نے درآمد کیے تھے۔ انوائرمنٹل انویسٹی گیشن ایجنسی (EIA) کے اہلکار سوریش کے مطابق سال 2011 سے 2013 کے دوران پوری دنیا میں 104 ٹن ہاتھی دانت ضبط کیے گئے جو 15,522 ہاتھیوں کو مار کر حاصل کیے گئے تھے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 28 فروری، صفحہ 3)

31 مارچ: ایک خبر کے مطابق جنگلی حیات سے حاصل اشیاء چین لے جانے کے لیے ویتنام لائی جاتی ہیں۔ جنگلی حیات کی غیر قانونی تجارت سے سالانہ 19 بلین ڈالرز کمائے جاتے ہیں۔ اس تجارت میں جنوب مشرقی ایشیا کے تمام ممالک کے علاوہ دیگر ممالک بھی شامل ہیں۔ خود ویتنام میں حیاتیاتی تنوع کا تیزی سے خاتمہ ہورہا ہے۔ ملک میں پائے جانے والے گینڈے تقریباً ختم ہوچکے ہیں اور چیتوں کی نہایت قلیل تعداد بچی ہے۔ اس کے علاوہ پنگولینز (Pangolins) بھی ناپید ہوتے جارہے ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 1 اپریل، صفحہ 8)

## پانی

- آلودگی

1 جنوری: مشرقی چین کی عدالت نے دو کمپنیوں کو پانی میں فضلہ خارج کرنے کی پاداش میں 26 ملین ڈالرز جرمانہ عائد کیا ہے۔ کہا جاتا ہے یہ ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف اپنی نوعیت کا سخت فیصلہ ہے۔ ان کمپنیوں نے جنوری 2012 سے فروری 2013 تک 25,000 ٹن تیزاب روتائی (Rutai) کنال اور دریائے گماگن (Gumagan) میں خارج کیا تھا۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 2 جنوری، صفحہ 3)

13 فروری: یونیورسٹی آف جارجیا کی ایک نئی تحقیق کے مطابق دنیا بھر کے سمندروں میں سالانہ آٹھ ملین ٹن پلاسٹک کا فضلہ ڈالا جاتا ہے اور روک تھام نہ ہونے کی صورت میں اگلے چند عشروں میں سمندروں میں پلاسٹک کا فضلہ بہت زیادہ بڑھ جائے گا۔ اس تحقیق کے محقق جینا جم بیک (Jenna Jambeck) نے کہا ہے کہ سال 2010 میں کم سے کم 4.8 ملین ٹن پلاسٹک کا فضلہ سمندر میں شامل ہوا تھا۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 14 فروری، صفحہ 8)

22 فروری: ایک خبر کے مطابق ٹوکیو میں فوکوشیما نیوکلیئر پلانٹ سے سمندر میں جوہری مواد کے اخراج کا پتہ چلا ہے۔ ٹوکیو الیکٹرک پاور کمپنی (TEPCO) کا کہنا ہے کہ اطراف میں تابکاری معمول سے 70 گنا زیادہ پائی گئی تھی۔ حکام نے مزید اخراج روکنے کے لیے سمندر میں نکلنے والی نکاسی کی لائن کو بند کردیا ہے۔ (ڈان، 23 فروری، صفحہ 12)

- آبی حیات

4 فروری: امریکن یونیورسٹی، لبنان کی سمندری حیات کی ماہر مشعل بیرچھ (Michel Bariche) کا کہنا ہے کہ دھماکے کے ذریعے مچھلیوں کا شکار (blast fishing) دنیا کے مختلف حصوں میں یورپی افواج نے

شروع کیا تھا۔ مختلف ممالک میں اقوام نے اس طرزِ عمل کو جاری رکھا ہوا ہے حالانکہ یہ غیر قانونی ہے۔ کچھ لبنانی مچھیرے مچھلیوں کو دھماکے سے پہلے جمع کرنے کے لیے رات میں مخصوص روشنی کا استعمال کرتے ہیں جس سے دیگر آبی حیات کیکڑے، جھینگے اور لاروے بھی روشنی کی طرف مائل ہوتے ہیں اور ہلاک ہوجاتے ہیں۔ دھماکے مونگے (coral reef) کی چٹانوں اور دیگر آبی حیات کے لیے ہولناک عمل ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 5 فروری، صفحہ 16)

5 فروری: ڈبلیو ڈبلیو ایف اور ایمیریٹس وائلڈ لائف سوسائٹی (EWS) کے زیر اہتمام دبئی میں منعقد تین روزہ اجلاس میں ماہرین نے کہا ہے کہ بحرہ عرب میں وہیل مچھلیاں ختم ہوتی جارہی ہیں اور اس سلسلے میں مقامی سطح پر تحقیق کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ IUCN (آئی یوسی این) کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں وہیل بہت کم تعداد میں پائی جاتی ہے اور اس کا شمار خطرے سے دوچار اقسام میں ہوتا ہے۔ (ڈان، 6 فروری، صفحہ 16)

## فضا

- آلودگی

27 جنوری: امریکی صدر اوبامہ نے بھارت میں اپنے الوداعی خطاب میں حکومت سے کہا ہے کہ وہ دارالحکومت میں آلودگی کو کم کرنے کے لیے اقدامات کرے اور رکازی ایندھن کا استعمال کم سے کم کرکے بین الاقوامی موسمیاتی تبدیلی میں اہم کردار ادا کرے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور امریکہ صاف توانائی کو فروغ دینے کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں گے۔ (انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 28 جنوری، صفحہ 3)

16 فروری: بھارت میں ایک اندازے کے مطابق سالانہ مرنے والے 1.5 ملین افراد کا چھٹا حصہ فضائی آلودگی کی وجہ سے موت کا شکار ہوتا ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق دنیا میں امراض تنفس کی وجہ سے

ہونے والی اموات کی شرح بھارت میں سب سے زیادہ ہے۔ (گارڈینر ہیرس Gardiner Harris، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 16 فروری، صفحہ 3)

23 فروری: شکاگو یونیورسٹی کی حالیہ تحقیق کے مطابق بھارت کی آدھی سے زیادہ آبادی آلودہ فضا میں زندگی گزارتی ہے جس کی وجہ سے ان کی اوسط عمر 3.2 سال کم ہوتی ہے۔ عالمی ادارہ صحت کی گزشتہ سال کی رپورٹ کے مطابق دنیا کے 20 آلودہ ترین شہروں میں سے 13 شہر بھارت میں ہیں جبکہ نئی دہلی کو دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار دیا گیا تھا۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 24 فروری، صفحہ 4)

6 اپریل: ایک تحقیق کے مطابق فضائی آلودگی نہ صرف دنیا میں بسنے والے انسانوں کے لیے خطرناک ہے بلکہ ماں کے پیٹ میں موجود بچے پر بھی اس کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ محققین کے مطابق ڈیزل، مٹی کا تیل اور کوئلے سے پیدا ہونے والی آلودگی سے حاملہ عورتیں اور بچے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 7 اپریل، صفحہ 8)

8 اپریل: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق پوری دنیا میں تقریباً 2.8 بلین افراد لکڑی، مٹی کا تیل اور جانوروں کے گوبر کو بطور ایندھن استعمال کرتے ہیں۔ ان سے پیدا ہونے والے دھویں میں کالے کاربن (Black Carbon) کے ذرات پائے جاتے ہیں جو ماحول اور انسانی صحت کے لیے مضر ہیں۔ یہ ذرات کینسر کی وجہ بھی بنتے ہیں۔ (ڈان، 9 اپریل، صفحہ 15)

## IX۔ موسمی تبدیلی

### عالمی حدت

5 جنوری: محکمہ موسمیات کے مطابق سال 2014 برطانیہ میں 1910 کے بعد گرم ترین سال تھا جو سال 1981 سے 2010 کے دوران ریکارڈ شدہ طویل مدتی اوسط سے بھی 1.1 ڈگری زیادہ تھا۔ اقوام متحدہ کی

موسمیاتی تنظیم ورلڈ میٹرولوجیکل آرگنائزیشن کے مطابق گزشتہ سال دسمبر کے اوائل میں پوری دنیا میں موسمی تبدیلی کی وجہ سے گرمی کی شدت بڑھ گئی تھی۔ (ڈان، 6 جنوری، صفحہ 14)

6 اپریل: سائنسی جنرل نیچر جیو سائنسس (Nature Geoscience) میں چھپنے والی تحقیقی رپورٹ کے مصنف گیری کلارک (Garry Clarke) کے مطابق سال 2100 تک کنیڈا کے پہاڑوں پر موجود گلیشیرز 2005 کے مقابلے میں 70 فیصد کم ہوجائیں گے۔ (دی نیوز، 7 اپریل، صفحہ 11)

## سبز معیشت

- شمسی توانائی

2 جنوری: بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کو درپیش توانائی کے مسائل کو حل کرنے کے لیے شمسی توانائی کے پلانٹ نصب کرنے کی منصوبہ بندی کی ہے۔ نریندر مودی نے خواہش کا اظہار کیا ہے کہ چین، جاپان اور امریکہ اس مد میں بھارت میں سرمایہ کاری کریں۔ انھوں نے کہا کہ سال 2022 تک بھارت شمسی تونائی پر 100 بلین ڈالرز خرچ کرے گا۔ (ڈان، 3 جنوری، صفحہ 4)

## X۔ قدرتی بحران

### زلزلہ

26 اپریل: نیپال میں آنے والے شدید زلزلے کی وجہ سے 2,400 افراد جاں بحق ہوگئے جبکہ زخمیوں کی تعداد ہزاروں میں بتائی جاتی ہے۔ زلزلے کی شدت 7.8 تھی۔ عینی شاہدین کے مطابق زلزلے کے بعد ہسپتالوں میں زخمیوں اور متاثرین کا ہجوم ہے اور ہلاک شدگان کی لاشیں رکھنے کے لیے جگہ نہیں۔ شہروں میں بجلی اور موبائل فون کا نظام منقطع ہے۔ اس سے قبل نیپال میں 1988 میں زلزلہ آیا تھا جس کی شدت 6.8 میگنی ٹیوٹ تھی جس کے نتیجے میں 721 افراد جاں بحق ہوگئے تھے۔ (ڈان، 27 اپریل، صفحہ 14)

27 اپریل: نیپال میں زلزلے کی وجہ سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد 3,800 ہوگئی ہے اور 6,509 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ زلزلے سے لاکھوں افراد متاثر ہوئے ہیں اور ہزاروں نیپالی گھروں کو نقصان پہنچنے کے بعد خیموں میں قیام کرنے پر مجبور ہیں۔ (ڈان، 28 اپریل، صفحہ 16)

28 اپریل: ڈبلیو ایف پی کے مطابق نیپال میں زلزلے سے متاثرہ 1.4 ملین افراد کے لیے اگلے تین مہینوں تک ہنگامی طور پر غذائی امداد کی ضرورت ہے۔ کچھ مقامات پر سڑکیں خراب ہونے کی وجہ سے امداد پہنچانے میں مشکلات درپیش ہیں اور ہیلی کاپٹر کے ذریعے متاثرین تک خوراک پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ نیپال میں زلزلے سے مرنے والوں کی تعداد 5,057 ہو چکی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 29 اپریل، صفحہ 8)

## خشک سالی

17 فروری: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق ایک زمانے میں برازیل میں وافر مقدار میں پانی موجود ہونے کی وجہ سے اسے 'پانی کا سعودی عرب' کہا جاتا تھا مگر اب برازیل کا امیر اور بڑا شہر ساؤ پاؤلو (Sao Paulo) پانی کی قلت کا شکار ہے۔ کہا جاتا ہے کہ برازیل کا جنوب مشرقی حصہ ایک صدی کے اندر خشک سالی کا شکار ہوگا۔ آلودہ دریا، جنگلات کی کٹائی اور بڑھتی آبادی اس مسئلے کو مزید گھمبیر بنا رہی ہے۔ شہر میں جگہ جگہ لوگ اپنے گھروں کے ارد گرد کنویں کھود کر پانی نکال لیتے ہیں اور اپنی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ اسکولوں میں بچے سالن کے بجائے سینڈوچ لے جانے کو ترجیح دیتے ہیں تاکہ برتن دھونے سے پانی ضائع نہ ہو۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 18 فروری، صفحہ 4)

1 اپریل: برازیل میں حکومت نے اعلان کیا ہے کہ کے ملک کے سب سے بڑے شہر ساؤ پاؤلو میں جاری خشک سالی برقرار رہی تو 20 ملین افراد کے لیے شہر میں ہفتے میں دو دن پانی دستیاب ہوگا۔ (اسکوٹ

مور Scott Moore، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 1 اپریل، صفحہ 7)

3 اپریل: ایک مضمون کے مطابق امریکی ریاست کیلی فورنیا میں چار سال سے جاری خشک سالی سردیوں میں کم برفباری کی وجہ سے خطرناک صورت حال اختیار کر گئی ہے۔ ریاست کے گورنر جیری براؤن نے ریاست کی تاریخ میں پہلی بار کم پانی استعمال کرنے کا حکم جاری کیا ہے۔ (ایڈم ناگورنی Adam Nagourney) انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 3 اپریل، صفحہ 6)

## برف باری

14 فروری: بوسٹن، امریکہ میں اس ماہ شدید برف باری ہوئی ہے جسے ماہرین بوسٹن کی تاریخ کی سب سے زیادہ برف باری قرار دے رہے ہیں۔ برف باری سے بوسٹن کی 1,750 پروازیں معطل کر دی گئیں۔ برفانی طوفان کی وجہ سے درجہ حرارت معمول سے 20 سے 30 ڈگری کم ہو گیا ہے۔ (ڈان، 15 فروری، صفحہ 13)

## طوفان

16 مارچ: ون واتو (Vanuatu) میں 320 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے آنے والے طوفان پام (Pam) کو امدادی کام کے لحاظ سے فلپائن کے طوفان ہائیان (Haiyan) سے زیادہ مشکل اور خطرناک قرار دیا جارہا ہے۔ یہ ملک 80 جزیروں پر پھیلا ہوا ہے۔ اگر چہ یہاں کی آبادی کم ہے لیکن تباہی بہت زیادہ ہے۔ طوفان سے یہاں کے 90 فیصد گھروں کو نقصان پہنچا ہے اور درخت ٹوٹ چکے ہیں۔ طوفان سے ہونے والے جانی نقصان کا اندازہ ابھی تک نہیں لگایا جا سکا ہے۔ (ڈان، 17 مارچ، صفحہ 15)

## جنگلی آگ

3 جنوری: آسٹریلیا کے جنوبی حصے میں جنگل میں لگنے والی آگ سے درجنوں گھر متاثر ہوئے ہیں اور تیز ہوا سے مزید علاقے آگ کی لپیٹ میں آرہے ہیں۔ جمعے کے روز 154 ہیکٹر پر لگی اس آگ نے اگلے ہی روز مزید 4,741 ہیکٹر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ (ڈان، 4 جنوری، صفحہ 14)

12 اپریل: روس میں جنوبی سائبریا کے جنگل میں لگنے والی آگ سے چار افراد جاں بحق اور 73 افراد آگ اور دھویں سے زخمی ہوگئے ہیں۔ آگ سے 20 سے زائد گاؤں متاثر ہوئے ہیں۔ ماہرین ماحولیات کا کہنا ہے کہ روس میں جنگل میں آگ لگنے کے واقعات پچھلے کچھ سالوں میں بڑھ گئے ہیں جس کی ایک وجہ بڑھتا ہوا عالمی درجہ حرارت ہے۔ (ڈان، 13 اپریل، صفحہ 13)

## XI۔ مزاحمت

## زمین

19 اپریل: بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی حکومت کی جانب سے زمین کی خریداری سے متعلق قوانین کو آسان بنانے کے خلاف بھارتی حزب اختلاف کے رہنما راہول گاندھی نے نئی دہلی میں کسانوں کے احتجاجی جلسے کی سربراہی کرتے ہوئے کہاہے کہ مودی حکومت کسانوں کو کمزور کررہی ہے تاکہ وہ زمین بیچنے پر مجبور ہو جائیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبون، 20 اپریل، صفحہ 8)

21 اپریل: بھارت کی ریاست مدھیہ پردیش میں بھوپال شہر سے 300 میل دور کسان 11 دنوں سے قریبی ڈیم کی تعمیر کی وجہ سے ان کی زمینوں میں آنے والے پانی میں کھڑے ہیں جو ایک جھیل کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ کسان زمین کی واپسی اور ڈیم میں پانی کی سطح کو فوری کم کرنے کا مطالبہ کررہے ہیں۔
(ڈان، 22 اپریل، صفحہ 14)

## پانی پر ٹیکس

27 مارچ: ایک مضمون کے مطابق آئرلینڈ میں قومی قرضوں کی ادائیگی کے لیے معاشی اصلاحات کا دور ختم ہورہا ہے اور ملکی معیشت یورپ میں سب سے تیزی سے ترقی کررہی ہے اس کے باوجود لوگ پانی پر ٹیکس دینے کی مخالفت کررہے ہیں اور سخت عوامی مزاحمت سامنے آرہی ہے۔ یونان اور اسپین کی طرح آئرلینڈ میں بھی بائیں بازو کی سیاسی پارٹیوں کی مقبولیت بڑھ رہی ہے۔ (سوزن ڈیل (Suzanne Dale)، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 27 مارچ، صفحہ 6)

# XII۔ بیرونی امداد

## عالمی بینک

28 فروری: عالمی بینک اور سارک ڈیولپمنٹ فنڈ (SDF) نے فیصلہ کیا ہے کہ پاکستان سمیت آٹھ سارک ممالک میں ''سوشل انٹر پرائز ڈیولپمنٹ پروگرام'' بنانے اور چلانے کے لیے کئی سالوں پر محیط شراکت داری قائم کی جائے گی۔ اس منصوبے کے تحت غریب ترین لوگ، جن میں چھوٹے کسان اور گھریلو مزدور بھی شامل ہیں، تک بنیادی سہولتیں پہنچانے کے لیے 100 سماجی تنظیموں کو 100,000 ڈالرز سے 250,000 ڈالرز فی تنظیم کے حساب سے امداد ملے گی۔ (ڈان، 1 مارچ، صفحہ 10)

## یو کے ایڈ

27 مارچ: ایک مضمون کے مطابق افریقہ میں نیو الائنس فار فوڈ سیکورٹی اور نیوٹریشن کے ذریعے یو کے ایڈ 600 ملین پاؤنڈز کی امداد سے بڑی تجارتی کمپنیوں کو ان کے منافع میں اضافے کا موقع فراہم کررہی ہے۔ اس امداد کے بدلے افریقی ممالک کو اپنے قوانین تبدیل کرنے کو کہا جارہا ہے تاکہ ان کمپنیوں کو زرعی زمین کے حصول، بیج کی ترسیل پر اختیار اور زرعی پیداوار برآمد کرنے میں آسانی ہو۔ یقیناً افریقہ کے کسانوں کو بہت طاقت ور گروہ کا سامنا ہے جس میں بل گیٹس فاؤنڈیشن کے مفادات مونسانٹو کے

ساتھ جڑے ہوئے ہیں اور مونسانٹو کو امریکی اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کی پشت پناہی اور یو ایس ایڈ کی مدد حاصل ہے۔ (کولن ٹوڈ ہنٹر (Colin Todhunter)، دی نیوز، 27 مارچ، صفحہ 6)

# روٹس فار ایکوٹی کا تعارف

روٹس فار ایکوٹی استحصال کا شکار اور پسماندہ آبادیوں کے مسائل کو سامنے لانے میں سرگرداں ہے۔ ان شہری اور دیہی علاقوں میں بسنے والی مذہبی اقلیتیں، عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں۔ ان مسائل کے حل کے لیے روٹس ایسی راہ ہموار کرنے پر یقین رکھتی ہے، جس سے آبادیاں اپنے معاشی، سماجی، اور سیاسی حقوق کو سمجھتے ہوئے بین الاقوامی انسانی حقوق کے معاہدوں کے مطابق بہتر معیار کا مطالبہ کر سکیں۔

روٹس فار ایکوٹی نے ابتداء ہی سے اپنی توجہ اسٹرکچرل ایڈجسٹمنٹ پروگرام، ڈبلیو ٹی او اور دوسرے آزاد منڈی کے نیولبرل معاہدوں سے دیہی آبادیوں پر مرتب ہونے والے اثرات کو سمجھنے میں کوشاں ہے۔ اس پس منظر میں ادارہ بنیادی طور پر تین سطحوں پر کام کرتا ہے۔

1۔ عالمگیریت کے اثرات اور مسائل پر عملی تحقیق۔

2۔ مقامی، قومی اور عالمی سطح پر باشعور مزاحمت کے لیے مختلف طرح کے لائحہ عمل مثلاً تحقیق، تصانیف اور بین الاقوامی رابطہ کاری سے مقامی آبادیوں کو متحرک کرنا اور اس کے ذریعے مزاحمت کو بڑھانا۔

3۔ وہ آبادیاں جو جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کے معاشی، سیاسی اور سماجی تلخیاں جھیل رہی ہیں ان کو براہ راست مدد فراہم کرنا۔

ان تین طریقوں سے کام کرتے ہوئے روٹس فار ایکوٹی نے کامیابی کے ساتھ مقامی آبادیوں کے ساتھ صحت مندانہ روابط قائم کیے ہیں۔

پاکستان میں تبدیلی کے لیے سب سے ضروری بات یہ ہے کہ ملک کی معاشی و معاشرتی ترقی عوام کے گرد ہو۔ یہ بنیادی تبدیلی آبادیوں کو متحرک کیے بغیر ممکن نہیں۔ روٹس فار ایکوٹی یہ پختہ یقین رکھتی ہے کہ سماجی شعور اور سیاسی طور پر بیدار آبادیاں ہی اپنے لیے سماجی اور معاشی انصاف حاصل کر سکتی ہیں۔ روٹس مقامی آبادیوں کے ساتھ مل کر سیاسی، معاشرتی اور معاشی انصاف کی جدوجہد پر پختہ یقین رکھتی ہے۔

اشاعت: روٹس فار ایکوٹی

تعاون: میزریور